★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | جمعرات 26 صفر المظفر 1447ھ، 21 اگست 2025ء 5 بھادوں 2082 پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 267

وزیراعلیٰ پنجاب جاپان کے سینئر اسٹیٹ منسٹر ملاقات، اہم فیصلے

پاکستان اور جاپان کا تجارت اور سرمایہ کاری میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

ٹریفک کنٹرول روم کے کام اور استعمال ہونیوالی ٹیکنالوجی کے بارے میں تفصیلی بریفنگ، ٹوکیو کو ''انفراریڈ ٹیکنالوجی'' استعمال کرنے والا پہلا شہر ہونے کا اعزاز حاصل

پہلے مرحلے میں لاہور میں پائلٹ پراجیکٹ شروع کیا جائیگا، وزیراعلیٰ مریم نواز دورہ جاپان سے واپسی پر منصوبے پر باضابطہ عملدرآمد کا آغاز کرینگی

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ٹوکیو کے جدید ترین ٹیکنالوجی کے شاہکار ٹریفک کنٹرول مرکز کا دورہ کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو ٹریفک کنٹرول روم کے کام اور استعمال ہونے والی ٹیکنالوجی کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ ٹریفک کنٹرول اور مانیٹرنگ کے لئے، ٹوکیو کو ''انفراریڈ ٹیکنالوجی'' استعمال کرنے والا پہلا شہر ہونے کا اعزاز حاصل ہے۔ ٹوکیو میں ٹریفک کنٹرول اور مانیٹرنگ کے لئے سی سی ٹی وی کیمروں اور سڑک (بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد: وزیراعظم کے معاون برائے تجارت، رانا احسان افضل خان، آذربائیجان کے سفیر کی ملاقات

راشد منہاس شہید کی عظیم قربانی ہمت اور فرض سے لگن کی اعلیٰ روایات کا مظہر ہے، وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے پائلٹ آفیسر راشد منہاس (نشان حیدر) کی برسی پر اپنے پیغام میں شہید (بقیہ نمبر 2)

پاکستان کی بقا مزید صوبوں اور متناسب نمائندگی کے نظام میں ہے، خرم نواز گنڈاپور

وقت آ گیا نام نہاد جمہوری نظام کی اس متعفن لاش کو بلا جنازہ دفن کر دیا جائے، گفتگو

15 سال قبل نئے صوبے بنانے کا ایک قابل عمل ورکنگ پیپر قوم کے سامنے رکھا تھا: ڈاکٹر طاہر القادری

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان عوامی تحریک کے سیکرٹری جنرل خرم نواز گنڈاپور نے کہا ہے کہ پاکستان کی بقا مزید انتظامی صوبوں کی تشکیل اور متناسب نمائندگی کے نظام میں (بقیہ نمبر 6)

وزیراعظم شہباز شریف، کابینہ کے وزراء، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر این آئی (ایم) ایچ جے اور سینئر حکام کو بونیر میں جاری امدادی سرگرمیوں کے بارے میں بریفنگ دی جا رہی ہے

وزیراعظم، فیلڈ مارشل کا دورہ بونیر، سیلاب متاثرین میں چیک تقسیم، مدد کی یقین دہانی

آئندہ اس طرح کے واقعات کے سد باب کیلئے خطرناک جگہوں پر تعمیرات کو روکنا ہوگا، ب متاثرین کے ساتھ ہر ممکن تعاون کے لئے پرعزم ہیں' شہباز شریف

خیبر پختونخوا میں بارشوں سے 377 افراد جاں بحق، 355 گھر تباہ، بونیر میں 228 ہلاکتیں، 182 افراد زخمی، حادثات سوات، بونیر، باجوڑ، مانسہرہ، شانگلہ، دیر لوئر، بٹگرام میں ہوئے

بونیر (یو این پی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ شمالی علاقوں میں گزشتہ چند روز کے واقعات پر پوری قوم اشکبار ہے، انسانی جانوں کے ضیاع سے بڑھ کر دکھ کی کوئی اور بات نہیں ہوسکتی، پاک افواج اور سول انتظامیہ کے ریسکیو آپریشنز کو سراہتے ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے (بقیہ نمبر 4)

دنیا فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی کامیاب ڈپلومیسی کی معترف ہوگئی، واشنگٹن پوسٹ

پاکستان کی کامیاب سفارت کاری کی بدولت پاک امریکا تعلقات نئی بلندیوں پر پہنچ گئے ہیں، رپورٹ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی روزنامہ واشنگٹن پوسٹ نے کہا ہے کہ پاکستان کی کامیاب سفارت کاری کی بدولت پاک امریکا تعلقات نئی بلندیوں پر پہنچ گئے، پاک امریکا تعلقا (بقیہ نمبر 9)

مقبوضہ علاقوں میں جنسی تشدد بدترین جرم، اقوام متحدہ فوری کارروائی کرے، عاصم افتخار

پاکستان کا جنوبی سوڈان کی بگڑتی صورتحال پر اظہار تشویش، امن معاہدے پر زور

2018ء کے تجدید شدہ امن معاہدہ ہی امن کی بنیاد ہے اور اس کی خلاف ورزی موجودہ بحران کو مزید گہرا کر سکتی ہے، عاصم افتخار

نیویارک (این این آئی) پاکستان نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں جنوبی سوڈان کی بگڑتی ہوئی سیاسی و سلامتی کی صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل سفیر عاصم افتخار احمد نے جنوبی سوڈان کی صورتحال پر سلامتی کونسل کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 2018ء کے تجدید شدہ امن معاہدہ ہی امن کی بنیاد ہے اور اس کی خلاف ورزی موجودہ بحران کو مزید گہرا کر سکتی ہے، انہوں نے فوری طور پر جنگ (بقیہ نمبر 5)

یوکرین میں امریکی فوج نہیں بھیجیں گے، ٹرمپ کا اعلان

یورپی رہنماؤں نے امن کے کسی بھی ممکنہ معاہدے کے لیے تیاریاں تیز کر دی ہیں، بیان

پوٹن نے زیلنسکی سے ملاقات پر رضامندی ظاہر کی ہے

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے واضح کیا ہے کہ یوکرین میں کسی بھی ممکنہ امن معاہدے کی صورت میں امریکہ اپنی فوج نہیں بھیجے گا، تاہم فضائی مدد فراہم کی جا سکتی ہے۔ ٹرمپ نے دعویٰ کیا کہ پوٹن نے زیلنسکی سے ملاقات پر رضامندی ظاہر کی ہے اور کچھ مغر (بقیہ نمبر 3)

مریم نواز کی جاپان کو پنجاب میں ہائبرڈ کاروں کی تیاری اور اسمبلنگ کی دعوت

ٹوکیو (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے جاپان کو ہائبرڈ کاروں کی پنجاب میں تیاری اور اسمبلنگ کی دعوت دیدی۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے ٹوکیو میں کارساز کمپنی کے ہیڈ کوارٹر کا دورہ کیا جس دوران انہوں نے کارساز کمپنی کے ایگزیکٹو وائس پریذیڈنٹ سے ملاقات کی، (بقیہ نمبر 8)

وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار اور افغانستان کے قائم مقام وزیر خارجہ مولوی امیر خان متقی سے کابل میں ملاقات

پینے کے صاف پانی کی دستیابی صرف ایک ترقیاتی ہدف نہیں، ہر شہری کا بنیادی حق ہے، چیئرمین سینیٹ

سینیٹ آف پاکستان بطور ایوان وفاق ہر اس کوشش کی مکمل حمایت کرتا ہے جو عوامی فلاح و بہبود کو مقدم رکھتی ہے، یوسف رضا گیلانی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ پینے کے صاف پانی کی دستیابی صرف ایک ترقیاتی ہدف نہیں بلکہ ہر شہری کا بنیادی حق ہے اور یہ اقدام عوام کو (بقیہ نمبر 10)

صوابی کلاؤڈ برسٹ اور لینڈ سلائیڈنگ سے گرنے والے مکانات سے 29 لاشیں برآمد ہو گئیں

8 لاشیں پیر کو ملیں، مزید 15 لاشیں منگل کو برآمد ہوئیں اور بدھ کو آپریشن کے دوران 6 لاشیں مزید نکالی گئیں

صوابی (این این آئی) خیبر پختونخوا کے ضلع صوابی کے گاؤں دالوری میں کلاؤڈ برسٹ اور لینڈ سلائیڈنگ سے گرنے سے والے مکانات کے ملبے سے ریسکیو اہلکاروں نے مزید 6 لاشیں برآمد کرلیں۔ یہ گاؤں ہے حالیہ کلاؤڈ برسٹ سے شدید متاثر ہوا، 40 لاپتا افراد کی تلا (بقیہ نمبر 13)

وزیراعظم اور فیلڈ مارشل سیلاب زدہ علاقوں کا دورہ کرنے پہنچ گئے

سوات (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر سیلاب زدہ علاقوں کے دورے پر نکل پڑے۔ وزیراعظم (بقیہ نمبر 11)

بھارت روسی تیل کی خریداری میں منافع خوری کر رہا ہے، امریکا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی وزیر خزانہ اسکاٹ بیسنٹ نے کہا ہے کہ بھار (بقیہ نمبر 12)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے پیٹرولیم علی پرویز ملک سے امریکی ناظم الامور محترمہ نٹالی اے بیکر ملاقات کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف جاپان کے سینئر سٹیٹ منسٹر برائے خارجہ امور مایا جی ٹاکو ماسے ملاقات کر رہی ہیں

وائٹ ہاؤس نے ٹک ٹاک پر اکاؤنٹ بنالیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکا میں پابندی کے خدشات اور متنازع قانون کے باوجود وائٹ ہاؤس نے باضابطہ طور پر ٹک ٹاک پر (بقیہ نمبر 18)

وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کا مون سون بارشوں کے دوران متعلقہ اداروں کو ہائی الرٹ رہنے کا حکم

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے مون سون بارشوں \ (بقیہ نمبر 19)

چیف جسٹس

عمران خان ضمانت کیس، فیملی کو عدالت میں بات کرنیکی اجازت نہیں دی جاسکتی

سماعت کل ہی رکھی جا رہی ہے اور کل صورتحال دیکھ لی جائے گی استغاثہ کو یہ وضاحت دینا ہوگی کہ لاہور ہائی کورٹ کا ضمانت خارج کرنے کا فیصلہ کیسے برقرار رہ سکتا ہے، ریمارکس

اسپیشل پراسیکیوٹر ذوالفقار نقوی کو فوڈ پوائزننگ ہوگئی ہے جس کے باعث وہ اسپتال میں زیر علاج ہیں اور آج عدالت میں پیش نہیں ہو سکے: معاون وکیل

اسلام آباد (این این آئی) بانی چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی ضمانت کی درخواستوں پر سماعت چیف جسٹس آف پاکستان کی زیر سربراہی سپریم کورٹ کے 3 رکنی بینچ نے کی۔ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کے علاوہ بینچ میں جسٹس محمد شفیع صدیقی اور جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب شامل تھے۔ دوران سماعت معاون وکیل نے عدالت کو آگاہ کیا کہ کیس کے اسپیشل پراسیکیوٹر ذوالفقار نقوی کو فوڈ پوائزننگ ہوگئی ہے جس کے باعث وہ اسپتال میں زیر علاج ہیں اور آج عدالت میں پیش نہیں ہو سکے۔ معاون وکیل نے استدعا کی کہ کیس کی سماعت آئندہ ہفتے تک ملتوی کی جائے، تاہم چیف جسٹس نے ریمارکس دیے کہ سماعت کل ہی رکھی جا رہی ہے اور کل صورتحال دیکھ لی جائے گی۔ بانی پی ٹی آئی کے وکیل سلمان صفدر نے دلائل دیتے ہوئے کہا کہ لاہور ہائی کورٹ نے ان کے موکل کی ضمانت گزشتہ سال نومبر میں خارج کی تھی۔ یہ مقد (بقیہ نمبر 14)

آسٹریلیا کے وزیراعظم کو کمزور قرار دینے پر نیتن یاہو کو تنقید کا سامنا

یہ غصے کا اظہار کرنے والے ایک مایوس لیڈر کی نشانی ہے، آسٹریلوی وزیر خارجہ

کینبرا (این این آئی) آسٹریلیا نے بدھ کے روز اسرائیلی رہنما بنجمن نیتن یاہو کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے جنہوں نے آسٹریلیا کے وزیراعظم کو کمزور قرار دیا۔ آسٹریلیا کے ایک اہم وزیر نے (بقیہ نمبر 21)

دبئی، 25 ملین ڈالرز کا نایاب گلابی ہیرا چوری، اسمگل کی کوشش ناکام

دبئی (این این آئی) دبئی پولیس نے 25 ملین ڈالرز کے نایاب گلابی ہیرے کی چوری کو ناکام بنا دیا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے (بقیہ نمبر 20)

طوفانی بارش نے کراچی کو ڈبو دیا، حادثات میں 11 افراد جاں بحق، عام تعطیل

کراچی میں شارع فیصل، یونیورسٹی روڈ، آئی آئی چندریگر روڈ سمیت شہر کی بڑی سڑکیں ڈوب گئیں

بے بس شہری، گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کو دھکے لگاتے لگاتے سڑکوں پر رل گئے

کراچی (این این آئی) کراچی میں موسلا دھار بارش نے شہر کو ڈبو دیا جس کے باعث شہر میں اربن فلڈنگ کی صورتحال پیدا ہوچکی (بقیہ نمبر 17)

گورنر سندھ کی میئر کراچی مرتضیٰ وہاب کو ملکر کام کرنے کی پیشکش

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے کہا کہ کراچی میں بارش کے بعد صورتحال انتہائی خراب ہے، شہر پانی میں ڈوبا ہوا ہے۔ گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ دنیا کے کسی میگا سٹی میں (بقیہ نمبر 16)

عمران خان نے محمود اچکزئی کو قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر کیلئے نامزد

سینیٹ میں قائد حزب اختلاف کیلئے نامزدگی پر مزید مشاورت کی ہدایت' اعظم سواتی اٹک کے سب سے مضبوط امیدوار

اسلام آباد (این این آئی) بانی پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) عمران خان نے اپوزیشن اتحاد کے سربراہ محمود خان اچکزئی کو قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر کیلئے نامزد کر دیا۔ ذرائع کے (بقیہ نمبر 15)

پنجاب بطور بڑا بھائی خیبر پختونخوا، سندھ کے عوام کے ساتھ کھڑا ہے: عظمیٰ بخاری

عظمیٰ بخاری کا خیبر پختونخواہ، سندھ میں سیلاب و بارشوں سے جانی و مالی نقصانات پر اظہار افسوس، مریم نواز دونوں صوبائی حکومتوں کیساتھ ہر ممکن تعاون کیلئے تیار ہیں

اگر خیبر پختونخواہ یا سندھ حکومت کو کسی بھی قسم کی مدد یا معاونت درکار ہو تو پنجاب حکومت ہر سطح پر امداد کے لیے تیار ہے' وزیر اطلاعات

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے خیبر پختونخواہ اور سندھ میں حالیہ بارشوں اور سیلابی صورتحال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخواہ میں بارشوں کے نتیجے میں جانی و مالی نقصان اور کراچی میں نظامِ زندگی کے مفلوج ہونے پر پنجاب حکومت کو شدید تشویش ہے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ پنجاب، بطور بڑا بھائی، مشکل کی اس گھڑی میں (بقیہ نمبر 22)

پنجاب میں وائلڈ لائف کا آپریشن، متعدد غیر قانونی شکاری گرفتار

قصور، جھنگ، میانوالی سمیت مختلف اضلاع میں کارروائیاں، ملزمان گرفتار اور جنگلی پرندے آزاد

وائلڈ لائف ٹیموں نے بھکر، اٹک اور ڈی جی خان میں کامیاب چھاپے مار کر پرندے بازیاب

لاہور (زیڈ این این) سینئر وزیر مریم اورنگزیب اور سیکرٹری جنگلات، جنگلی حیات و ماہی پروری پنجاب مدثر ریاض ملک کی ہدایت پر صوبے بھر میں چیف وائلڈ لائف رینجر مبین الٰہی کی زیر قیادت غیر قانونی شکار، کاروبار اور قبضہ کے خلاف سخت کریک ڈاؤن جاری ہے۔ اس دوران قصور، جھنگ (بقیہ نمبر 23)

لاہور: حالیہ بارشوں کے بعد دریائے راوی میں پانی کی سی معمول سے بلند نظر آرہی ہے

پنجاب اسمبلی میں جھگڑے کے بعد سپیکر کی صلح کروانے کی کوششیں تیز

خالد نثار ڈوگر اور حسان ریاض آئندہ اجلاس میں باقاعدہ صلح پر متفق، اپوزیشن کے تین ارکان کی بحالی متوقع

لاہور (زیڈ این این) پنجاب اسمبلی میں لڑائی جھگڑے کے معاملے پر سپیکر ملک محمد احمد خان نے فریقین کے درمیان صلح کروانے کی کوششیں تیز کر دی ہیں۔ اسمبلی ذرائع کے مطابق خا (بقیہ نمبر 33)

لاہور: آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور اور دیگر سینئر افسران کا انسپکٹر رینک پر پرموٹ ہونے والے افسران کے ہمراہ گروپ فوٹو

چین کی فریقین سے یوکرین بحران کے حل کیلئے امن مذاکرات میں شامل ہونے کی اپیل

بیجنگ (این این آئی) چین نے تمام فریقین سے یوکرین بحران کے حل کیلئے امن مذاکرات میں شامل ہونے کی اپیل کر دی۔ عالمی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق چین نے یوکرین بحران (بقیہ نمبر 32)

گورنر سندھ نے بارش میں بند گاڑیوں کو دھکا لگا کر سٹارٹ کرایا

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے کراچی میں بارش سے متاثرہ علاقوں کا پیدل دورہ کیا اور بارش میں بند (بقیہ نمبر 31)

پائلٹ آفیسر راشد منہاس کا 54واں یوم شہادت منایا گیا

راولپنڈی (این این آئی) پائلٹ آفیسر راشد منہاس نشانِ حیدر کی آج 54 و (بقیہ نمبر 30)

الخدمت فاؤنڈیشن کے رضا کار سیلاب متاثرین میں صاف پانی اور جوس کی بوتلیں تقسیم کرنے جا رہے ہیں

محکمہ موسمیات کی 22 اگست تک سندھ اور بلوچستان میں شدید بارشوں کی پیشگوئی

کراچی، ٹھٹھہ، مٹھی، تھرپارکر، عمرکوٹ، میرپور، حیدرآباد، شہید بینظیر آباد، بدین، سجاول، ٹنڈو الہیار، ٹنڈو محمد خان میں بہت تیز بارش متوقع

، گوجرانوالہ، سیالکوٹ، لاہور، ڈیرہ، ملتان اور راجن پور میں ہلکی سے درمیانی بارش کا امکان

اسلام آباد (این این آئی) محکمہ موسمیات نے 22 اگست تک سندھ، بلوچستان اور ملک کے دیگر حصوں میں شدید مون سون بارشوں کی پیشگوئی کرتے ہوئے متعلقہ اداروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت کر دی ہے۔ میڈیا ذرائع کے مطابق محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ بحیرہ عرب اور خلیج بنگال س (بقیہ نمبر 27)

دریاؤں میں پانی کی سطح بلند، بند ٹوٹنے سے فصلیں اور بستیاں متاثر

دریائے ستلج میں پاکپتن کے علاقے ملک بہاول کے قریب حفاظتی بند ٹوٹنے سے دریا کا پانی دھان اور دیگر فصلوں میں داخل ہو گیا

عارف والا میں نچلے درجے کی سیلابی صورتحال مسلسل برقرار، بستی مینگل، فرید نگر اور دیگر چھوٹی بستیاں پانی کی لپیٹ میں آ گئیں

لاہور / پاکپتن / عارف والا / قصور (این این آئی) حالیہ بارشوں کے باعث دریاؤں میں پانی کی سطح مسلسل بلند ہونے سے پنجاب (بقیہ نمبر 24)

یوکرین میں امریکی فوج نہیں بھیجیں گے، ٹرمپ کا اعلان

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے واضح کیا ہے کہ یوکرین میں کسی بھی ممکنہ امن معاہدے کی صورت میں امریکا اپنی فوج نہیں بھیجے گا تاہم فضائی مدد فراہم کی جا سکتی ہے۔ ٹرمپ کا یہ بیان اس وقت سامنے آیا جب انہوں (بقیہ نمبر 26)

انسداد دہشت گردی قانون جمہوریت پر شب خون ہے، حافظ نعیم الرحمٰن

مقتدرہ کی حمایت سے مسلط پیپلز پارٹی، ایم کیو ایم کراچی اور اس کے عوام کی دشمن ہیں

ہمارے ہاں مسلک اور قوم پرستی کی کوئی جگہ نہیں، منصورہ میں تربیت گاہ سے خطاب

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے انسداد دہشت گردی کے قانون کو کلی طور پر مسترد کرتے ہوئے اسے جمہوریت پر ایک اور شب خون قرار دیا ہے۔ منصورہ میں تربیت گاہ کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 26ویں ترمیم کے بعد ملک میں عدالتی نظام ناکارہ (بقیہ نمبر 25)

وزارت صحت کے فیصلے براہ راست انسانی زندگیوں پر اثر انداز ہوتے ہیں، مصطفیٰ کمال

تمام جاری منصوبوں کو ترجیحی بنیادوں پر اور مقررہ وقت میں مکمل کیا جائے گا، سید مصطفیٰ کمال کا اظہار خیال

پاکستان جو دنیا کا پانچواں سب سے زیادہ آبادی والا ملک ہے، کو اپنی آبادی میں اضافے کی شرح کو کم کرنے کے لئے موثر حکمت عملی اپنانا ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ وزارت صحت کے فیصلے براہ راست انسانی زندگیوں پر اثر انداز ہوتے ہیں لہٰذا تمام جاری منصوبوں کو ترجیحی بنیادوں پر اور مقررہ وقت میں مکمل کیا جائے گا، پاکستان جو دنیا کا پانچواں سب سے زیادہ آبادی والا ملک ہے، کو اپنی آبادی میں اضافے کی شرح کو کم کرنے کے لئے موثر حکمت عملی اپنانا ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے وزارت قومی صحت کے اعلیٰ سطح کا (بقیہ نمبر 29)

مکمل قبضے کا منصوبہ، اسرائیل نے اضافی فوجیوں کو طلبی کے احکامات بھیج دیئے

متعدد اسرائیلی اضافی فوجیوں کو طلبی آرڈرز موصول، غزہ پر قبضے کی کارروائی کی تیاری کا حکم

تقریباً دو برس سے جاری جنگ نے اسرائیلی عوامی جذبات کو کس قدر بدل دیا ہے

غزہ (این این آئی) غزہ کی پٹی وقت کے ساتھ دو انتہاؤں کے درمیان جھول رہی ہے، ایک طرف جنگ بندی کی کوششیں اور دوسری طرف لڑائی کے پھیلنے کا خدشہ، جہاں ثالثی فریق اسرائیلی جواب کے منتظر ہیں جو نئی جنگ بندی کی تجویز کے حوالے سے دیا جانا ہے، وہیں اسرائیلی اضافی فوجیوں کو طلبی کے احکامات موصول ہونا شروع ہو گئے ہیں۔ اسرائیلی میڈیا کے مطابق متعدد اضافی فوجیوں کو طلبی کے احکامات دیے گئے ہیں تاکہ غزہ شہر پر قبضے کی کارروائی کی تیاری کی جا سکے۔ رپورٹ میں مزید بتایا گیا (بقیہ نمبر 28)

لاہور: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن منصورہ میں مرکزی تربیت گاہ کے شرکا سے خطاب کر رہے ہیں



روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

سٹی نیوز

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	4:00
فجر	4:30
ظہر	1:30
عصر	5:00
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	8:30

فقہ جعفریہ
فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال
111-809-809

سروسز ہسپتال لاہور
99203407-25

میو ہسپتال لاہور
9921110-6

جنرل ہسپتال لاہور
99284092-8

پی آئی سی لاہور
111-786-786

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق اور سیکرٹری صحت عظمت محمود خان محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں نواز شریف میڈیکل ڈسٹرکٹ کے حوالے سے اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

صوبائی وزیر صحت وسیکرٹری صحت کی زیر صدارت محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر میں نواز شریف میڈیکل ڈسٹرکٹ کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد

اجلاس کے دوران نواز شریف میڈیکل ڈسٹرکٹ کے پراجیکٹ کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

حکومت نے صحت کے شعبہ میں اربوں روپوں کے انقلابی اور تاریخی پراجیکٹس لانچ کئے ہیں۔ خواجہ سلمان رفیق

حکومت پنجاب صوبہ بھر میں عوام کی سہولت کی خاطر نئے سرکاری ہسپتالوں کا جال بچھا رہی ہے وزیر صحت

متعلقہ افسران نواز شریف میڈیکل ڈسٹرکٹ کے پراجیکٹ کو مسلسل مانیٹر کر رہے ہیں۔ عظمت محمود خان سیکرٹری صحت

لاہور (خبرنگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق اور سیکرٹری صحت عظمت محمود خان کی زیر صدارت محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں نواز شریف میڈیکل ڈسٹرکٹ کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سپیشل سیکرٹری ڈویلپمنٹ ذیشان شبیر رانا، سپیشل سیکرٹری آپریشنز طارق محمود رحمانی، وائس چانسلر کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر محمود ایاز، وائس چانسلر یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز پروفیسر احسن وحید راٹھور، چیف پلاننگ آفیسر عبدالحق بھٹی، پرنسپل علامہ اقبال میڈیکل کالج پروفیسر طیبہ وسیم، ایڈیشنل سیکرٹری امیر محمد، پروفیسر عنبرین انور، ڈاکٹر ممریز، آئی ڈیپ کے افسران و دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں وڈیو لنک کے ذریعے وائس چانسلر یونیورسٹی آف چائلڈ ہیلتھ سائنسز پروفیسر مسعود صادق نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران نواز شریف میڈیکل ڈسٹرکٹ کے پراجیکٹ کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ سیکرٹری صحت عظمت محمود خان نے پراجیکٹ پر تازہ پیش رفت کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق حکومت نے صحت کے شعبہ میں اربوں روپوں کے انقلابی اور تاریخی پراجیکٹس لانچ کئے ہیں۔ نواز شریف میڈیکل ڈسٹرکٹ پراجیکٹ کے تحت لاہور میں چلڈرن ہسپتال 2 اینڈ انسٹی ٹیوٹ آف جنیٹک اینڈ بلڈ ڈیزیز، انسٹی ٹیوٹ آف سرجیکل، آرتھوپیڈک اینڈ میڈیکل ری ہیبلیٹیشن، سنٹر آف ایکسی لینس فار نرسنگ ایجوکیشن، سپیشلائزڈ میڈیکل ہسپتال، 1000 بستروں پر مشتمل کارڈیک ہسپتال، میڈیکل یونیورسٹی اور اسٹیٹ آف دی آرٹ ڈائیگناسٹک لیب بنائی جائے گی۔ آئی ڈیپ کو صحت کے تمام نئے پراجیکٹس پر تیزی سے کام شروع کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ حکومت پنجاب صوبہ بھر میں عوام کی سہولت کی خاطر نئے سرکاری ہسپتالوں کا جال بچھا رہی ہے۔ عوام کو ان کی دہلیز پر صحت کی بہترین سہولیات کی فراہمی وزیر اعلیٰ پنجاب کی اولین ترجیح ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف چاہتی ہیں کہ عوام کو صحت کی سہولیات میں کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ صوبائی سیکرٹری محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن عظمت محمود خان نے کہا کہ متعلقہ افسران نواز شریف میڈیکل ڈسٹرکٹ کے پراجیکٹ کو مسلسل مانیٹر کر رہے ہیں۔

محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر میں چیف منسٹرز چلڈرن ہارٹ سرجری پروگرام کے حوالہ سے اجلاس منعقد

لاہور (خبرنگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق اور سیکرٹری صحت عظمت محمود خان کی زیر صدارت محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں چیف منسٹرز چلڈرن ہارٹ سرجری پروگرام کے حوالہ سے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ [illegible] ایڈیشنل سیکرٹری ٹیکنیکل ڈاکٹر محمد وسیم اور ایم ایس چلڈرن ہسپتال لاہور پروفیسر ٹیپو سلطان سمیت دیگر افسران نے شرکت کی۔ وڈیو لنک کے ذریعے راولپنڈی انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی، وزیر آباد انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی، ایگزیکٹو ڈائریکٹر چوہدری پرویز الٰہی انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی ملتان، فیصل آباد انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی و دیگر حکام نے شرکت کی۔ خواجہ سلمان رفیق کو اجلاس کے دوران مانیٹرنگ فریم ورک، سروس ڈیلیوری اور مریضوں کی سہولت کی خاطر اٹھائے گئے اقدامات بارے بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کے دوران چیف منسٹرز چلڈرن ہارٹ سرجری پروگرام کے حوالہ سے پبلک فیڈبیک پر مبنی سپیشل مانیٹرنگ یونٹ کی رپورٹ کا بھی جائزہ لیا گیا۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق [illegible] پینلڈ ہسپتالوں میں مریضوں کو زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کی جائیں۔ ام پینلڈ ہسپتالوں میں مریضوں کو درپیش مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ چیف منسٹرز چلڈرن ہارٹ سرجری پروگرام کے تحت اب تک صوبہ بھر میں الحمدللہ 6 ہزار سے زائد معصوم بچوں کی بالکل مفت ہارٹ سرجری کر چکے ہیں۔ پنجاب کی عوام کو صحت کی بہترین سہولیات فراہم کرنے کیلئے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

خواجہ سلمان رفیق کا پی ڈی ایم اے ہیڈ آفس کا دورہ

پی ڈی ایم اے پنجاب 24 گھنٹے دریاؤں کی صورتحال کی مانیٹرنگ کر رہا ہے۔ خواجہ سلمان رفیق

لاہور (خبرنگار) صوبائی وزیر صحت وچیئرمین [illegible] دریائے سندھ، دریائے جہلم اور دریائے چناب میں پانی کے بہاؤ کی تازہ صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے نے صوبائی وزیر خواجہ سلمان رفیق کو بریفنگ دی۔ اس موقع پر صوبائی وزیر خواجہ سلمان رفیق نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم اے پنجاب 24 گھنٹے دریاؤں کی صورتحال کی مانیٹرنگ کر رہا ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر صوبہ بھر میں تمام متعلقہ اداروں سے کوآرڈینیشن میں ہیں۔ متاثرہ علاقوں میں عوام کی سہولت کی خاطر ریسکیو اہلکار و دیگر محکمہ جات فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔ ضلعی انتظامیہ سمیت دیگر تمام متعلقہ اداروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت کی گئی ہے

ٹرمپ، زیلنسکی اور یورپی رہنماؤں کے وائٹ ہاؤس میں کثیر جہتی مذاکرات

واشنگٹن (شنہوا) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ، یوکرینی صدر وولودیمیر زیلنسکی اور 7 یورپی رہنماؤں نے وائٹ ہاؤس میں کثیر جہتی مذاکرات کئے ہیں۔ ان مذاکرات میں نیٹو کے سیکرٹری جنرل مارک روٹے، یورپی کمیشن کی صدر ارسولا وان ڈیر لی یین، برطانوی وزیر اعظم کیئر اسٹارمر، اطالوی وزیر اعظم جیورجیا میلونی، فن لینڈ کے صدر الیگزینڈر سٹب، جرمن چانسلر فریڈرش میرس اور فرانسیسی صدر ایمانوئل میکرون شریک ہوئے۔ یہ ملاقات صدر ٹرمپ اور صدر زیلنسکی کے درمیان دوطرفہ ملاقات کے بعد ہوئی۔ میڈیا سے خطاب میں صدر ٹرمپ نے کہا کہ روسی صدر ولادیمیر پوتن نے یوکرین کے لئے سکیورٹی ضمانتیں قبول کرنے پر آمادگی ظاہر کی ہے جو کہ ایک اہم نکتہ ہے۔ ہمیں اس پر غور کرنا ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ پوتن اس مسئلے کا حل چاہتے ہیں۔ زیلنسکی نے امریکہ کی جانب سے سکیورٹی کے حوالے سے ایک مضبوط پیغام دینے کی اہمیت پر زور دیا اور کہا کہ اگر صدر ٹرمپ ان کے اور پوتن کے ساتھ ممکنہ سہ فریقی ملاقات میں شرکت کریں تو یوکرین کو خوشی ہوگی۔ یوکرینی صدر نے کہا کہ اس سہ فریقی ملاقات میں علاقائی تنازع سمیت حساس معاملات پر بات کی جائے گی۔ ٹرمپ نے کہا کہ ایسی سہ فریقی ملاقات جلد از جلد ہونی چاہیے۔ یورپی رہنماؤں نے جنگ بندی کے تصور کی حمایت کی اور کہا کہ یوکرین کے لئے سکیورٹی ضمانتوں پر کچھ پیش رفت ممکن ہے۔ فرانسیسی صدر میکرون نے چار فریقی ملاقات کی تجویز دی جس میں یورپی فریق بھی شامل ہو۔ انہوں نے کہا کہ جب ہم سکیورٹی ضمانتوں کی بات کرتے ہیں تو ہم پورے یورپی براعظم کی سلامتی کی بات کرتے ہیں۔ یہ ملاقاتیں جمعہ کو امریکی ریاست الاسکا میں ٹرمپ اور پوتن کے درمیان ہونے والی تقریباً 3 گھنٹے کی ملاقات کے بعد ہوئیں۔ جمعہ کی ملاقات میں کوئی معاہدہ طے نہیں پایا تھا۔

شی جن پھنگ یوم فتح کی پریڈ میں چھانگ آن ایونیو پر فوجی دستوں کا معائنہ کریں گے

بیجنگ (شنہوا) چین میں یوم فتح کی پریڈ میں حصہ لینے والے دستے بیجنگ کی چھانگ آن ایونیو پر صف بندی کریں گے۔ چینی صدر، کمیونسٹ پارٹی آف چائنہ کی مرکزی کمیٹی کے جنرل سیکرٹری اور مرکزی فوجی کمیشن کے چیئرمین شی جن پھنگ ان کا معائنہ کریں گے۔ یہ بات مرکزی فوجی کمیشن کے جوائنٹ سٹاف ڈیپارٹمنٹ کے سینئر افسر وو زے کے نے چین کی ریاستی کونسل کے دفتر اطلاعات کی جانب سے منعقدہ پریس کانفرنس میں بتائی جس میں 3 ستمبر کو ہونے والی پریڈ کی تیاریوں کا خاکہ پیش کیا گیا۔

ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران کی کھلی کچہری، انصاف کی نئی راہ، عوامی پذیرائی میں اضافہ

چنیوٹ کی رہائشی خاتون انصاف کے لیے لاہور پہنچ گئی، کھلی کچہری میں براہ راست مسئلہ سنایا

[illegible] آپریشنز فیصل کامران کی کھلی کچہری میں شہریوں کی بروقت دادرسی عوامی پذیرائی میں اضافہ کا سبب بن گئیں۔ انصاف کی نئی راہ، دیگر اضلاع سے بھی سائل شکایات کے ازالے لیے کھلی کچہری میں آنے لگے۔ چنیوٹ کی رہائشی خاتون انصاف کے لیے لاہور پہنچی، کھلی کچہری میں براہ راست مسئلہ سنایا۔ ڈی آئی جی آپریشنز نے خاتون کو قانونی طریقہ کار سے آگاہ کیا اور خاتون کا ڈی پی او [illegible] شہریوں کو کرائی [illegible] سے بچانے کیلئے ایس ایچ اوز کو ہدایات دی گئیں۔ کھلی کچہری وراثتی معاملات میں شہریوں کی قانونی رہنمائی اور معاونت بھی کی گئی۔ فیصل کامران نے مزید کہا کہ ہراسگی اور سماجی جرائم پر زیرو ٹالرنس پالیسی ہے۔ عوام کو تحفظ اور قانونی راہنمائی فراہم کرنا پولیس کا فرض ہے۔ عوام اپنے مسائل بلا خوف اور باعزت طریقے سے کھلی کچہری میں پیش کریں، میرٹ کی بالادستی کو ہر صورت یقینی بنایا جائیگا۔

2 گروپوں میں جھگڑا فائرنگ سے ایک راہگیر سر میں گولی لگنے سے جاں بحق

پیرکوٹ روڈ گکھڑ پر 2 پارٹیوں میں جھگڑا کے دوران ایک شخص کی فائرنگ سے راہگیر چاند بٹ سکنہ گکھڑ منڈی شدید زخمی ہوگیا

گکھڑ منڈی (نمائندہ خصوصی محمد ارشد سے) 2 گروپوں میں جھگڑا فائرنگ سے ایک راہگیر سر میں گولی لگنے سے جاں بحق تشویشناک حالت میں ہسپتال منتقل کر دیا گیا واقعات کے مطابق پیرکوٹ روڈ گکھڑ پر 2 پارٹیوں میں جھگڑا کے دوران ایک شخص کی فائرنگ سے راہگیر چاند بٹ سکنہ گکھڑ منڈی شدید زخمی ہوگیا جسے طبی امداد کیلئے ہسپتال منتقل کر دیا گیا جہاں وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا پولیس تھانہ گکھڑ نے موقع پر پہنچ کر ایک ملزم کو حراست میں لے کر تفتیش شروع کر دی

اشتہار شور وغوغا

سرکار بذریعہ: کامران عباسی ولد غلام مصطفیٰ سکنہ رزاقت کالونی مسلم آباد لاہور مقدمہ نمبر 25/2280 مورخہ 9 اگست 2025 جرم 365 تھانہ غازی آباد۔

تلاش گمشدہ

نام قمر النساء عمر 72 سال پوزیشن، ضعیف العمر، کمزور صحت مریضہ شوگر و بلڈ پریشر



، پارچات: شلوار قمیض دوپٹہ برنگ براؤن اردو اور پنجابی بولتی ہے۔ جس کسی کو بھی ان کے بارے میں معلوم ہو درج ذیل نمبر پر اطلاع دیں۔

عبدالمنان SI/INV انچارج انویسٹی گیشن غازی آباد 0301-4176169

افتخار عالم خان SI/SHO تھانہ غازی آباد 0321-4339614

بلال حسین SI/SSOIU تھانہ غازی آباد 0322-4307870

ڈپٹی کمشنر نارووال سید حسن رضا کی ہدایات کیمطابق اسسٹنٹ کمشنر نارووال محمد اقبال راں نے نالہ بسنتر کا دورہ کیا

شکرگڑھ (عمران عارف سے) ڈپٹی کمشنر نارووال سید حسن رضا کی ہدایات کیمطابق اسسٹنٹ کمشنر نارووال محمد اقبال راں نے نالہ بسنتر کا دورہ کیا۔ اپنے دورے کے دوران انہوں نے نالہ بسنتر میں پانی کے بہاؤ اور نالہ کی اطراف واقع آبادی اور کھیتوں کی صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ نارووال تحصیل میں واقع تمام ترسیلابی نالوں میں پانی کے بہاؤ کی مسلسل مانیٹرنگ کی جارہی ہے تاکہ کسی بھی قسم کی ہنگامی صورتحال پیدا ہونے سے قبل ہی عوام الناس کو الرٹ کردیا جائے۔ اسسٹنٹ کمشنر نارووال نے مذکورہ پوائنٹ پر ڈیوٹی سرانجام دینے والے اہلکاروں کو یہ تلقین کی کہ عوام الناس کو نالے میں جانے اور اس کی اطراف جانور چرانے اور کھیتی باڑی کی سرگرمیاں کرنے سے روکیں اور اس طرح کی کسی بھی سرگرمی کی اطلاع فوری طور پر 15 اور ڈی سی آفس میں قائم کردہ کنٹرول روم میں 0542920027 پر دیں۔ انکا مزید کہنا تھا کہ ڈپٹی کمشنر نارووال کی جانب سے عوام الناس کی جان و مال کے تحفظ کہ بابت دفع 144 کا نفاذ بھی عمل میں لایا جاچکا اس لئے دیہی اور شہری علاقوں اور خصوصی طور پر نشیبی علاقوں کے مکینوں کو حالیہ دنوں میں دریائے راوی سمیت نہروں اور ندی نالوں میں نہانے، جانور چرانے اور کھیتی باڑی کرنے سے ہر صورت اجتناب کرنا چاہیے۔ انکا یہ بھی کہنا تھا کہ دفع 144 کہ خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سختی سے نمٹا جائے گا۔

سیکرٹری اوقاف کا شرقپور کا دورہ، دربار میاں شیر محمد شرقپوری کی ترقیاتی سکیم کا جائزہ لیا

حضرت میاں شیر محمد شرقپوری کا آستاں خطے میں نقشبندی سلسلے کی اہم خانقاہ ہے۔ ڈاکٹر طاہر رضا بخاری

لاہور (صابر غوری) سیکرٹری / چیف ایڈ منسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر طاہر رضا بخاری نے شرقپور کے دورے کے موقع پر دربار حضرت میاں شیر محمد شرقپوری پر جاری ترقیاتی سکیم کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کام کے معیار کی تعریف کی، تاہم رفتار کو بہتر بنانے پر زور دیا، اس موقع پر ڈائریکٹر پراجیکٹس اوقاف رفیق نورونو، اسسٹنٹ ڈائریکٹر آرکیٹیکٹ محمد ثقلین، ڈرافٹسمین صدر دفتر سیّد اطہر علی اور اوقاف انجینئرنگ ونگ کے دیگر آفیسران بھی موجود تھے۔ سیکرٹری اوقاف نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حضرت میاں شیر محمد شرقپوری کا آستاں خطے میں نقشبندی سلسلے کی اہم خانقاہ ہے۔ لہٰذا اس کے طرز تعمیر میں اور بالخصوص اس کے مرکزی دروازہ کو، اس سلسلے کے بانی حضرت بہاءُ الدین نقشبندی بخاری کی درگاہ سے مماثل بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ حضرت میاں شیر محمد شرقپوریؒ نے امن و آشتی اور انسانیت کی عظمت کا درس دیا۔ حکومت صوبہ بھر کے مزارات کو ××ماڈل شرائن×× کے طور پر آراستہ کررہی ہے۔ انتہاپسندی کے خاتمے کے لیے صوفیاء کی تعلیمات کا ابلاغ ضروری ہے۔ مزارات پر زائرین کے لیے بہترین سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ اس موقع پر ڈائریکٹر پراجیکٹس نے بتایا کہ دربار حضرت میاں شیر محمد شرقپوریؒ ترقیاتی منصوبہ مالیتی 3 کروڑ 80 لاکھ روپے میں مزار شریف کے داخلی دروازہ کی تزئین و آرائش، چار دیواری، وضو گاہ کی تعمیر نو اور داخلی راستہ کو اونچا کرتے ہوئے ماربل کی فرش بندی کے کام سمیت دیگر ترقیاتی امور شامل ہیں۔ واضح رہے کہ وزیر اعلیٰ شرائنز ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت بجٹ مالی سال 2025-26 میں، اوقاف کے لیے تین ارب سے زیادہ کا ترقیاتی بجٹ منظور ہوا، جس میں اوقاف کی 38 نئی ترقیاتی سکیمیں شامل ہیں، اس کے ساتھ اوقاف کی 10 آن گوئنگ سکیموں کے ساتھ ترقیاتی سکیموں کی کل تعداد 48 ہوگئی، جن میں صوبہ بھر کے تمام ڈویژنز و اضلاع کے مزارات و مساجد شامل ہیں۔ سیکرٹری اوقاف نے مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کی روشنی میں اوقاف تعمیراتی ورثہ کی حفاظت کے لیے مستعد ہے۔

آج سول سیکرٹریٹ لاہور کے سامنے اساتذہ وملازمین حکومتی ملازمین کش پالیسیوں کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کریں گے۔ مختار گجر

حکومت 30 فیصد ڈسپیرٹی الاونس دے، لیوانکیشمنٹ اور پنشن وگریجویٹی میں کمی کے ظالمانہ نوٹیفکیشن واپس لے۔ رانا لیاقت علی

لاہور (خبرنگار) آل گورنمنٹ ایمپلائز گرینڈ الائنس پنجاب کے راہنماؤں مختار گجر، رانا لیاقت علی، کاشف شہزاد، شفیق گجر، میاں جہانگیر، چوہدری محمد علی، میاں ارشد، مرزا طارق، آزاد گجر و دیگر نے کہا ہے کہ پنجاب حکومت کے ملازمین دشمن فیصلوں نے ملازمین کی زندگیاں اجیرن کر دیں ہیں وفاقی حکومت کے اعلان کردہ 30 فیصد ڈسپیرٹی الاونس نہ دینا، پنشن و گریجویٹی میں 30 سے 40 فیصد کمی اور بزرگ پنشنرز کی پنشن میں 7 کی بجائے 5 فیصد اضافہ ملازمین دشمن اقدامات ہیں لہذا حکومت پنجاب اساتذہ و ملازمین کے جائز اور طے شدہ حقوق غصب کرنے کی بجائے انہیں فی الفور بحال کرے وگرنہ صوبہ بھر کے ملازمین راست اقدام اٹھانے پر مجبور ہوں گے آج 21 اگست کو دن 11 بجے ضلع لاہور کے ملازمین سول سیکرٹریٹ لاہور کے سامنے پرامن احتجاجی مظاہرہ کریں گے

لاہور بورڈ نے نہم کے سالانہ امتحان کے نتائج کا اعلان کردیا

امتحان میں کامیابی کا تناسب 45 فیصد رہا امتحان میں 3 لاکھ 8 ہزار امیدواروں کی شرکت ایک لاکھ 38 ہزار امیدواروں نے کامیابی حاصل کی

لاہور (خبرنگار) لاہور بورڈ نے نہم کے سالانہ امتحان کے نتائج کا اعلان کر دیا سیکرٹری لاہور بورڈ رضوان نذیر اور کنٹرولر امتحانات توصیف الرحمان نے نتائج کا اعلان کیا امتحان میں کامیابی کا تناسب 45 فیصد رہا امتحان میں 3 لاکھ 8 ہزار امیدواروں نے شرکت کی امتحان میں ایک لاکھ 38 ہزار امیدواروں نے کامیابی حاصل کیا امتحان میں ایک لاکھ 69 ہزار امیدوار فیل ہوگئے سائنس گروپ میں گرلز 68.56 اور بوائز 48.30 پرسنٹ پاس ہوئے جبکہ آرٹس گروپ میں گرلز 75.46 اور بوائز 50.21 فیصد پاس ہوئے۔ نہم کے نتائج لاہور بورڈ کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کر دیئے گئے ہیں

لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام، ڈپٹی کمشنر لاہور کی قیادت میں شفافیت اور معیاری کاموں کی تکمیل جاری

تحصیل شالیمار میں ترقیاتی کاموں کا جائزہ، ڈپٹی کمشنر کا دورہ شفافیت اور معیار پر زور، منصوبوں کی بروقت تکمیل کا عزم

لاہور (خبرنگار) ضلعی انتظامیہ لاہور ڈپٹی کمشنر سید موسیٰ رضا کی سربراہی میں لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں کو کامیابی سے آگے بڑھا رہی ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے تحصیل شالیمار کا دورہ کیا، جہاں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل، چیف آفیسر ایم سی ایل، اسسٹنٹ کمشنر شالیمار محمد ثاقب ترازی اور دیگر حکام ان کے ہمراہ تھے۔ اسسٹنٹ کمشنر نے ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ دی۔ سید موسیٰ رضا نے لکشمی چوک، بھوگیوال روڈ اور اطراف کے علاقوں میں جاری ترقیاتی کاموں کا معائنہ کیا اور ہدایت کی کہ تمام منصوبوں میں شفافیت، کوالٹی اور بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کی سہولت کے لیے ترقیاتی کام پائیدار اور مضبوط ہونے چاہئیں۔ ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام کو شفافیت سے مکمل کیا جائے گا۔ انہوں نے زور دیا کہ منصوبوں کی ٹائم لائن، شفافیت اور معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ سید موسیٰ رضا نے کہا کہ لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت جاری معیاری کاموں کی تکمیل بروقت اور شفاف انداز میں کی جائے گی، تاکہ لاہور کے شہریوں کو بہتر سہولتیں فراہم کی جاسکیں۔ یہ اقدامات شہر کی ترقی اور شہریوں کے معیار زندگی کو بہتر بنانے کی جانب اہم پیش رفت ہیں۔

سرکل آفیسر اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ ملک ندیم منور کی زیر نگرانی جناح ہال قلعہ پر کھلی عوامی کچہری کا انعقاد ہوا

اس موقع پر شہریوں نے گورنمنٹ علامہ اقبال ہسپتال انتظامیہ کیخلاف شکایات کا انبار لگا دیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو چیف خواجہ محمد عامر جاوید) ڈی جی اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ پنجاب سہیل ظفر چٹھہ کی ہدایات پر ڈائریکٹر گوجرانوالہ اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ امجد شہزاد کی سرکل آفیسر اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ ملک ندیم منور کے ہمراہ جناح ہال قلعہ پر کھلی عوامی کچہری کا انعقاد ہوا جس میں شہریوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر شہریوں نے گورنمنٹ علامہ اقبال ہسپتال انتظامیہ کیخلاف شکایات کا انبار لگا دیا۔ علاوہ ازیں ڈسکہ پولیس کیخلاف مدعیان مقدمات پیش ہوئے، سرکاری محکمہ جات کے خلاف بھی ریجنل ڈائریکٹر اینٹی کرپشن نے عوامی شکایات سن کر موقع پر احکامات جاری کئے۔ اوورسیز پاکستانیوں کے حوالہ سے ایک درخواست پر پائیوں نے سمبڑیال ایئر پورٹ کے قریب واقع نجی ہاؤسنگ سوسائٹی کے مالک عمر عبداللہ نامی شخص کا خصوصی ذکر کرتے ہوئے کہا کہ نجی ہاؤسنگ سوسائٹی کا مالک عمر عبداللہ کیخلاف پہلے بھی ہمارے ہاں انکوائریاں چل رہی ہیں اوورسیز پاکستانیوں کو میڈیا کے ذریعہ آگاہی دی جاتی ہے کہ وہ کوئی بھی جائیدادیں خریدنے سے پہلے ڈی سی آفس یا متعلقہ سرکاری دفاتر سے ہاؤسنگ سوسائٹیوں کی قانونی حیثیت بارے آگاہی حاصل کر لیا کریں کیونکہ بہت سی بوگس سوسائٹیز جعلسازی سے شہریوں کے قیمتی سرمایہ کو ہڑپ کر کے بھاگ جاتی ہیں اور ڈسٹرکٹ آفیسز میں انکا ریکارڈ تک نہیں ہوتا۔

ڈی پی او نارووال کی سربراہی میں نارووال پولیس کا سماج دشمن عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

ایس ایچ او تھانہ شاہ غریب نے ناجائز اسلحہ ہولڈرز کیخلاف کریک ڈاؤن میں ناجائز اسلحہ ہولڈر بلال کو گرفتار کر کے ملزم کے قبضہ سے پسٹل 30 بور برآمد کرلیا

شکرگڑھ (عمران عارف سے) ڈی پی او نارووال کی سربراہی میں نارووال پولیس کا سماج دشمن عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری۔ تفصیلات کے مطابق ڈی ایس پی شکرگڑھ کی نگرانی میں ایس ایچ او تھانہ چک امرو نے منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن میں 02 بدنام زمانہ منشیات فروش وارث مسیح، جاوید کو گرفتار کر کے ملزمان کے قبضہ سے 1920 گرام چرس برآمد کرلی۔ ایس ایچ او تھانہ شاہ غریب نے ناجائز اسلحہ ہولڈرز کیخلاف کریک ڈاؤن میں ناجائز اسلحہ ہولڈر بلال کو گرفتار کر کے ملزم کے قبضہ سے پسٹل 30 بور برآمد کرلیا۔ ڈی ایس پی ظفر وال کی نگرانی میں ایس ایچ او تھانہ لیسر کلاں نے منشیات فروشوں اور ناجائز اسلحہ ہولڈرز کیخلاف کریک ڈاؤن بدنام زمانہ منشیات فروش زاہد محمود کو گرفتار کر کے ملزم کے قبضہ سے 520 گرام چرس برآمد کرلی۔ جبکہ دوسری کاروائی میں 02 ناجائز اسلحہ ہولڈر کرامت، غلام مرتضیٰ کو گرفتار کر کے ملزمان کے قبضہ سے 02 پسٹل 30 بور برآمد کرلیے۔ ڈی ایس پی صدر نارووال کی نگرانی میں ایس ایچ او تھانہ رعیہ خاص نے منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن میں بدنام زمانہ منشیات فروش عمیر بٹ کو گرفتار کر کے ملزم کے قبضہ سے 10 لیٹر شراب برآمد کرلی۔ تمام ملزمان کیخلاف مقدمات درج کر کے پابند سلاسل کر دیا۔ ڈی پی او نارووال نے اپنے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ ضلع نارووال سے سماج دشمن عناصر کا خاتمہ کرنا میرا مشن ہے اور اس مشن کی تکمیل میں نارووال پولیس کے تمام آفیسران وملازمان ہمہ تن کوشاں ہیں

محکمہ زراعت پنجاب نے ماہ اگست کے دوران ترشاوہ پھلوں کی بہتر نگہداشت بارے سفارشات جاری کر دیں

محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق باغبان بارش کی صورت میں فالتو پانی کے نکاس کا فوری بندوبست کریں۔ ترجمان

لاہور (صابر غوری) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق باغبان بارش کی صورت میں فالتو پانی کے نکاس کا فوری بندوبست کریں۔ کاغذی لیموں اور مٹھے کی برداشت جاری رکھیں۔ سفارش کردہ کھٹی کی نرسری لگائیں آب پاشی موسی پیشن گوئی کے مطابق کریں۔ ترشاوہ پودوں کو نائٹروجن کی تیسری قسط ڈالیں۔ بہتر ہے کہ کھادوں کا استعمال تجزیہ زمین کے مطابق کریں۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ نئے پودے لگانے کے لیے Layout (نشان دہی) کے بعد 3×3×3 فٹ کے گڑھے کھودیں۔ ایک فٹ کی اوپر والی مٹی علیحدہ رکھیں باقی کھیت میں بکھیر دیں اور گڑھے دو ہفتے تک کھلے رکھیں۔ تسلی بخش پودے خریدنے کے لیے رجسٹرڈ نرسری کا انتخاب کریں۔ پیوند کاری کا عمل تیز کریں نیز باغ میں پودوں کے ناغوں کا جائزہ لیں اور نا نغے لگائیں کیڑوں اور بیماریوں کی شدت کا معائنہ کرنے کے بعد ان کا تدارک کریں۔ برسات کے موسم میں کئی دفعہ پودوں کے تنوں سے گوند نکلنا شروع ہو جاتی ہے۔ اس کو کسی تیز دھار آلہ سے اتار کر زخموں پر بورڈ و پیسٹ لگائیں۔ مٹھے کا پھل برداشت کرنے کے بعد یوریا، ڈی اے پی اور پوٹاش ایک ایک کلو گرام فی پودا ڈالیں۔

ایس ایس پی انوسٹیگیشن رضا تنویر سپرا کی ایس ڈی پی او آفس صدر اور ایس ڈی پی او آفس سول لائنز میں میٹنگ

لاہور (رمیض علی سے) ایس ایس پی انوسٹیگیشن نے تھانہ صدر بیرونی، تھانہ سول لائنز، تھانہ ویمن اور تحفظ سینٹر کا بھی دورہ کیا، میٹنگ میں ایس ڈی پی او صدر، ایس ڈی پی او سول لائنز، ایس ایچ اوز صدر و سول لائنز سرکل، انچارج چوکیات، تفتیشی افسران اور محرران کی شرکت، ایس ایس پی انوسٹیگیشن نے افسران کی کارکردگی کا جائزہ لیا اور ہدایات دیں، سینئر افسران سنگین اور اہم مقدمات کی تفتیش کی خود نگرانی کریں، قتل اور سنگین مقدمات میں ملوث ملزمان کو گرفتار کر کے مقدمات کو بروقت میرٹ پر یکسو کیا جائے، اشتہاری مجرمان اور سابقہ ریکارڈ یافتگان کے خلاف کریک ڈاؤن میں تیزی لائی جائے، منشیات فروشوں کی سزایابی بہترین تفتیش اور پیروی مقدمہ سے ہی ممکن ہے، زیر تفتیش مقدمات کو اصل حقائق کی روشنی میں یکسو کرتے ہوئے بروقت چالان کیا جائے

جنرل ہسپتال میں مریضوں کو معیاری طبی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں: پروفیسر فاروق افضل

مانیٹرنگ، فیڈبیک اور ڈسپلن اداروں کی مضبوطی کی بنیاد ہیں: پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج ۔ انتظامی ڈاکٹرز مریضوں کے مسائل کے ازالے کیلئے اوپن ڈور پالیسی پر عمل کریں

لاہور (خبرنگار) پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج، جنرل ہسپتال، پروفیسر ڈاکٹر فاروق افضل نے کہا ہے کہ کسی بھی ادارے کی ترقی اور استحکام، مانیٹرنگ، فیڈبیک اور ڈسپلن جیسے بنیادی اصولوں پر عملدرآمد کے بغیر ممکن نہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ لاہور جنرل ہسپتال میں مریضوں کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات فراہم کرنے کے لیے ان اصولوں پر سختی سے عمل کرایا جائے گا۔ اس امر کا اظہار انہوں نے ایل جی ایچ شعبہ ایمرجنسی کے دورے کے موقع پر انتظامی ڈاکٹرز اور مریضوں کے لواحقین سے گفتگو میں کیا۔ پرنسپل نے مختلف شعبوں کا تفصیلی جائزہ لیا اور انتظامی ڈاکٹرز کو ہدایت کی کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے احکامات کی روشنی میں مریضوں کو مفت ادویات کی فراہمی کے علاوہ بہتر نگہداشت کو بھی یقینی بنایا جائے نیز مریضوں کے مسائل کے ازالے کیلئے اوپن ڈور پالیسی پر عمل کریں۔ پروفیسر ڈاکٹر فاروق افضل نے کہا کہ مسلسل مانیٹرنگ سے نہ صرف سروس ڈیلیوری بہتر ہوتی ہے بلکہ مسائل کی بروقت نشاندہی اور حل بھی ممکن ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فیڈبیک سسٹم عملے کی کارکردگی میں بہتری اور مریضوں کے اعتماد میں اضافہ کرتا ہے، جبکہ ڈسپلن ادارے کے تمام شعبوں میں ہم آہنگی اور منظم کارکردگی کی ضمانت ہے۔ پرنسپل نے مزید کہا کہ لاہور جنرل ہسپتال کے تمام شعبہ جات میں شفافیت، پیشہ ورانہ رویے اور بہترین انتظامی حکمت عملی کو یقینی بنایا جائے گا، تاکہ مریضوں کو عالمی معیار کی طبی سہولیات فراہم کی جاسکیں۔ انہوں نے عملے پر زور دیا کہ مریضوں کی خدمت کو اولین ترجیح بنائیں اور ٹیم ورک کے ساتھ ادارے کو مزید مستحکم اور کامیاب بنانے میں اپنا کردار ادا کریں۔ پروفیسر فاروق افضل نے اعلان کیا کہ مریضوں کی بہتر نگہداشت، خوش اخلاق رویہ اور ڈسپلن کی پابندی کرنے والے ملازمین کی ہر ممکن حوصلہ افزائی کی جائے گی انہیں تعریفی اسناد سے بھی نوازا جائے گا۔

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
"روزنامہ قوت لاہور" (3) 21 اگست 2025ء

ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب کا ممکنہ سیلاب کے پیش نظر ہیڈ بلوکی کا ہنگامی دورہ

ڈپٹی کمشنر نے قائم فلڈ ریلیف کیمپس وریسکیو پوائنٹس، ہیلتھ اور ویٹرنری کیمپوں کا دورہ کرتے ہوئے ادویات اور ویکسین کی دستیابی کو تسلی بخش قرار دیا

حالیہ موسمیاتی تبدیلیوں کی وجہ سے فلیش فلڈ کا خدشہ ہر وقت موجود ہے

کسی بھی ممکنہ ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے تمام اداروں کا ہر وقت متحرک رہنا انتہائی ضروری ہے

شدید گرج چمک کے دوران شہری گھروں سے ہرگز باہر نہ نکلیں

میرب ظہیر، عائشہ ندیم، ماہ رخ شہزاد نے سپلیمنٹری گریڈ میں کامیابی حاصل کی

صاحبزادہ روحان عادل قریشی و بلال اعوان کا نویں جماعت میں اے گریڈ

ڈپٹی ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز چکوال اطلس خان کی دختر وجیہا خانم کو نہم کے امتحانات میں نمایاں کارکردگی

عزیز واقارب نے دلی مبارکباد دیتے ہوئے بچی کو صحت وسلامتی اور درازی عمر کی دعا دی

بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن گوجرانوالہ کے زیر اہتمام منعقد ہونے والے انٹرمیڈیٹ سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ نتائج کا اعلان

1 امتحان میں مجموعی طور پر 271465 امیدواران شامل ہوئے جن میں سے 134020 کامیاب قرار پائے: چیئرمین بورڈ سید حیدر شیرازی

ڈپٹی کمشنر سات حیا نے ٹراما سینٹر کلرکہار اور آر ایچ سی بوچھال کلاں کا دورہ کیا

ڈپٹی کمشنر نے معائنہ کے دوران عوام کو طبی سہولیات کی فراہمی کے ضمن میں کارکردگی کا جائزہ لیتے ہوئے ٹراما سنٹر اور آر ایچ سی کی انتظامیہ کو جلد حل کے احکامات جاری کیے

چنیوٹ: ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے بائی پاس روڈ کا تفصیلی معائنہ کیا

الخدمت فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام بے روزگار افراد کو باعزت روزگار فراہم کرنے کی تقریب کا انعقاد کیا گیا

10 بے روزگار افراد میں فروٹ اور سبزی کی ریڑھیاں تقسیم کیں، جس سے ان کے چہروں پر خوشی دیدنی تھی

کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی نے ڈسٹرکٹ جناح پبلک سکول اینڈ کالج منڈی بہاء الدین کا دورہ کیا

کمشنر گوجرانوالہ نے نئی بھرتی ہونے والے اساتذہ میں تقرری کے آرڈرز تقسیم کیے

جمعیت علماء اسلام (ف) کے تحصیل صدر حافظ عبدالرؤف بیت عمرہ کی سعادت حاصل کر کے وطن واپس لوٹ آئے

ملغ اسلام قبلہ پیر سید علی شاہ قادری رضوی کی زیر نگرانی جامع مسجد میں عظیم الشان عرس پاک کی تقریب سعید کا اہتمام کیا گیا

تقریب میں سیاسی وسماجی شخصیات نے شرکت کی اور عرس میں خصوصی خطاب علامہ عدنان وحید قاسمی صاحب نے کیا

رانا محمود خان کی ایم پی اے رانا عبدالستار خان کو ترقیاتی منصوبوں پر بریفنگ

نارنگ منڈی: نہم کلاس کا رزلٹ، طالبات نے میدان مار لیا

سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ تنظیم الاخوان ضلع سیالکوٹ کا ماہانہ ذکر قلبی اجتماع و تربیتی ورکشاپ دار العرفان ڈسکہ مرکز میں منعقد ہوا

سوات کے پرائیویٹ ریسکیو کو بھی قومی نشان سے نوازا جائے۔ سول سوسائٹی سیالکوٹ

رضائے الٰہی کیلئے انسانیت کیلئے عملی اقدامات کرنے والے گمنام لوگ بھی ہیروز ہیں

جاپان پاک بزنس فورم کی طرف سے انکے اعزاز میں تقریب کا انعقاد کیا گیا

وفاقی وزیر رانا تنویر حسین کی ہدایت پر صدر ن لیگ پی پی 139 محمود اختر گورایہ نے کھلی کچہری کا انعقاد کیا

بونیر سمیت خیبر پختونخوا کے بعض علاقوں میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر افسوس ہے: چوہدری وجاہت علی خان

امریکہ میں اوورسیز پاکستانیوں کے ہمراہ 14 اگست تقریب میں شرکت کی خواجہ اویس مشتاق

ایڈیٹوریل DAILY QUWAT
quwateditorial786@gmail.com
نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی گفتگو

وفاقی وزیرخزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ ملکی معیشت کو آگے بڑھانے اور پائیدار ترقی کے لیے نجی شعبے کا کردار سب سے زیادہ اہم ہوگا' حکومت کا کام کاروبار کرنا نہیں بلکہ اس کیلئے سازگار ماحول فراہم کرنا ہے، پوری کوشش ہوگی کہ تنخواہ دار طبقے پر ٹیکس کا بوجھ مزید کم کریں۔ کراچی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے محمد اورنگزیب نے کہا کہ معیشت کے استحکام اور پائیدار ترقی کے لیے نجی شعبے کو قیادت کرنا ہوگی، جیسے جیسے معیشت سنبھلتی ہے اور ہم مستقل ترقی کی طرف بڑھتے ہیں، ملک کو آگے بڑھانے میں نجی شعبے کا سب سے اہم کردار ہوگا۔ وزیرخزانہ نے کہا کہ آج کے دور میں آرٹیفیشل انٹیلی جنس کی وجہ سے ترقی کے کئی نئے مواقع پیدا ہو رہے ہیں، لیکن انسانوں کے لیے محنت کا کوئی شارٹ کٹ نہیں ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ سیاحت پاکستان کا نہایت اہم شعبہ ہے اور اس کے فروغ کے لیے ہر شعبہ فکر اور مذہب سے تعلق رکھنے والوں کو مل کر کام کرنا ہوگا، کیونکہ سیاحت میں بہت سے نئے مواقع پیدا کرنے کی صلاحیت موجود ہے۔ پاکستان ہندو کونسل کے تحت ایکسپو سینٹر کراچی میں ملازمت و تعلیمی ایکسپو کا افتتاح وفاقی وزیرخزانہ محمد اورنگزیب نے کیا۔ ایکسپو میں مختلف اداروں اور کمپنیوں کی جانب سے طلبہ و طالبات کے لیے تقریباً 120 اسٹالز لگائے گئے ہیں۔ وفاقی وزیرخزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ اسٹیٹ بینک ایکسچینج ریٹ اور شرح سود پر کام کر رہا ہے، صورتحال مزید بہتر ہوگی۔ وزیرخزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ منتظمین کا شکرگزار ہوں۔ یہاں ملک کی مستقبل کی لیڈرشپ سے ملاقات کا موقع ملا ہے۔ جاب فیئر پر سرکاری و نجی ادارے موجود ہیں، لیکن یہاں کارپوریٹ سیکٹر کی کمی محسوس ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکنالوجی مستقبل کا راستہ ہے۔ نوجوان اپنے دل و دماغ سے کام کریں، بہترین کی جستجو رکھیں۔ یوم آزادی معرکہ حق منانے سے متعلق بات کرتے ہوئے وزیرخزانہ نے کہا کہ ملک میں تمام مذاہب کے ماننے والوں نے معرکہ حق جذبے کے ساتھ منایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کارپوریٹ سیکٹر کو آگے آنا ہوگا۔ شرح سود کو سنگل پوائنٹ ایجنڈا نہ بنائیں۔ نمو کا کوئی بٹن نہیں ہے، سوچ یہ ہے کہ نمو پائیدار ہو۔ حکومت کا کام ماحول فراہم کرنا ہے۔ پبلک پرائیوٹ پارٹنرشپ کامیابی سے کام کر رہا ہے۔ ہم اے آئی ورلڈ کی طرف بڑھ رہے ہیں۔ اس میں کسی کو شک وشبہ کی گنجائش نہیں ہیکہ ہمیں آگیکی طرف بڑھنا ہے۔ وزیرخزانہ کا کہنا تھا کہ اونچ نیچ آتی رہتی ہے، ٹیلنٹ کو کوئی فرق نہیں پڑتا۔ ملک میں معاشی استحکام آچکا ہے۔ 3 بڑی ریٹنگ ایجنسیاں پاکستان کیبارے میں مثبت ہیں۔ اسٹیٹ بینک ایکسچینج ریٹ اور انٹرسٹ ریٹ کیو الیبیکام کر رہا ہے۔ جیسیجیسیاستحکام آئے گا صورت حال مزید بہتر ہوگی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ جاب فیئر پر سرکاری اور نجی ادارے موجود ہیں، جاب فیئر کا انعقاد خوش آئند اقدام ہے، اس سے نوجوانوں کو روزگار کے مواقع تلاش کرنے میں مدد ملے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومت کا کام ماحول فراہم کرنا ہے، مائیکرو استحکام سے گنجائش پیدا ہو رہی ہے، آئندہ چند سالوں میں حالات مزید بہتر ہوں گے۔ 3 ایجنسیوں نے پہلی بار مل کر پاکستان پر اعتماد کیا۔ وفاقی وزیرخزانہ نے کہا کہ ٹیرف اصلاحات لائی گئی ہیں، سٹاک ایکسچینج روزانہ نئے ریکارڈ بنا رہی ہے، سٹاک مارکیٹ میں تیزی معاشی بہتری کی علامت ہے، توانائی کی قیمتوں میں کمی کے حوالے سے درست سمت میں گامزن ہیں۔ کراچی (این این آئی) وفاقی وزیرخزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ معیشت میں اسٹرکچرل ریفارمز آچکیں، ایف بی آر کو 2 حصوں میں تقسیم اور پنشن فنڈز ریفارم کر رہے ہیں، ملک میں معاشی استحکام آچکا، کوشش ہے کارپوریٹ سیکٹر اور سیلری کلاس پر ٹیکس کا بوجھ کم کریں گے، حکومت کا کام نجی شعبے کو اچھا ماحول فراہم کرنا ہے، ہم پاکستان میں 2 خطرات کا سامنا کر رہے ہیں، ایک بڑھتی آبادی اور دوسرا موسمیاتی تبدیلی، پاکستان کا مستقبل نجی شعبے کے ہاتھ میں ہے، نجی شعبہ حکومت کا ساتھ دے۔ وفاقی وزیرخزانہ محمد اورنگزیب نے پاکستان بینکس ایسوسی ایشن کی ورکشاپ سے خطاب میں کہا کہ بڑی ریٹنگ ایجنسیز نے پاکستان کی معیشت میں بہتری کا اعتراف کیا، فچ، موڈیز اور ایس اینڈ پی گلوبل نے ووٹ آف کانفیڈنس دیا، گیلپ سروے نے بتایا کہ پاکستان کی سمت درست ہونے پر اداروں کا اعتماد بڑھا، ورلڈ بینک اور دیگر مالیاتی اداروں نے بھی سراہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ صحیح وقت ہے کہ ملک کا مالی شعبہ آگے آئے، کیپٹل مارکیٹ کی ترقی بینکس کے بغیر ممکن نہیں، انفرااسٹرکچر اور معاشی منصوبوں میں بینکس اور مالیاتی ادارے انویسٹمنٹ کریں، ہماری سوچ ہے کہ یہ تو ہونا ہی تھا، ہونا ہی نہیں ہوتا کرنا پڑتا ہے۔ وزیرخزانہ نے کہا کہ سکوک بانڈز، ویئر ہاسز انڈسٹریز اس میں پیسہ لگانا ہوگا، نجی شعبے کو کہتا ہوں ملکی ترقی کے منصوبوں میں آپ کی کیا شراکت ہے؟، ہم نے بجٹ میں سخت فیصلے کیے، کسٹمز ٹیرف ریفارمز کر رہے ہیں، ہوم گرون ایجنڈا ہے، تین وزارتیں ملکر اس پر کام کر رہی ہیں،

گیت کہانی: آئے موسم رنگیلے سہانے

تحریر: ریاض ملک

شمالی علاقہ جات قدرتی حسن سے مالا مال ہیں۔ یہاں کے تیز و تند دریا، شور مچاتی ندیاں، گاتی آبشاریں، نیلگوں جھیلیں، صاف شفاف چشمے، لہلہاتے کھیت، گھنے جنگلات، سرسبز و شاداب لالہ زار، سفید چادر اوڑھے فلک بوس پہاڑ، بل کھاتی شاہراہ ریشم اور حسین نظارے دل کو موہ لیتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ بھی اکثر فلمساز فلم کی عکسبندی کے لیے ان ہی وادیوں کا رخ کیا کرتے تھے 1957 میں ایک فلم بنی جی "سات لاکھ" جس کے ہدایت کار جعفر ملک تھے موسیقی رشید عطرے نے ترتیب دی جب کہ اس فلم کے پروڈیوسر، کہانی نگار اور نغمہ نگار سیف الدین سیف تھے۔ اور اس کے ستاروں میں صبیحہ خانم، سنتوش کمار، نیلو، نیر سلطانہ، آغا طالش اور سلطان کھوسٹ شامل تھے یہ فلم 9 اکتوبر 1957 کو نمائش کے لیے پیش کی جاتی ہے۔ فلم ریلیز ہوتے ہی ایک گانے کی دھوم مچ جاتی ہے۔ اور وہ سدا بہار گانا تھا "آئے موسم رنگیلے سہانے جیا نہی مانے تو چھٹی لے کے آجا بالما" اس وقت کی سریلی گلوکارہ زبیدہ خانم کی آواز اور یہ گانا نیلو جن کا اصل نام سنتھیا الیگزینڈر فرنانڈیز تھا پر پکچرائز ہوا تھا جن کی شادی نامور ہدایت کار ریاض شاہد سے ہوئی اور خوبرو پڑھا لکھا اداکار شان ان ہی کا صاحبزادہ ہے۔ جس نے فلم انڈسٹری میں ایک نیا مقام پیدا کیا۔ نیلو نے اس گانے کی مقبولیت نے نیلو کے لیے فلم انڈسٹری کے دروازے ہمیشہ کے لیے کھول دیئے۔ اس کے بعد زرقا، عذرا، ڈاچی، بیٹی، زر قدار، سلطانہ ڈاکو اور دیگر شہرہ آفاق فلموں میں اداکاری کے جوہر دکھائے۔ اب چلتے ہیں گیت آئے موسم رنگیلے سہانے کی طرف گیت مانسہرہ کی خوبصورت وادیوں اور جھیل کے کنارے فلمبند کیا گیا تھا اس گیت میں دلکش اور حسین نظاروں کو فلمبند کیا گیا ہے اس گیت میں بکریاں چراتی ہوئی ایک حسینہ دکھائی گئی ہے جس کی آواز سن کر صبیحہ سنتوش رک جاتے ہیں اور اس خوبصورت آواز کی طرف کھنچے چلے جاتے ہیں۔ پہاڑ کی دوسری طرف آنکھوں میں آنکھیں ڈالے ایک دوسرے کو محبت بھری نظروں سے دیکھتے رہ جاتے ہیں۔ آئیے اس گانے کو پکچرائز کرتے وقت کی روداد ایک پیارے سے نہایت ہی نفیس اور مخلص سینئر ادیب اور شاعر شاہنواز سواتی کی زبانی سنتے ہیں۔ جو مانسہرہ کے ہی رہنے والے ہیں۔

"یہ 1950 کی دہائی کا قصہ ہے میں (شاہنواز سواتی) مانسہرہ ہائی اسکول میں ابتدائی جماعتوں کا طالب علم تھا گھر سے اسکول آتے مگر اسکول سے بیماری کا بہانہ بنا کر دوستوں کے ساتھ چھٹی کر لیتے اور چھپ چھپا کر فلم کی شوٹنگ دیکھنے چلے جاتے۔ مجھے اچھی طرح یاد ہے 1950 کی دہائی میں فلم سات لاکھ کا یونٹ مانسہرہ آیا ہوا تھا جس میں صبیحہ سنتوش، نیلو اور دیگر لوگ بھی شامل تھے جو کہ عکسبندی کے لیے مانسہرہ کے ڈاک بنگلے میں ٹھہرے تھے ان کے پاس 1949 ماڈل سرخ رنگ کی کنورٹیبل شیورلیٹ کار ہوتی تھی وہ اسی کار میں سفر کرتے تھے سفر کے دوران ان کے مداح ان کی ایک جھلک دیکھنے کو ترستے تھے۔ اس فلم کی عکسبندی مانسہرہ کے گرد و نواح میں ہوا کرتی تھی جس میں بٹراسی اور مانسہرہ کے مشرق میں وادی اچھڑیاں شامل تھیں۔ ان ہی علاقوں میں گیت آئے موسم رنگیلے سہانے فلمبند کیا گیا۔ ہم نے اس فلم کی ساری عکسبندی اپنی آنکھوں سے دیکھی ہے۔ اور پھر جب یہ فلم ریلیز ہوئی تو ہم نے عید کے موقع پر یہ فلم تاج محل سینما ایبٹ آباد میں بڑے شوق سے دیکھی"

میں نے بھی جب ہوش سنبھالا تو سب سے پہلے جو گیت میری سماعتوں سے ٹکرایا وہ یہی گیت آئے موسم رنگیلے سہانے تھا یہ گیت اس قدر مقبول ہوا کہ ایک زمانے تک یہ پہاڑی علاقوں میں جگہ جگہ اور یہاں بکریاں چرانے والے یہ گیت گایا کرتے تھے۔ یہ گیت 68 سال گزر جانے کے باوجود آج بھی سماعتوں میں رس گھولتا ہے۔ یہ گیت قتیل شفائی کا لکھا ہوا ہے۔ آیئے اس کی شاعری سے بھی لطف اندوز ہوتے ہیں۔

آئے موسم رنگیلے سہانے
جیا نہی مانے
تو چھٹی لے کے آجا بالما
جب بھی ہوا شور کرے
میرا دل ملنے کو زور کرے
یاد آئیں خوشی کے زمانے
جیا نہی مانے
تو چھٹی لے کے آجا بالما
جب آئیں سہانی شام ڈھلے
میرے دل میں تیری یاد چلے
کوئی گائے انوکھے ترانے
جیا نہی مانے
تو چھٹی لے کے آجا بالما
کلیں پھول کو بھنورا چوم گیا
میرا دل مستی میں جھوم گیا
کوئی جیری کوئی نہ جانے
جیا نہی مانے

صلہ شہید کیا ہے، تب و تاب جاودانہ، جنرل ضیا الحق

ایم فاروق قمر

17 اگست 1988 کا دن اسلامی نظام کے عملی نفاذ کے حامیوں اور اس ملک کو اقوام عالم کا سردار ملک بنانے والے معمار صدر جنرل محمد ضیا الحق شہید کا دن ہے۔ انھوں نے 1977 میں عنان اقتدار سنبھالتے ہی یہ اعلان کیا تھا کہ ان کی اولین ترجیح ملک میں اسلامی نظام کا نفاذ ہے۔ بنیادی طور پر دیندار، سچے اور سادگی پسند انسان تھے اور پاکستان میں اسلامی معاشرت کے قیام اور نفاذِ اسلام کے لیے انتہائی سنجیدہ اور پرعزم تھے۔ اس سلسلے میں انھوں نے اہم اقدامات کیے۔

اقوامِ متحدہ کی جنرل اسمبلی کا، سال 1980 ہے اور یکم اکتوبر کی رات 8 بجے کا وقت، جب پوری دنیا نے قدرے حیرانگی اور مسلم امہ نے خوشگوار حیرت اور خوشی کے ساتھ آیات ربانی کی تلاوت کے وجد آفریں الفاظ جنرل اسمبلی کے ہال میں گونجتے سنے۔ جب پاکستان کے اس وقت کے جنرل محمد ضیا الحق) شہید (نے جنرل اسمبلی میں اپنے خطاب سے پہلے تلاوت قرآن مجید کا اہتمام کروایا۔ پھر خود درود شریف پڑھا اور جنرل اسمبلی سے خطاب بھی فرمایا۔ جنرل محمد ضیا الحق کو دنیا میں پاکستان کا اسلامی تشخص اور اسلامی پہچان متعارف کرانے کا بہت بڑا نظام نافذ ہوا اور اس کے لیے انھوں نے بتدریج اقدامات بھی کیے۔ ان کا پختہ یقین تھا کہ اگر پاکستان میں اسلامی نظام نافذ ہو جائے تو یہ بندوں کا اپنے رب سے کیا ہوا عہد اور وعدہ وفا کرنے کے مترادف ہوگا۔ اس کے لیے انھوں نے اپنے دورِ حکومت میں بے شمار کوششیں بھی کیں۔ ملک میں سیاسی توازن کو برقرار رکھتے ہوئے ایسے مشکل فیصلے کرنا، ضیا الحق شہید جیسے صاحب ایمان اور مرد حق کا ہی طرہء امتیاز تھا۔ پاکستان میں آئین اور قوانین کو اسلامی سانچے میں ڈھالنا اور معاشرے کو اسلامی طرزِ معاشرت کے لیے تیار کرنا ایک کارِ دشوار تھا۔ جس کے لیے جنرل محمد ضیا الحق نے بالخصوص صدقِ دل سے کوشش کی۔ جناب ضیا الحق شہید کی دلی خواہش تھی کہ پاکستان میں بسنے والے مسلمان اپنی زندگیاں اسلام کے اصولوں اور سنہری اسلامی تعلیمات کے سانچے میں اس طرح ڈھال لیں کہ یہاں ایک ایسا صاف ستھرا اسلامی معاشرہ تشکیل پا جائے کہ جہاں زندگی کے ہر شعبے میں رہنمائی کے لیے قرآن و سنت سے رجوع کیا

کش قبول نہیں کی اور کہا کہ میری کارکردگی کے حسن و قبح کا فیصلہ تاریخ پر چھوڑ دیجیے وہ پانچ جولائی 1977 سے 17 اگست 1988 تک ملک کے حکمران رہے 17 اگست ان کی زندگی کا آخری دن ثابت ہوا اس روز ان کے طیارے کا حادثہ ہوا اور فوجی وردی میں وہ اس حادثے میں اللہ کے حضور پیش ہوگئے 17 اگست کو وہ معمول کے مطابق تیار ہوئے انکے طیارے نے صبح 8 بج کر 21 منٹ پر چک لالہ ایئربیس سے پرواز کی اور 9 بج کر 27 پر بہاولپور اتر گیا روانگی سے قبل چک لالہ ائربیس پر طیارے کی مکمل دیکھ بھال اور جانچ پڑتال کی گئی اسی اثنا میں آموں کے دو کریٹ اور ایک تحفے کا ڈبہ لایا گیا جس میں طیاروں کے یا امریکی ٹینک کے ماڈل تھے، C-130 تین بجکر 46 پر زمین سے اڑا اور چند منٹوں میں جب ان کا طیارہ دریائے ستلج کے اوپر پہنچا تو لڑکھڑا سا گیا اور پھر سیدھا زمین پر آ گرا طیاریکو آگ لگ گئی جائے حادثہ بہاول پور ہوائی اڈے سے تقریبا 9 کلو میٹر دور شمال مغرب کی جانب ہے موسم بھی صاف تھا۔ مردِ مومن مردِ حق ضیا الحق کو کس نے شہید کیا یا ایک ظالم اور گھاگ فوجی

"استاد شہزادہ دوست اور بھائی"

پیام حق
محمد ندیم راجپوت
Nadeemrajpoot999@gmail.com

دنیا میں بہت کم لوگ ایسے ملتے ہیں جو کسی کی زندگی میں ملٹی پل رول پلے کرتے ہیں۔ جن کی باغیچہ ؟ حیات سے لوگ نہ صرف ثمرات پاتے ہیں بلکہ ان کے اخلاق اور کردار کی خوشبو اپنے چہار اطراف کے موسم کو معطر اور خوشگوار بنا دیتی ہے۔ جن کے علم و حلم سے لوگ شعور و ادراک کی ضیا پاتے ہیں, جن کے چراغ و سراج سے تاریکیوں میں بھولے بھٹکے مسافر راہ ڈھونڈتے ہیں۔ عمر غفار ٹیچر !!! تو جیویں تے میں جیواں ،،،،، 29 ویں سالگرہ 13 ستمبر بروز ہفتہ، ڈھیروں مبارک باد۔ جگ جگ جیو،، میری دلی دعا ہے کہ اللہ کریم میرے اس عظیم دوست ہونہار ٹیچر محمد عمر غفار کو لمبی اور صحت و تندرستی سے مزین خوبصورت زندگی عطا کریں۔ آمین کبھی کبھی میں سوچتا ہوں عمر غفار کیا چیز ہو تم یار؟ اتنی خاصیتیں، اتنے اوصاف، کیا کچھ نہیں دیکھا ہم نے تم میں۔۔۔۔ پھر میں اپنی طرف دیکھتا ہوں، اپنے تعلق کو دیکھتا ہوں۔ میری اور تمہاری ایک ملاقات ہی تو ہے فقط اتنی ڈھیر ساری زندگی میں صرف ایک ملاقات, وہ بھی چند گھڑیاں، مگر باتیں۔۔۔۔۔ باتیں طویل ہیں، بہت طویل۔۔۔ اتنی طویل کے کہ بس۔۔ رشتے تو بہت سے ہیں مگر ایک انسانی رشتہ ایسا ہے, جس میں ''زندگی'' ملا کرتی ہے اور وہ رشتہ ہے ''دوستی کا رشتہ'' میرے چھوٹے بھائی جیسا, ٹیچر جسے زندگی میں ہر رشتے کی اپنی ضرورت اور اہمیت ہوتی ہے جس طرح پانی کی پیاس دنیا کی کسی نعمت سے پوری نہیں کی جاسکتی اسی طرح دوستوں کی کمی کو مال و دولت کی آسائشوں سے پورا نہیں کیا جاسکتا۔ عمر غفار کی موجودگی میں مجھے کوئی کمی محسوس نہیں ہوتی۔ اس کی ہر بات میں ڈھنگ، اس کے ہر انداز اور لہجے میں نیا ترنگ، اس کے شعور و ادراک سے بہتی زندگی کی تازہ امنگ۔ انسان کا دل فطری طور پر خوشی اور اطمینان کے جذبے پر پیدا کیا گیا ہے۔ عمر غفار وہ عظیم دوست ہے جس کے سامنے اٹھنے' بیٹھنے' ہنسنے' بولنے کے اصولوں کا حساب کتاب نہیں رکھنا پڑتا۔ کب بولنا اور کتنا بولنا ہے اور کیسے بولنا ہے۔ اس کے ساتھ بیٹھیں تو سارے تکلفات کو بھول کر بیٹھنا پڑتا ہے۔ عمر غفار سے میں ہمیشہ مشکل وقت میں رابطہ کرتا ہوں۔ مشورہ کرتا ہوں۔ اس کی دوستی دل کو سمندر کا سا سکوت اور صاف نیلگوں آسمان کی طرح کی وسعت عطا

کرتی ہے۔ مجھے دنیا سے لڑنے کیلئے نئے سرے سے تیار کرتی ہے۔ غموں کے اکاؤنٹ کو خالی کر کے خوشیوں' قہقہوں اور مسکراہٹوں کے خزانوں سے بھر دیتی ہے۔ میں عمر غفار سے فون پر بات کرتا ہوں خوش گپیاں چلتی ہیں۔ یہ وہ؟ بہترین دوست ہے جو مجھے اس دنیا کی تاریک اور بدصورت حقیقتوں سے بہاروں کی طرح نبرد آزما ہونا سکھاتا ہے۔ میری غلطی کو غلط اور اچھائی کو صحیح طریقے سے شناخت کرنے اور رویے کو بہتر بنانے کی غرض سے پرخلوص ہو کر نصیحت کرنے کی اہلیت رکھتا ہے۔ سلامت رہیں عمر غفار شاد رہیں آباد رہیں خودداری ہے، ذہین ہے۔ زندگی کے ہر موڑ پر دوستی نبھانا جانتا ہے۔ بس یہی چیز ہے جو مجھ میں اچھے لوگوں کے ساتھ زندہ رہنے کا شوق پیدا کرتی ہے۔

آپ کا فیصلہ

ایم سرور صدیقی

میدانِ جنگ لہو سے اٹا ہوا تھا اس کے باوجود مسلمان ٹولیوں میں آتے شہداء کو تدفین اور زخمیوں کو علاج کیلئے لے جا رہے تھے ان میں قریبی عزیزو اقارب اور دوستوں کو لہو لہو دیکھ کر بھی ان کے چہرے پر طمانیت تھی سینے فخر سے چوڑے۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں غزوہ بدر میں فتح عظیم سے سرفراز فرمایا تھا۔۔ اسی روز جنگی قیدیوں کو نبیؐ اکرم ﷺ کی بارگاہ میں پیش کیا گیا آپ ﷺ نے فرمایا جو رہائی کے بدلے جزیہ دے سکتے ہیں جزیہ دے دیں جو پڑھے لکھے ہیں ہمارے لوگوں کو علم سے بہرہ ور کردیں ہم انہیں رہا کردیں گے اس سے علم کی فضیلت کا اندازہ بخوبی لگایا جا سکتا ہے۔ اللہ کے آخری نبی ﷺ پر جو پہلی وحی نازل ہوئی اس میں اقراء کا ذکر کیا گیا جس کے لفظی معانی ''پڑھ'' ہے۔ جس سے تعلیم کی اہمیت کا احساس کیا جا سکتا ہے قرآن حکیم میں اللہ تعالیٰ نے ایک سوال کیا ہے۔۔کیا تعلیم یافتہ اور ان پڑھ ایک ہو سکتے ہیں؟ اللہ نے اسے بینا اور نابینا سے تشبیہ دی ہے دنیا کی سب سے بڑی حقیقت یہ ہے کہ تعلیم کے بغیر کوئی قوم ترقی نہیں کرسکتی حکومت کو سب کام چھوڑ کر ایجوکیشن کی طرف خصوصی توجہ دینی چاہیے اس وقت پاکستان سمیت تیسری دنیا کے بیشتر ممالک کو شدید عالمی دباؤ اور حالات کا سامنا ہے اس قسم کی صورت حال سے نکلنے اور حالات کا مردانہ وار مقابلہ کرنے کے لئے اعلیٰ تعلیم کا حصول انتہائی ضروری ہے تاریخ شاہد ہے جب تک مسلمانوں نے تعلیم اور ریسرچ کی طرف توجہ دی پوری دنیا میں اس کا بول بالا تھا ماضی کے بیشتر سائنسدان، محقق، فلاسفر مسلمان ہی تھے آج بھی متعدد یورپی یونیورسٹیوں میں ان کی کتابیں نصاب میں شامل ہیں اور ہم ہیں کہ گھر کی مرغی دال برابر کے مصداق مسلمانوں نے کتاب سے دوستی ختم کردی ہے مسلم حکومتوں اور ریاستوں نے اس جانب کوئی توجہ کی زحمت ہی نہیں کی۔ کبھی کبھار تعلیم کے فروغ کیلئے کچھ انقلابی اقدامات کرنے کی کوشش کی جاتی ہے لیکن مسلم ممالک میں تعلیم کے لئے جو بجٹ مختص کی جاتا ہے اس کا جان کر حیرت بھی ہوتی ہے اور افسوس بھی، دنیا کے ترقی یلفتہ ممالک وفاع سے بھی زیادہ بجٹ ایجوکیشن کیلئے مختص کر رہے ہیں لیکن ہمیں اس کا احساس تک نہیں ہے آج ضرورت اس بات کی ہے کہ تمام ترقی پذیر ممالک ایجوکیشن کی ترویج و ترقی کے لئے ٹھوس پالیسیا ں ترتیب دیں، ماضی کی غلطیوں کا ازالہ کیا جائے، بوٹی مافیا کے خلاف سخت ایکشن لے کر ہونہار طلبہ کو ان کا حق دلانے کی کوشش کی جائے کیونکہ ترقی پذیر ممالک میں بچوں کے لئے دن بہ دن تعلیم کا حصول مشکل ہوتا جا رہا ہے جس کا بڑا سبب یہ ہے کہ اب ایجوکیشن نے صنعت کی صورت اختیار کرلی ہے جس کے باعث نہ صرف تعلیمی اخراجات میں بے تحاشہ اضافہ ہو گیا ہے عام آدمی اپنے بچوں کو کالجز اور یونیورسٹیوں میں پڑھانا افورڈ ہی نہیں کرتا حکومتوں نے بھی ان کو شتر بے مہار آزادی دے رکھی ہے کوئی چیک اینڈ بیلنس کا کوئی سسٹم موجود ہی نہیں پرائیویٹ کالجز اور یونیورسٹیوں میں پڑھنا ہر فیملی کے بس کا روگ نہیں تعلیمی انحطاط کی ایک بڑی وجہ سرکاری تعلیمی اداروں کی شدید کمی ہے دیہات اور قصبات میں بیشتر مقامات پر تو سرکاری سکولوں پر بااثر افراد کا قبضہ ہے کہیں جانور باندھے جاتے ہیں تو کئی سکولوں پر ناجائز تجاوزات کردی گئی ہیں ایک مربوط حکمت عملی کے تحت انہیں واگذار کرایا جائے دوسرا سرکاری کالجز اور یونیورسٹیوں کی کمی کے پیش نظر تمام سرکاری تعلیمی اداروں میں ڈبل شفٹ کو رواج دیا جائے جس سے سستی تعلیم کو فروغ ملے گا اور ایجوکیشن سیکٹر میں اجارہ داری ختم ہونے میں بھی مدد مل سکتی ہے اس کے ساتھ ساتھ اگر ہر شخص یہ تہیہ کرلے کہ اس نے اپنے اہل خانہ کو تعلیم یافتہ بنانا ہے تو اس کا خاندان یقیناً اقوام عالم میں سر بلند ہو سکتا ہے۔ صرف اس طریقے سے ہم اپنے دشمن کا، حالات کا، دور حاضر کا اور ترقی یافتہ قوتوں مقابلہ کر سکتے ہیں۔ یہی ایک طریقہ ہے اپنے آپ کو بچانے کا، اسے دشمن سے محفوظ بنانے کا۔ اسے مستحکم کرنے کا ہم اپنے بچوں، بھائیوں، بہنوں اور دیگر فیملی ممبروں کو زیور تعلیم سے آراستہ کر کے انہیں ڈاکٹر، وکیل، انجینئر، سائنسدان بنا کر انہیں معاشرہ میں ایک باوقار مقام دلا سکتے ہیں ہمارے پیارے نبی رحمتِ عالم ﷺ نے بھی علم کے حصول پر بڑا زور دیا ہے اس لحاظ سے یہ مذہبی فریضہ بھی ہے۔ اگر آپ آنے والی نسلوں کو جہالت سے بچانا چاہتے ہیں تو پھر ایجوکیشن کی طرف خصوصی توجہ دینا ہوگی بالخصوص لڑکیوں کو زیادہ سے زیادہ تعلیم دلائیں ایک پڑھی لکھی ماں اپنے بچوں کو بہتر طور پر تعلیم یافتہ بنا سکتی ہے اس سے پورے خاندان کی کایہ پلٹ جائے گی۔۔کیا آپ مستقبل کے معماروں کا مستقبل سنوارانا چاہتے ہیں؟ اس کا فیصلہ آپ نے کرنا ہے۔۔۔ اس کے بارے آپ کا فیصلہ کیا ہے ہر گذرتا لمحہ ہم سے یہ سوال کرتا۔۔ ہمارے احساس کو جھنجھوڑتا گذر رہا ہے اور ہمیں اس کا احساس تک نہیں۔

ستاون ۔۔۔ خاموش تماشائی

غلام غوث سودودی

اسلام دین فطرت ہے اور فطری چیز زمانے کے بدلنے سے بدلا نہیں کرتی بلکہ وہ ہمیشہ رہتی ہے۔ اسلام فطرتِ انسانی، الفت و محبت کا نام ہے۔ اسلام کی دعوت و تعلیم کا مقصد بھی یہی ہے کہ انسان منظم، فعال و متحرک اور متحد ہو کر اس کی اقامت و اشاعت کا فریضہ سرانجام دے، اس لیے یہ ہمیشہ اتحاد کی طرف بلاتا ہے۔ ایمانی بھائی چارہ کے لیے سرحدیں رکاوٹ نہیں بنتیں۔ نبی اکرم ﷺ نے تمام مسلمانوں کو ایک متحدہ امت بنایا۔ جو اینٹوں کی دیوار کی مانند ایک دوسرے کے ساتھ جڑ کر مضبوط اور طاقتور بنتے ہیں۔ ایمانی بھائی چارہ کو قائم رکھنے کی اہمیت نماز اور روزہ سے بھی بڑھ کر ہے۔ خلفائے راشدین حاکم وقت بھی تھے اور وارثِ علم رسول اللہ بھی تھے۔ جب معاملہ قرون ثلاثہ سے آگے پہنچا تو نظام حکومت ان لوگوں کے ہاتھ میں آیا جو دنیاوی معاملات میں تو ماہر تھے مگر دینی علوم کے حامل نہ تھے۔ مسلمان امرا و سلاطین کے دلوں میں جب دنیا کی محبت غالب آگئی اور دار آخرت کی یاد دلوں سے نکلتی گئی تو ہر ایک پر تعیش زندگی گزارنے کا عادی بن گیا۔ اس جلتی پر تیل کا کام ان درباری علمانے کیا جو دنیا طلبی اور جاہ طلبی کے مہلک مرض میں گرفتار تھے اور ان مقصود نام و نمود اور مال و جاہ تھا۔ آج امت مسلمہ زبوں حالی، داخلی انتشار و اندرونی خلفشار پیدا کرنے والے فکری بحران کا شکار ہے۔ مفاد پرستی اور نفس پرستی نے امت مسلمہ کا شیرازہ بکھیر کر رکھ دیا ہے۔ امر مباح و مندوب پر اختلافات نے امت سے بہت ساری چیزیں چھین لیں۔ نتیجہ یہ نکلا کہ ہر میدان میں مسلمان اتنے زوال پذیر ہوئے کہ ہوا ہی اکھڑ گئی۔ دنیا میں نام کے مسلمان تو کروڑوں میں ہیں۔ مگر کام کے مسلمان ہزاروں میں بھی مشکل سے ہوں گے۔ مسلمانوں نے اس احکام خداوندی کو یکسر فراموش کر دیا ہے۔ "اور اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت کرو، اور آپس میں جھگڑا مت کرو، ورنہ) متفرق اور کمزور ہو کر (بزدل ہو جاؤ گے اور) دشمنوں کے سامنے (تمھاری ہوا) یعنی قوت (اکھڑ جائے گی۔" دنیا بھر میں مسلمان مادی وسائل و اسباب کے اعتبار سے خود کفیل ہیں مگر افکار و نظریات کے لحاظ سے کمزور قوم بن چکے ہیں۔ اپنی اعلیٰ اقدار و روایات سے عملی طور پر دستبردار ہو کر "پدرم سلطان بود" کے زبانی دعوؤں سے اپنا دل بہلا رہے ہیں۔ صفحہ ہستی پر 57 کے قریب مسلمان ممالک موجود ہونے کے باوجود آج دنیا میں مسلمانوں کی آواز کوئی وزن نہیں رکھتی۔ کیونکہ اگر وزن رکھتی تو عراق، افغانستان، شام لیبیا، یمن، لبنان، کشمیر اور فلسطین کے مسائل حل ہو چکے ہوتے۔ حالیہ فلسطینیوں کے خلاف اسرائیلوں کے مظالم پر امت مسلمہ کی خاموشی چہ معنی دارد؟ بہت سے مسلمان ممالک، امریکہ اور دیگر مغربی ممالک سے اپنے تعلقات خراب ہونے کے خوف سے دنیا کے سامنے فلسطین کے حوالے سے کوئی کھلا موقف رکھنے سے عاری ہیں۔ کیوں ظلم پر چپ کر جاتے ہو اک ظلم تو خود کر جاتے ہو

اسرائیل پر حماس کا حملہ ایک بڑا سرپرائز تھا۔ جس میں اسرائیل کو شدید نقصان پہنچا مگر اسرائیل کا ردعملہ انتہائی وحشیانہ تھا۔ جس نے غزہ کے علاقے میں تمام عالمی جنگی قوانین کو بالائے طاق رکھتے ہوئے ہسپتالوں، گرجا گھروں، مساجد، تعلیمی اداروں، بجلی، پانی اور ایندھن کی تنصیبات کے ساتھ ساتھ تمام اہم عمارتوں کو ملیا میٹ کر دیا ہے۔ اسرائیل نے توسیع پسندانہ عزائم کی تکمیل کے لیے فلسطینیوں پر ہر نوعیت کے حملوں کی انتہا کر رکھی ہے۔ ان حملوں میں مظالم کا کوئی ایسا ہتھکنڈا نہیں ہوگا، جو غزہ کے مظلوموں پر استعمال نہ کیا گیا ہو۔ امریکہ، برطانیہ اور یورپی یونین جیسی طاقتوں کی سرعام حمایت اور پشت پناہی کے بل بوتے پر غزہ میں اسرائیل فلسطینیوں کی نسل کشی کے اقدامات پوری طاقت سے جاری رکھے ہوئے ہے۔ امریکہ اور برطانیہ نے جنگ بندی کے لیے روسی قرارداد کو ویٹو کر کے فلسطینیوں پر اسرائیلی جارحیت کو جاری رکھنے کی کھلی چھٹی دے دی ہے۔ جس وجہ سے اسرائیل غزہ کی پٹی میں جنگی جرائم اور نسل کشی کا ارتکاب کر رہا ہے جب کہ ہسپتالوں اور انفرااسٹرکچر کو تباہ کر دیا گیا ہے۔ ہزاروں، فلسطینی اپنی جان گنوا چکے ہیں اور ہزاروں زخمی ہسپتالوں میں زندگی اور موت کی کشمکش میں مبتلا ہیں۔ گذشتہ برس اکتوبر سے اہل فلسطین ایک مسلسل عذاب کا شکار ہیں۔ کم وبیش 30 ہزار جانیں اس آگ کا ایندھن بن چکی ہیں جس نے فلسطینیوں کے جان و مکان کو گھیر رکھا ہے۔ جسمانی معذوروں اور اموال کے نقصان کا کوئی شمار نہیں۔ اس ظلم کے خلاف عالمی برداری، حکومتوں اور عوام نے غیر معمولی احتجاج کیا ہے۔ مگر مسلم امہ نے صرف "گونگلوں" سے مٹی جھاڑتے ہوئے نام نہاد احتجاج کیا ہے۔ اسرائیل کی وحشیانہ بمباری سے غزہ کے 17 لاکھ شہری بے گھر اور 365 مربع کلومیٹر پٹی کے رہائشی علاقے مکمل طور پر تباہ ہو چکے ہی۔ اسرائیل نے غزہ میں بدترین جنگی جرائم اور سفاکانہ قتل و غارت کا ارتکاب کرتے ہوئے ہزاروں افراد کو انتہائی وحشیانہ طریقے سے شہید کر دیا ہے۔ زمین پر صرف ایمبولینسوں کے چیختے سائرن، زخمیوں کی سسکیاں اور شہدا کے لواحقین کی آہیں ہی سنائی دیتی ہیں۔ سینکڑوں میڈیکل ورکرز اور درجنوں صحافی بھی اسرائیلی بربریت کا نشانہ بن چکے ہیں۔ غزہ میں اس وقت 50 ہزار حاملہ خواتین موجود ہیں اور 5500 سے زائد زچگی کے قریب ہیں۔ ان کی دیکھ بھال بہت ضروری ہے۔ مگر اسرائیل نے بین الاقوامی قوانین اور انسانی حقوق کی دھجیاں اڑا دی ہیں۔ غزہ میں موجود زیرزمین سرنگوں کے نیٹ ورک کو تباہ کرنے کے لیے اسرائیل نے ان سرنگوں میں سمندری پانی پمپ کرنے کے منصوبے پر عمل کا آغاز کر دیا ہے۔ اس منصوبے پر عمل سے مستقبل میں خطے کے قدرتی ماحول پر بے پناہ خطرناک اثرات مرتب ہوں گے۔ ماہرین ماحولیات نے خبردار کیا ہے کہ یہ منصوبہ غزہ کو زیر زمین پینے کے قابل پانی سے محروم کردے گا اور 141 مربع کلومیٹر کے علاقے میں جو زراعت ممکن ہے وہ بالکل ناممکن ہو جائے گی۔ دراصل یہ منصوبہ نسل کشی کے جرم کے عناصر میں سے ایک ہے۔

اسرائیلی مظالم پر پہلی دفعہ اتنے بڑے پیمانے میں دنیا بھر کے اندر لوگوں کی طرف سے شدید ردعمل سامنے آیا ہے اور فلسطینیوں کے حق میں نکلنے والے مظاہروں سے عیاں ہے کہ غزہ کی جنگ نہایت سرعت کے ساتھ عالمی منظر نامے پہ سایہ فگن ہو چکی ہے۔ پوری دنیا میں صدائے احتجاج کا سلسلہ جاری ہے۔ ہر طبقہ ہائے فکر کے لوگ فوری جنگ بندی کے مطالبات کر رہے ہیں۔ اہل غزہ کی ہمت و حوصلہ اپنی جگہ اور عالمی امن کے ٹھیکیداروں کی سنگ دلی اپنی جگہ۔ مگر عالم اسلام کے حکمرانوں کی عمومی بے حسی بھی اپنی مثال آپ ہے۔ کسی مسلمان حکمران نے مغرب کی طرف سے اسرائیل کی غیر مشروط حمایت پر دو ٹوک بیان نہیں دیا۔ بہت سے مسلم ممالک امریکہ اور دیگر مغربی ممالک سے اپنے تعلقات خراب ہونے کے خوف سے دنیا کے سامنے فلسطین کے حوالے سے کوئی کھلا موقف رکھنے سے عاری ہیں۔ وقت کے ساتھ ساتھ مسلم امہ اس قدر نڈھال ہو چکی ہے کہ اسرائیل کے مظالم کے خلاف احتجاج کے لیے اس کی آواز بھی ٹھیک طرح سے نہیں نکل رہی ہے۔ آج مسلم ممالک کی حالت اس قدر ابتر ہو چکی ہے کہ وہ نہ تو امریکہ جیسے ملک سے لڑ سکتے ہیں اور نہ ہی ان سے دوستی کے قابل ہیں۔ کیونکہ مسلم ممالک کی اکثریت کے پاس سر اٹھا کر چلنے کو کچھ ہے ہی نہیں۔ یہ کیفیت امریکہ کے لیے بہت سود مند ہے۔ کیونکہ خلیجی اور دیگر عرب ریاستیں اب تک اس کے سحر سے آزاد نہیں ہو پائی ہیں۔ اس خطے کی قیادت اور عوام کے ذہنوں پر امریکہ ایک ہوا کی طرح سوار ہے۔ بڑے خلیجی ممالک کسی بھی طرح امریکہ کو بائی پاس کرنے کا سوچ بھی نہیں سکتے۔ جب تک مسلم امہ میں خامیاں موجود ہیں۔ جب تک مسلم امہ ترقی کی راہ پر گامزن نہیں ہوتی۔ تب تک بہتری کا کوئی چانس موجود نہیں ہے اور جب تک مسلم امہ کی طرف سے باطل قوتوں کے خلاف متحد ہو کر مشترکہ حکمت عملی کے تحت اقدامات نہیں کیے جائیں گے تب تک اسرائیلی طرز کی دہشت گردی کو نہیں روکا جاسکے گا اور مسلم امہ کے 57 ممالک اسرائیلی جارحیت پر خاموش تماشائی بنے رہیں گے۔ ایسے میں مسلم امہ اگر آج زندہ ہوتی اور اس کے حکمران غیرت و حمیت سے مالا مال ہوتے تو دنیا کی کوئی طاقت ان کو چیلنج نہ کر سکتی۔ وہ زمانے میں معزز تھے مسلماں ہو کر اور تم خوار ہوئے تارکِ قرآں ہو کر

ناداں! پوچھتے ہیں تحریک آزادی میں علما کا کردار۔۔۔

اعجاز خاں میو

میں ملکہ ایلزبتھ کی اجازت سے ایک سو تاجروں نے تیس ہزار پونڈ کی خطیر رقم لگا کر ایک تجارتی ادارہ ایسٹ انڈیا کمپنی کے نام سے قائم کیا جس نے مغربی بنگال کو اپنا مرکز بنایا اور ڈیڑھ سو سال بعد جب اورنگ زیب عالمگیر کے بعد مغلیہ حکومت کی بنیادیں کمزور پڑ گئیں اور ملک میں انارکی اور طوائف الملوکی کا دور دورہ ہوا تو ایسٹ انڈیا کمپنی نے کھلم کھلا نظام حکومت میں مداخلت شروع کردی۔ جنگ پلاسی میں میر جعفر کی غداری سے نواب سراج الدولہ کو شکست کا منہ دیکھنا پڑا اور پورے بنگال پر انگریز قابض ہوگئے۔ جب نواب شجاع الدولہ کو بکسر میں شکست ہوئی تو بہار و بنگال انگریز کے قبضے میں چلے گئے۔ بطل حریت سلطان ٹیپو کی شہادت کے بعد انگریزوں نے میسور پر قبضہ کیا اور پھر وہ وقت بھی آ پہنچا جب دہلی پر بھی کمپنی کی حکومت قائم ہوگئی اور مغل بادشاہ کا صرف نام رہ گیا۔ ان علاقوں پر انگریزوں نے فتح حاصل کرنے کے لیے کیا کیا تدبیریں کیں مسز اینی بیسنٹ کی زبانی سنئے: کمپنی والوں کی جنگ سپاہیوں کی جنگ نہ تھی بلکہ تاجروں کی جنگ تھی۔ ہندوستان کو انگلستان نے اپنی تلوار سے فتح نہ کیا بلکہ خود ہندوستانیوں کی تلوار سے اور رشوت وسازش، نفاق اور حد درجہ کی دورخی پالیسی پہ عمل کر کے ایک جماعت کو دوسری جماعت سے لڑا کر اس نے یہ ملک حاصل کیا۔ دہلی پر قبضہ کرنے کے بعد سات سمندر پار سے آنے والے گورے نے یہ نعرہ لگایا: آج سے ہندوستان ہمارا ہے۔ بلکہ تکبر و غرور میں ایک گورے نے یوں کہا: اگر آسمان بھی اس پر گرنا چاہے تو ہم اسے اپنے سینگوں کی نوک پر روک لیں گے۔ ملک میں ایسٹ انڈیا کمپنی کے پھیلتے ہوئے جال اور بڑھتے ہوئے اثر و رسوخ کو سب سے پہلے اگر کسی نے محسوس کیا وہ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمہ اللہ تھے۔ آپ کا خاندان اسلام اور مسلمانوں کی سربلندی کے لیے میدان میں آئے اور شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمہ اللہ نے انگریز کے خلاف فتوی دیا کہ مسلمان اب دارالحرب میں ہیں۔ یہ حقیقت میں جنگ آزادی کا پہلا نعرہ تھا۔

آخر کا علما کرام جمع ہوئے کہ انگریز کو کس طرح یہاں سے نکالا جائے اس موقع پر ایک بزرگ یوں گویا ہوئے کہ انگریز سے مقابلہ کرنا ہمارے بس کی بات نہیں ان کی بات سنتے ہوئے ایک ستائیس سالہ نوجوان جذبہ جہاد سے سرشار مولانا محمد قاسم نانوتوی رحمہ اللہ تڑپ کر بولے: کیا ہم بدر میں لڑنے والوں سے بھی زیادہ بے سروسامان ہیں۔ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی رحمہ اللہ کو امام اور حضرت نانوتوی رحمہ اللہ کو سپہ سالار اور مولانا رشید احمد گنگوہی رحمہ اللہ کو قاضی مقرر کر کے مولانا منیر نانوتوی اور حافظ ضامن شہید رحمہ اللہ کو افواج کے دو حصوں کا افسر متعین کر کے جہاد کی کارروائیاں شروع کر دیں گئیں۔ لیکن اسباب و وسائل کی قلت اور سکھوں کی مخالفت کی وجہ سے انگریز کے خلاف علم بغاوت بلند کرنے والے ان اہل حق کی کوششیں کامیابی کو نہ چھو سکیں اور پھر انگریز کی ظلم کی چکیاں ان پر مزید تیز تر ہوگئیں۔ مسلمانوں پر یہ بڑا سخت وقت تھا کہ ان کو محض اسلام سے وابستگی کی سزا دی جا رہی تھی۔ کہیں پر کالا پانی، کہیں پر کال کوٹھڑیاں کھول دی گئیں۔ ہر گلی کوچے میں پھانسیاں دی گئیں۔ تحریک آزادی کی لہر چلی تو نہ صرف یہ کہ سارے مدرسے گرا دیئے بلکہ پورے دلی شہر میں ایک بھی عالم، طالب زندہ بچ نہ سکا۔

انگریز مورخین اور عینی شاہدین لکھتے ہیں کہ دہلی شہر تقریبا ویران شہر بن گیا تھا۔ ایک انگریز مورخ لکھتے ہیں: میں نے دہلی اور مضافات میں پچاس کلو میٹر تک سفر کیا، ایسا کوئی درخت نہ دیکھا جس پر کسی عالم یا طالب علم کی لاش نہ لٹکی ہو۔ ہزاروں طلبہ اور اساتذہ کو چن چن کر قتل کیا گیا۔ دہلی کے تمام بڑے مدارس بند کر دیے گئے۔ مدرسہ رحیمیہ کو ضبط کر کے نیلام کر دیا گیا۔) سب سے مشہور ادارہ مدرسہ رحیمیہ تھا جسے شاہ ولی اللہ دہلوی نے بنیاد فراہم کی۔ ان کے بیٹوں اور پوتوں نے اسی مدرسے کے ذریعے عوام و خواص کو بیدار کیا۔(جنگ آزادی سے چودہ برس پہلے ہی گورنر جنرل ہند نے یہ کہہ دیا تھا: مسلمان بنیادی طور پر ہمارے مخالف ہیں۔

اس جنگ میں دو لاکھ مسلمانوں کو شہید کیا گیا جن میں ساڑھے اکیاون ہزار علما کرام تھے۔ انگریز علما کے اتنے خلاف ہو گئے تھے کہ ڈاڑھی اور لمبے کرتے والوں کو دیکھتے ہی پھانسیاں دے دیتے تھے۔ ایڈورڈ ٹامسن نے شہادت دی ہے کہ صرف دہلی میں پانچ سو علما کو پھانسی دی گئی پوری دہلی کو مقتل میں تبدیل کر دیا گیا تھا مرزا غالب کی زبان میں۔ چوک جس کو کہیں وہ مقتل ہے گھر نمونہ بنا ہے زنداں کا شہر دلی کا ذرہ ذرہ خاک تشنہ خوں ہے ہر مسلمان کا

دہلی، کلکتہ، لاہور، بمبئی، پٹنہ، انبالہ، الہ آباد، لکھنو، سہارنپور، شاملی اور ملک کے چپے چپے میں مسلمان اور دیگر مظلوم ہندوستانیوں کی لاشیں نظر آرہی تھیں۔ علما کرام کو زندہ خنزیر کی کھالوں میں سی دیا جاتا پھر نذر آتش کر دیا جاتا تھا کبھی ان کے بدن پر خنزیر کی چربی مل دی جاتی پھر زندہ جلا دیا جاتا تھا۔ علما کی ایک لمبی فہرست میں سے چند ایک کا ذکر کرنا چاہوں گا جنہوں نے تحریک آزادی کے دوران اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا - مولوی محمد باقر دہلوی) اردو کے پہلے شہید صحافی (جنہوں نے اخبار دہلی کے ذریعے انگریزوں کے خلاف بیداری پھیلائی۔ توپ کے دہانے پر باندھ کر شہید کیے گئے۔ مولانا احمد اللہ شاہ) فرنگی محل، لکھنو (جنہوں سپاہیوں کو جہاد پر ابھارا۔ مولوی فیضی بھی ان کے ساتھ تھے۔ مولانا فضل حق خیرآبادی جنہوں نے جہاد کا فتوی جاری کیا۔ قید و بند کے بعد جزائر انڈمان) کالا پانی (بھیجے گئے۔ مولانا عبداللہ اور مولانا عبدالرحیم) بیٹے شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی کے (جو براہ راست جنگ میں شریک ہوئے۔ گرفتار ہوئے اور شہید کیے گئے۔ مولانا جعفر تھانیسری جنہیں گرفتار ہو کر انڈمان کی قید میں عمر کاٹنی پڑی۔ بعد میں اپنی مشہور کتاب تذکرہ لکھی جس میں وہ ظلم بیان کرتے ہیں۔

انگریز نے مسلم امہ کو اپنا غلام بنانے کے لیے ایسے لوگ تیار کیے جو اسلام کا لبادہ اوڑھ کر انگریز کے نظریات کی ترویج کریں۔ اسی حوالے سے لارڈ میکالے نے نعرہ لگایا تھا: ہماری تعلیم کا مقصد ایسے نوجوان تیار کرنا ہے جو رنگ و نسل کے اعتبار سے ہندوستانی ہوں اور ذہن و دماغ کے اعتبار سے انگلستانی ہوں۔ اس کے مقابلہ میں علما اسلام نے نظریاتی سرحدات کی حفاظت کرتے ہوئے اور اپنی ذمہ داریوں کا احساس کرتے ہوئے غلبہ اسلام کا بیڑا اٹھایا اور مولانا محمد قاسم نانوتوی رحمتہ اللہ علیہ نے یوپی کے علاقے دیوبند میں ایک مدرسہ کی بنیاد ڈالی اور یہ اعلان کیا: ہماری تعلیم کا مقصد ایسے نوجوان تیار کرنا ہے جو رنگ و نسل کے اعتبار سے ہندوستانی ہوں اور ذہن و دماغ کے اعتبار سے اسلامی ہوں۔ اسی مدرسہ میں ایک انار کے درخت کے نیچے بیٹھ کر محمود نامی استاد نے محمود نامی شاگرد کو پہلا سبق پڑھایا۔ اسی پہلے طالب علم نے جو بعد میں شیخ الہند مولانا محمود حسن کے نام سے مشہور ہوئے انگریزوں کو برصغیر سے نکالنے کے لیے باقاعدہ تحریک ریشمی رومال چلا کر کارروائیاں شروع کیں۔ جب آپ مکہ میں پہنچتے ہیں تو سلطنت عثمانیہ کے تاجدار چل کر آتے ہیں اور ملاقات کر کے یہ طے کرتے ہیں: نہ صرف ہندوستان بلکہ پورے عالم سے انگریز کا خاتمہ کیا جائے۔ ان اکابر کی محنت سے ہندوستان میں آزادی کی تحریک شروع ہو چکی تھی۔ بعد ازاں مسلم لیگ کے نام سے ایک تحریک شروع ہوئی جو دو قومی نظریے کی حامل تھی۔ جس کا مطلب یہ تھا کہ ہندوستان میں دو قومیں یعنی مسلم اور کافر اکٹھے نہیں رہ سکتے۔ ہم علیحدہ ملک بنائیں گے جس میں مسلمان آزادی سے اپنے دین پر چلیں گے۔ ان کی قیادت جناب مسٹر محمد علی جناح، لیاقت علی خان، نواب سلیم اللہ، خواجہ ناظم الدین وغیرہ دیگر حضرات کر رہے تھے جن کی اکثریت دینی زندگی سے عاری تھی۔ صرف روایتی مسلمان تھے اسلام کے تقدس اور اس کی اہمیت و قیمت سے واقف نہ تھے۔ جب ان حضرات نے نعرہ لگایا: پاکستان کا مطلب کیا؟ لا إله إلا الله! تو لوگ حیران تھے جن کی اپنی شکل و صورت اور بود و باش اسلامی نہیں وہ اسلام کے دعویدار کیسے ہیں؟ چنانچہ مذہب کے راستے مسلمانوں کی حمایت اور مقبولیت حاصل کرنے کے لیے لیگی رہنماوں نے علما کو ساتھ ملایا۔ بالآخر حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمتہ اللہ علیہ اور آپ کے متوسلین نے ان کی حمایت کا اعلان کیا تو اب تحریک آزادی و تقسیم ہند کو عروج ملا۔ آگے علما ہوتے پیچھے یہ لوگ تو عوام الناس میں مقبولیت ملی اور یہ تحریک زور پکڑتی گئی۔ جناب محمد علی جناح جو سیاست کو مذہب سے الگ رکھنے پر مصر تھے

اسلام کا مثالی نظامِ طلاق اور اس کی مثالی خوبیاں

اسلام نے طلاق کو ازدواجی ناخوشگواریوں کا ابتدائی حل نہیں، بلکہ اصلاحِ حال کا آخری حل اور مرحلہ قرار دیا

حافظ گل ریز خان فاروقی

انسانوں کے باہمی تعلقات میں ازدواجی تعلق کو جو اہمیت حاصل ہے وہ کسی وضاحت کا محتاج نہیں۔ اس تعلق کے ذریعے دو اجنبی ازدواجی بندھن میں بندھ جاتے ہیں اور شیر شکر، ایک جان دو قالب ہو کر محبت والفت، باہمی ہمدردی وغمخواری سے زندگی گزارنا شروع کر دیتے ہیں۔ لیکن دوسری طرف یہ بھی ایک اٹل حقیقت ہے کہ زندگی ہمیشہ ایک حالت پر اور یکساں نہیں رہتی، بلکہ اس میں تغیر وتبدل اور نشیب وفراز آتے رہتے ہیں۔ کبھی میاں کو بیوی کی کوئی حرکت ناپسند آجاتی ہے تو کبھی اس کے برعکس بیوی کو میاں کی کسی بات یا کام سے چڑ ہو جاتی ہے اور ایسا ہونا ایک فطری بات ہے۔ جس سے بعض اوقات نوبت یہاں تک پہنچ جاتی ہے کہ میاں بیوی کو ایک دوسرے سے جدا ہونا پڑ جاتا ہے۔ جس کے لیے ایک نظام کی ضرورت ہے اور یہی نظام "طلاق" ہے۔

"طلاق" کا اپنا معنی بندش کھولنے، کسی چیز کو چھوڑ دینے، ترک کر دینے اور آزاد کر دینے کے ہے۔ اسلامی اصطلاح میں طلاق فوراً یا تاخیری اثر کے ساتھ مخصوص لفظ کے ذریعہ قیدِ نکاح کو ختم کرنے کا نام ہے۔

طلاق کا تصور اقوام سابقہ میں

طلاق ایک حکیمانہ قانون ہے۔ ایک جگہ پڑھا کہ سب سے پہلے طلاق کا استعمال حضرت اسمٰعیل علیہ السلام نے کیا۔ اس کے بعد حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانے میں تورات میں طلاق کا حکم نازل ہوا کہ طلاق کے بعد جب تک عورت دوسری شادی نہ کرے وہ اپنے شوہر کے لیے حلال ہے، جب دوسری شادی کر لے تو پہلے شوہر کے لیے ہمیشہ کے لیے حرام ہو گئی۔ اس کے بعد حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے زمانے میں طلاق کا دوسرا قانون نازل ہوا جس میں نکاح کے بعد مطلقاً طلاق دینے سے منع کر دیا گیا یعنی کسی عورت سے شادی کے بعد اس سے علیحدہ ہونے کی کوئی صورت نہیں تھی۔ اسی طرح ہندومت میں بھی طلاق کا ایسا ہی نظام تھا، لیکن یہ ایک غیر فطری تصور تھا، اسی لیے بالآخر ہندو اور عیسائی اقوام نے اپنی گردن سے اس قانون کے طوق کو اتار پھینکا اور آج ہندوستان اور مغربی وعیسائی ممالک میں ہر جگہ طلاق کی گنجائش پیدا کی گئی ہے، لیکن اس کے باوجود یہ دونوں مذاہب حد اعتدال کو قائم رکھنے میں پھر بھی ناکام رہے، چنانچہ مغربی اقوام نے تو اس میں اس درجہ افراط سے کام لیا ہے کہ گویا نکاح بچوں کا گھروندا ہے، جسے صبح بنایا گیا اور شام توڑ دیا گیا، اور ہندوؤں نے اس میں اس درجہ تفریط سے کام لیا کہ اگر ایک عورت طلاق لینا چاہے تو اس کے لیے اتنا وقت چاہیے کہ عورت کی جوانی کورٹ کے در و دیوار کی نذر ہو جاتی ہے۔

اسلام کا مثالی نظام طلاق

اسی طرح اسلام کی آمد سے پہلے زمانہ جاہلیت میں بھی طلاق کا رواج تھا، لیکن نہ اس کی کوئی حد مقرر تھی اور نہ ہی کوئی عدد، اس لیے ایک شخص اپنی بیوی کو طلاق دیتا پھر اس سے رجوع کر لیتا وہ اس کی بیوی ہو جاتی اور جب کوئی شخص اپنی بیوی کو پریشان کرنا اور تکلیف دینا چاہتا تو طلاق کا سہارا لیتا، چنانچہ وہ اس کو طلاق دیتا پھر جب اس کی عدت پوری ہونے لگتی تو رجوع کر لیتا پھر اس کو طلاق دے دیتا پھر عدت کے ختم ہونے پر رجوع کر لیتا اور یہ سلسلہ چلتا رہتا اس طرح وہ عورت نہ تو شوہر والی ہوتی اور نہ آزاد ہوتی کہ دوسری شادی کر سکے۔ اسلام نے نظام طلاق کی ان خامیوں کا بخوبی ادراک کیا اور ایک ایسا جامع اور مثالی نظام پیش کیا جس کا نمونہ پیش کرنے سے تمام مذاہب سماویہ وغیر سماویہ عاجز وقاصر ہیں۔

اسلام نے شوہر کو بیوی کے حقوق ادا کرنے کی تلقین کی اور فرمایا تم میں بہترین انسان وہ ہے جو اپنی بیوی کے ساتھ اچھا سلوک کرے، آپ ﷺ نے حضرت عائشہ اور دیگر ازواج مطہرات سے محبت کا بہترین نمونہ امت کے سامنے پیش کر کے بتایا کہ شوہر کو اپنی بیوی سے خوب محبت کرنی چاہیے اور اس کے حقوق کا مکمل خیال کرنا چاہیے، اسی طرح اسلام نے عورتوں کو بھی ہدایت دی کہ شوہر کے حقوق کی رعایت کریں، اس کی خدمت کریں، آپ ﷺ نے فرمایا: اگر میں اللہ تعالیٰ کے علاوہ کسی کو سجدہ کا حکم دیتا تو عورتوں کو حکم دیتا کہ وہ اپنے شوہروں کو سجدہ کریں۔ اسلام نے اس رشتے کو دوام بخشنے کی تلقین اور دائمی الفت ومحبت کی ترغیب فرمائی۔

اسلام کے مثالی نظام طلاق کی خوبیاں

طلاق کو ناپسند قرار دیا

اسلام نے طلاق کو مجبوری کی وجہ سے جائز قرار دیا ہے۔ اور مردوں کو بلا ضرورت طلاق دینے سے سختی کے ساتھ منع کیا ہے۔ چنانچہ نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے کہ حلال وجائز کاموں میں طلاق سے زیادہ کوئی چیز اللہ کے نزدیک ناپسندیدہ نہیں۔ (ابوداؤد) اسی وجہ سے فقہائے امت فرماتے ہیں کہ اصل کے اعتبار سے طلاق ممنوع ومحظور ہے، لیکن ضرورت کی بنا پر اس کو جائز ومباح کر دیا گیا ہے۔ یعنی اگر اصل کے اعتبار سے دیکھا جائے تو طلاق دو خاندانوں میں جدائی کا سبب بنتی ہے جس سے کئی قسم کے معاشرتی مفاسد جنم لیتے ہیں، لیکن دوسری طرف یہ بھی حقیقت ہے کہ اگر میاں بیوی کا باہمی تعلق ناخوشگوار ہو جائے اور دونوں حقوق زوجیت کی ادائیگی میں ناکام ثابت ہوں تو پھر یہی ناپسندیدہ فعل ایک ضرورت کی شکل اختیار کر لیتی ہے۔ علامہ ابن عابدینؒ طلاق کے بعض محاسن کا تذکرہ فرماتے ہوئے لکھتے ہیں کہ طلاق سے میاں بیوی کے مابین بہت سے دینی اور دنیاوی مکروہات اور مفسدات کا خاتمہ ہو جاتا ہے اور دونوں اپنی آئندہ زندگی کے بارے میں نئے سرے سے سوچنے کے لیے آزاد ہو جاتے ہیں۔

طلاق کی باگ مردوں کے ہاتھ میں

اسلام کے نظام طلاق کی ایک خوبی یہ بھی ہے کہ اسلام نے طلاق کی باگ مردوں کے ہاتھ میں رکھی۔ عورت میں فطری طور پر قوتِ فیصلہ کی کمی پائی جاتی ہے اور وہ حالات سے بہت جلد متاثر ہوتی ہے، جبکہ دوسری طرف مرد نکاح کے نتیجے میں پیدا ہونے والی تمام ذمہ داریوں کا مسئول اور جواب دہندہ بن جاتا ہے اور فطری طور پر مختلف حالات سے جلد متاثر ہوئے بغیر نسبتاً صحیح فیصلہ کرنے کی غیر معمولی قوت اس کو ودیعت کی گئی ہے، اس لیے معاہدہ نکاح کو ختم کرنے کا اختیار مرد کو دیا گیا ہے، لیکن عورت کو بھی بالکل مرد کے رحم وکرم پر نہیں چھوڑا گیا ہے، بلکہ مرد کی جانب سے ظلم وتشدد کے پیشِ نظر اس کو بھی مخصوص حالات میں خلع یا تنسیخ نکاح کا حق دیا گیا ہے۔

طلاق اصلاحِ حال کا ابتدائی نہیں آخری حل

اسلام کے نظام طلاق کی ایک بڑی خوبی یہ ہے کہ اسلام نے طلاق کو ازدواجی ناخوشگواریوں کا ابتدائی حل نہیں، بلکہ اصلاح حال کا آخری حل اور مرحلہ قرار دیا۔ اس موقع پر قرآن کریم نے بہترین رہنمائی کی ہے کہ اگر بیوی واقعی نافرمان ہو اور شوہر کو اس کا جائز حق دینے سے گریزاں ہوں تو اولاً شوہر مناسب انداز میں سمجھائے، وعظ ونصیحت اور تذکیر سے کام لے۔ اگر اس سے کام نہ چلے تو شوہر ہلکے پھلکے انداز میں پٹائی بھی کر سکتا ہے، بشرطیکہ اس میں تنبیہ کا پہلو ہو عذاب اور تکلیف دینا مقصود نہ ہو، اس سے بھی کام نہ چلے تو اس کا بستر الگ کر دے، غیرت مند خاتون کے لیے شوہر سے الگ بستر پر سونا کسی مار سے کم نہیں ہے۔ ان تین مراحل سے شوہر خود گزرے؛ لیکن اگر اس سے کام نہ چل سکے اور ازدواجی زندگی پٹری پر نہ آسکے اور نااتفاقی بڑھتی چلی جائے تو پھر دونوں خاندان کے بزرگ اور سمجھدار لوگ بیٹھ کر دونوں فریق کی بات سنجیدگی سے سنیں اور صلح کی کوشش کریں، اگر دونوں خاندان کے بزرگ اصلاح کی نیت سے بیٹھیں گے تو اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ اللہ تعالیٰ دونوں میں صلح اور خیر کی سبیل پیدا کر دے گا؛ لیکن اگر داخلی اور خارجی تمام کوششیں ناکام ہو جائیں اور دونوں کی زندگی اجیرن بن چکی ہو، اور نہ صرف ان دونوں کی، بلکہ دونوں خاندن کے لوگ متاثر اور ذہنی تناؤ کا شکار ہوں اور دونوں کے علیحدہ ہونے کے علاوہ کوئی دوسرا راستہ نہ ہو تو پھر قرآن کی ہدایت ہے کہ مرد عورت کو ایک طلاق دے دے، اور وہ بھی ایسی پاکی کی حالت میں دی جائے جس میں بیوی سے صحبت نہ کی ہو، اس کو "طلاق رجعی" کہتے ہیں۔ طلاق کے بعد اگر دونوں کو اپنی غلطی کا احساس ہو اور دوبارہ ازدواجی رشتہ برقرار رکھنا چاہیں تو عدت میں بلا نکاح کے رجوع کر سکتے ہیں اور عدت کے بعد دوبارہ نکاح کے ذریعہ عورت کو اپنی بیوی بنا سکتا ہے۔ اگر رجوع یا نکاح کے بعد پھر ناچاقی پیدا ہو جائے اور دونوں میاں بیوی علیحدہ ہونے میں ہی عافیت محسوس کریں تو شوہر دوسری طلاق دے سکتا ہے۔ اس کے بعد پھر اگر دونوں باہم مل کر رہنا چاہیں تو عدت میں رجوع اور عدت کے بعد دوبارہ نکاح کر سکتے ہیں۔ اگر دوسرے نکاح کے بعد پھر سے دونوں کے درمیان ان بن ہو جائے اور لڑائی جھگڑے کا بازار گرم رہے اور شوہر کو یقین ہو جائے کہ اس رشتے کو نبھانا ناممکن ہے اور دو بار کے تجربہ سے بھی ثابت ہو جائے کہ علیحدہ ہونے کے علاوہ کوئی اور راستہ نہیں ہے، بلکہ اسی میں دونوں کے لیے خیر وعافیت ہے تو شوہر عورت کو تیسری بار طلاق دے دے۔ اب کے بار دونوں ہمیشہ کے لیے جدا ہو گئے ہیں، رجعت یا نکاح کے ذریعہ اس رشتے کو قائم کرنے کی کوئی صورت نہیں ہے۔

طلاق کے بعد رجوع کا اختیار

اسلام کے نظام طلاق کی ایک خوبی یہ بھی ہے کہ اگر مرد طلاق دے کر بعد میں اس پر نادم اور پشیمان ہو تو اسے عدت کے دوران رجوع کرنے کا اختیار حاصل ہے۔ یعنی طلاق دے چکنے کے بعد بھی رجوع کا دروازہ بند نہیں ہو جاتا، بلکہ دی ہوئی طلاق کو واپس لے کر مطلقہ کو دوبارہ بیوی بنانے کا حق پوری طرح باقی رہتا ہے۔ ورنہ دنیا کے دوسرے کسی بھی مذہب اور کسی بھی قانون میں یہ خصوصیت نہیں پائی جاتی، بلکہ اس کے برعکس جب ایک طلاق ہو جاتی ہے تو پھر ہمیشہ کے لیے جدائی ہو جاتی ہے۔ امام رازیؒ تحریر فرماتے ہیں کہ اثبات رجعت میں حکمت یہ ہے کہ انسان جب تک اپنی شریکِ حیات کے ساتھ رہتا ہے اسے اس بات کا احساس نہیں رہتا کہ آیا اپنی شریک حیات کی جدائی اس پر شاق گزر سکتی ہے یا نہیں؟ لیکن جب وہ اس سے جدا ہو جاتی ہے تب اسے اس کا صحیح احساس ہو جاتا ہے، لہٰذا اگر اسلام صرف ایک ہی طلاق کو ناقابل رجوع قرار دے دیتا تو انسان کے لیے یہ مشقت بہت سخت ہو جاتی، کیوں کہ بیوی کی محبت کے بعد ہی اس کی محبت ظاہر ہوتی ہے۔ اس لحاظ سے چونکہ یہ تجربہ ایک طلاق سے پورا نہیں ہوتا، اس لیے اسلام نے جدائی کے بعد رجوع کا حق دو طلاقوں تک باقی رکھا۔

رجعت کا حق صرف دو تک

اوپر گزر گیا کہ زمانہ جاہلیت میں طلاق کی نہ کوئی حد مقرر تھی اور نہ عدد، اس لیے ایک شخص اپنی بیوی کو طلاق دیتا پھر اس سے رجوع کر لیتا وہ اس کی بیوی ہو جاتی، پھر طلاق دیتا، پھر رجوع کرتا، اس طرح جتنی بار وہ چاہتا اس طرح کر سکتا تھا، اور یہ سلسلہ چلتا رہتا اس طرح وہ عورت نہ تو شوہر والی ہوتی اور نہ آزاد، کہ دوسری شادی کر سکے۔ اسلام نے عورت کے اس طرح استحصال کرنے کو ختم کرتے ہوئے اور اس ظلم کو مٹاتے ہوئے مرد کو صرف دو طلاقوں کا حق دیا اور صرف دو مرتبہ رجعت کو جائز رکھا، اور یہ واضح کر دیا کہ اس کے بعد طلاق دینے سے عورت اس سے مستقل طور پر جدا ہو جائے گی۔

اسلام نے طلاق کا یہ بہترین نظام دیا ہے جس میں ہر شخص کے لیے عافیت بھی ہے اور رشتہ ازدواج کو دوام دینے کی ہر ممکن کوشش بھی، اور اتحاد وصلح کی تمام صورتوں کے ناکام ہونے کی صورت میں جدا ہونے کا راستہ بھی ہے۔ اسلام کے اس مثالی نظام طلاق ہی کی وجہ سے مسلمانوں کے یہاں طلاق کے واقعات دیگر مذاہب کے مقابلے میں کم، بلکہ نہ ہونے کے برابر ہیں۔ اعداد وشمار اس پر شاہد ہیں۔ لہٰذا ضرورت اس امر کی ہے کہ مسلمان اسلام کے نظام طلاق کو سمجھیں، تاکہ ہمارے اس معاشرے میں خالص اسلامی تعلیمات کی فضا قائم ہو اور خوب امن وسلامتی اور محبت واخوت اور ہمدردی کا سماں ہو۔

غیرت کے نام پر قتل

رشتے سے انکار، پسند کی شادی، شک وشبہ کی بنیاد پر قتل ہونے والوں کی تعداد بھی بڑھتی جا رہی ہے

عبدالباسط ذوالفقار

آج کل ہمارا ملک عجیب ہذیانی کیفیت سے گزر رہا ہے۔ ہر صبح ملک کی مظلوم عوام ایک نئی کہانی سنتی ہے۔ ایسے معلوم پڑتا ہے جیسے اب جنگلوں میں درندے نہیں رہتے، بلکہ وہ انسانی روپ دھار کر ہمارے بیچ ہی موجود ہیں۔ کوئی دن ایسا نہیں کہ جس دن یہ خبر نہ سنی ہو کہ آج انسانی درندے نے کسی کو نہیں نوچا، کسی کو نہیں بھنبھوڑا۔ کسی کی جان نہیں لی۔ آئے روز حوا کی بیٹی درندوں کے ہاتھوں تشدد، استحصال اور ظلم وستم کا شکار ہو کر ماردی جاتی ہے۔ روح تک کانپ اٹھتی ہے۔ انسان جو خود کو پڑھا لکھا کہتا، تہذیب یافتہ سمجھتا ہے وہ اب بھی فرسودہ روایات میں جکڑا ہوا ہے۔ ہمارے معاشرے میں تشدد کا رجحان تشویشناک حد تک بڑھ رہا ہے۔ غیرت کے نام پر قتل معمول بن چکا ہے۔ ایک رپورٹ کے مطابق گزشتہ پانچ سالوں میں تقریباً پانچ ہزار خواتین، نام نہاد غیرت کی بھینٹ چڑھ گئیں۔ رشتے سے انکار، پسند کی شادی، شک وشبہ کی بنیاد پر قتل ہونے والوں کی تعداد بھی بڑھتی ہی جا رہی ہے۔ ہر سال تقریباً 1400 خواتین غیرت کے نام پر قتل کر دی جاتی ہیں۔ غیر سرکاری تنظیم عورت فاؤنڈیشن کے مطابق 2015 میں ملکِ پاکستان میں 1096 خواتین کو قتل کیا گیا۔ 2014 میں 1005 جبکہ 2013 میں غیرت کے نام پر قتل ہونے والوں کی تعداد 869 تھی۔

اکتوبر 2016 میں پارلیمنٹ نے غیرت کے نام پر قتل سے متعلق بل منظور کیا تھا۔ اس نئے قانون کے مطابق غیرت کے نام پر قتل کرنے والے مجرم کے لیے سخت سزا تجویز کی گئی۔ اس کے باوجود تاحال ایسے واقعات کا رونما ہونا قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے۔ گزشتہ دنوں کوہاٹ میں میڈیکل کی طالبہ عاصمہ کا بہیمانہ قتل کیا گیا۔ ملزم تاحال گرفتار نہ ہو سکا۔ ارباب اختیار واقتدار بیان بازی میں ایک دوسرے کو نیچا دکھانے میں مصروف ہیں۔ ایک وزیر کا کہنا تھا کہ اگر یہ قتل پنجاب میں ہوا ہوتا تو ہم مجرم کو کب کا پکڑ کر سخت ترین سزا دے چکے ہوتے۔ ذرا ان سے پوچھا جائے کہ پنجاب میں زینب کیس سمیت دیگر کیسوں میں کتنے مجرموں کو سخت سزا دلائی؟ غیرت کے نام پر زیادہ تر قتل پنجاب ہی میں رونما ہوتے ہیں۔ دوسری طرف کے وزرا دیگر واقعات پر لمبے اور بلند بانگ دعوے تو کرتے ہیں مگر انصاف کی فراہمی میں سستی ہی برتتے دکھائی دیتے ہیں۔ انسانی حقوق کی تنظیم (ایچ آر سی پی) کے مطابق 2016 میں بننے والا قانون بے اثر ثابت ہوا ہے۔ اکتوبر 2016 سے جون 2017 تک کی 9 ماہ کی مدت میں 280 خواتین قتل ہوئیں۔ اور یہ تعداد ان کیسز کی ہے جو رپورٹ ہوئے۔ جب کہ معاشرتی روایات، بدنامی کے خوف، پنچائیت، جرگے کے ڈر، وڈیروں کے ظلم وستم کی وجہ سے کئی والدین ایسے قتلوں کو کسی نہ کسی طرح چھپا لیتے ہیں۔ کہ وہ تو گئی اب چپ رہنے میں ہی عافیت ہے۔ عام تاثر کے برعکس خواتین کے خلاف اس جرم کا تناسب دیہی علاقوں سے زیادہ شہری علاقوں میں پایا جاتا ہے۔ حقوق نسواں کی چیئرپرسن کا کہنا ہے قانون سازی کے باوجود غیرت کے نام پر قتل کی سب سے بڑی وجہ معاشرے میں عورتوں کے حقوق کو تسلیم نہ کرنا ہے۔

معلوم نہیں یہ کیسی غیرت ہے؟ اللہ تعالیٰ نے ایک شخص کا قتل پوری انسانیت کا قتل قرار دیا ہے۔ اور جسے حرمت، اللہ نے عطا کی ہو، اسے کیوں کر قتل کر دیا جاتا ہے؟ کیسی درندگی ہے اور کیسی بے حسی کا عالم ہے۔ وہ جو اپنے والدین کے لیے رحمت ہے اسے، اس کا اپنا باپ قتل کر دیتا ہے تو کہیں وہ بھائی، جو بہنوں کا محافظ کہلاتا ہے ہمیشہ کی نیند سلا دیتا ہے۔ کہیں کوئی کسی کو رشتہ نہ ملنے پر پستول کی گولی کی نذر کر دیتا ہے۔ کہ میری نہیں تو کسی کی نہیں اور کہیں ذاتی عناد، شک وشبہ، ناجائز تعلقات پر بغیر تصدیق کیے غیرت کی بھینٹ چڑھا دیتے ہیں۔ روز ایسے واقعات کا رونما ہونا معاشرے سے برداشت کے ختم ہونے کا تاثر ملتا ہے۔ بھیڑیے کھلے گھوم رہے ہیں۔ اور ان کو بچانے کے لیے پولیس بھی اپنا کردار ادا کرتی ہے۔ مجرم عدالتی نظام میں کمزوری کی بنا رہا ہو جاتے ہیں۔ پیچیدہ نظام سے انصاف کا حصول مشکل ہو جاتا ہے۔ جہاں تحفظ نہ ملے وہاں لولے لنگڑے قانون کا کیا فائدہ۔۔ اس سے مجرم تو فائدہ اٹھا لیتا ہے جب کہ مظلوم کو انصاف نہیں مل پاتا۔ قتل کے بڑھتے واقعات میں اداروں کی کمزوری، معاشرے میں بڑھتی ہوئی بے راہ روی، عدم برداشت، اقدار کی تنزلی کی ایک وجہ اساتذہ، والدین، علما اور دیگر لوگوں کا اپنی ذمہ داریوں سے چشم پوشی ہے۔ دوسرا مجرموں کو عبرتناک سزائیں نہ ملنا ہے۔ جب ایک مجرم کو سزا نہیں ملتی تو انہیں شہ مل جاتی ہے وہ پھر زوری دکھاتے ہیں۔ ہمارا مطالبہ اب بھی وہی، "ایسے مجرموں کو سرعام سزا دینے کا ہے"۔ جس کا تصور 2002 میں قانون کی تبدیلی کے ساتھ ختم کر دیا گیا۔ چالیس سال قبل شاہ فیصل مرحوم سے امریکی مشہور پروفیسر نے سوال کیا تھا سعودیہ میں سزائے موت کیوں ہے جب کہ امریکہ جیسے مہذب ملک میں قتل کی سزا قید کرنا ہے۔ شاہ فیصل مرحوم نے جواب دیا تھا آپ کا قانون مظلوم کو انصاف دینے کے بجائے ظالم کو بچانے کے بہانے ڈھونڈتا ہے اور کمزور دلیل پر مجرم رہا ہو جاتا ہے۔ جس کی وجہ سے صرف نیویارک میں ہر سال 10 ہزار سے زیادہ خواتین کے ساتھ زیادتی ہوتی ہے اور ملزم چند سال گزار کر رہا ہو جاتا ہے۔ اس سال نیویارک میں 8 ہزار کے قریب قتل ہوئے۔ 5 ہزار کے قریب افراد پکڑے گئے جن کو 14 سال کی سزا ہوئی۔ جو کٹ کر آدھی رہ جائے گی۔ بتایا جائے مقتول کو کہاں انصاف ملا ہے؟

سعودی عرب میں 10 قتل ہوئے۔ چند ہفتوں کی محنت سے دس قاتل گرفتار ہوئے۔ جرم ثابت ہوا۔ سر قلم کر دیے۔ ایک طرف مقتول خاندان کو انصاف مل گیا دوسری طرف کروڑوں لوگوں کو سبق مل گیا کہ قاتل بچ نہیں سکتا۔ اب وہ قتل کرنے سے پہلے ہزار بار سوچے گا۔ ہم نے دس افراد کی قربانی دے کر کروڑوں لوگوں کو تحفظ فراہم کر کے مثال قائم کر دی۔ آپ کا مہذب معاشرہ 5 ہزار افراد کو سزا دے کر بھی تحفظ فراہم نہ کیا۔ ظالم آپ ہوئے یا ہم۔ عرض کرنے کا مقصد یہ ہے کہ جب تک سخت ترین سزاؤں کا نفاذ نہیں ہوگا مجرم حوا کی بیٹی کو نوچتے، بے حرمتی کرتے رہیں گے۔ اور اگر ہم آنکھیں موندے بیٹھے رہے مظلوم کے حق میں آواز بلند نہ کی تو یاد رکھیں جرم پر خاموش رہنا بھی ایک طرح سے جرم کا ساتھ دینا ہے۔

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

چوآسیدن شاہ میں درختوں کا قتلِ عام۔ڈی سی سارہ حیات کا نوٹس،اے سی چوآ متحرک۔جنگلات مافیا کی کالی کرتوتیں بے نقاب

ڈی سی کی ہدایت پر اے سی چوآ نے نالی گاؤں کے جنگلات کا دورہ کیا جہاں درجنوں قیمتی درخت غائب پائے گئے

(ایم ایوب سلطانی) تحصیل چوآسیدن شاہ کے جنگلات مافیا نے علاقے کے پہاڑوں اور وادیوں کو اجاڑنے کا سلسلہ تیز کر دیا۔ درختوں کی بے دریغ کٹائی پر میڈیا کی نشاندہی کے بعد بالآخر ڈپٹی کمشنر چکوال سارہ حیات حرکت میں آگئیں اور اسسٹنٹ کمشنر چوآسیدن شاہ کو ہنگامی بنیادوں پر کارروائی کا حکم دے دیا۔ ڈی سی کی ہدایت پر اے سی چوآ نے نالی گاؤں کے جنگلات کا دورہ کیا جہاں درجنوں قیمتی درخت غائب پائے گئے۔ موقع پر موجود نمبرداروں نے اپنی وضاحت میں کہا کہ یہ رقبہ ریونیو اسٹیٹ پی ڈی خان میں شامل ہے جبکہ جنگلات کی رینج رکھ ڈنڈوت ہے جو ڈی ایف او جہلم کے ماتحت ہے۔ میڈیائی جانب سے بشارت اور جھنگڑ کے علاقوں میں ہونے والی بڑے پیمانے پر کٹائی کی نشان دہی پر اے سی چوآ نے اعلان کیا کہ بشارت اور گردونواح کے علاقے کا وزٹ کیا جائے گا اور جو بھی درختوں کی کٹائی میں ملوث پایا گیا اس کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل لائی جائے گی ذرائع کے مطابق جھنگڑ بشارت کے علاقے میں ایک اور سکینڈل بے نقاب ہوا ہے۔ حالیہ بارشوں اور لینڈ سلائیڈنگ کے دوران امریلہ اور چہل ابدال میں گرے ہوئے بڑے بڑے درخت محکمہ جنگلات کے اہلکاروں نے خفیہ طور پر کاٹ کر لکڑی کے ٹال پر فروخت کر دیے، اور عوام کو کانوں کان خبر تک نہ ہونے دی۔ گاؤں نالی کے رہائشیوں نے کہا کہ ماضی میں جب گھروں کے لیے معمولی لکڑیاں کاٹی جاتیں تو محکمہ بھاری جرمانے کرتا تھا، لیکن اب ملی بھگت سے خسرہ جات بدل کر مافیا کو کھلی چھوٹ دے دی گئی ہے۔ عوامی وسماجی حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ نالی گاؤں میں ہونے والی درختوں کی کٹائی پر اعلیٰ سطحی تحقیقاتی کمیٹی تشکیل دی جائے۔

ضلع ننکانہ صاحب میں پنجاب سوشیو اکنامک رجسٹری سروے کا آغاز کر دیا گیا

ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل محمد شاہد کھوکھر کی زیر نگرانی ضلع ننکانہ صاحب میں ٹیب ڈسٹری بیوشن سرمنی منعقد کی گئی

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ضلع ننکانہ صاحب میں پنجاب سوشیو اکنامک رجسٹری سروے کا جانب سے ضلع ننکانہ صاحب کے تمام شہریوں سے گزارش ہے کہ وہ اپنے ضروری دستاویزات

آغاز کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل محمد شاہد کھوکھر کی زیر نگرانی ضلع ننکانہ صاحب میں ٹیب ڈسٹری بیوشن سرمنی منعقد کی گئی، جس کے ساتھ ہی پنجاب سوشیو اکنامک رجسٹری سروے کا باضابطہ آغاز کر دیا گیا ہے۔ ترجمان ضلعی انتظامیہ کے مطابق یہ سروے 18 اگست سے ضلع ننکانہ صاحب میں شروع ہو چکا ہے جس کا مقصد عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں کے لیے درست اور شفاف ڈیٹا جمع کرنا ہے تاکہ حکومت پنجاب کی جانب سے سماجی و معاشی سہولیات عوام تک زیادہ بہتر انداز میں پہنچ سکیں۔ اس سلسلے میں ضلعی انتظامیہ اور سروے ٹیموں کی (شناختی کارڈ، بچوں کے ب فارم، اور دیگر متعلقہ کاغذات) اپنے پاس مکمل رکھیں تاکہ سروے ٹیم کے آنے پر کسی قسم کی دشواری پیش نہ آئے۔ ترجمان ضلعی انتظامیہ نے بتایا کہ سروے کے ضلعی امور کی کوآرڈینیشن اربن یونٹ کے ڈسٹرکٹ مینیجر محمد اویس امتیاز اوکھ کر رہے ہیں، جو ضلعی انتظامیہ اور فیلڈ ٹیموں کے ساتھ قریبی رابطے میں رہ کر سروے کی منصوبہ بندی، عمل درآمد، معیاری نگرانی اور شفاف رپورٹنگ کو یقینی بنا رہے ہیں۔ عوام سے گزارش ہے کہ سروے عملہ کے ساتھ مکمل تعاون کریں اور درست معلومات فراہم کریں تاکہ یہ قومی نوعیت کا اہم سروے کامیابی کے ساتھ مکمل ہو سکے۔

گورنمنٹ گرلز ہائی سکول شاہ برہان نے سٹی ایریا کے 7 بڑے گرلز ہائی سکولوں پر برتری حاصل کر کے میدان مار لیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد کے جماعت نہم کے امتحانی نتائج میں گورنمنٹ گرلز ہائی سکول شاہ برہان نے سٹی ایریا کے 7 بڑے گرلز ہائی سکولوں پر برتری حاصل کر کے میدان مار لیا۔ گورنمنٹ گرلز ہائی سکول شاہ برہان نے نتائج کے تناسب سے شہر بھر میں پہلی پوزیشن حاصل کی۔ سکول کی طالبات نے 72 فیصد نتائج دے کر شاندار کامیابی حاصل کی جبکہ ایجوکیشن بورڈ کا مجموعی نتیجہ تقریباً 51 فیصد رہا۔ شہر کے دیگر سکولوں میں گرلز ہائی سکول 44 فیصد، گرلز ہائی سکول غفور آباد 47 فیصد، گرلز ہائی سکول سیٹلائٹ ٹاؤن 48 فیصد، مدرسۃ البنات 41 فیصد، گرلز ہائی سکول ایم سی گڑھا 50 جبکہ گرلز ہائی سکول جدید 2 کا رزلٹ 52 فیصد رہا۔ ہائی سکول شاہ برہان کی شاندار کامیابی پر تعلیمی حلقوں نے پرنسپل میڈم زاہدہ عظیم اور سکول طالبات و اساتذہ کو مبارکباد پیش کی۔ سکول پرنسپل میڈم زاہدہ عظیم نے کہا کہ سرکاری سکولوں کے بہترین نتائج کا کریڈٹ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف، وزیر تعلیم رانا سکندر حیات کی بہترین پالیسیوں کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

دیپالپور میں انجمن تاجران کی شٹر ڈاؤن ہڑتال میونسپل کمیٹی کی رجسٹری شدہ دوکانات انکروچمنٹ کارروائی کے خلاف احتجاج شدت اختیار کر گیا

دیپالپور (تحصیل رپورٹر) دیپالپور میں میونسپل کمیٹی کی جانب سے دکانیں خالی کرنے کے زبانی احکامات کے خلاف انجمن تاجران کی اپیل پر مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال کی گئی شہر بھر کے کاروباری مراکز بند رہے اور تاجروں نے شدید احتجاج ریکارڈ کرایا۔ انجمن تاجران دیپالپور کے صدر شیخ محمد تسلیم نے کہا کہ میونسپل کمیٹی کی جانب سے دکانوں کی خالی کرانے کی کارروائی غیر قانونی اور بغیر تحریری نوٹس کے کی جا رہی ہے جس سے مقامی تاجروں میں شدید تشویش پائی جاتی ہے انہوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب سے مطالبہ کیا کہ وہ اس معاملے کی شفاف تحقیقات کے لیے فوری طور پر ایک کمیٹی تشکیل دیں تاکہ تاجروں کو ان کے حقوق کا تحفظ کیا جا سکے۔ شیخ محمد تسلیم نے خبردار کیا کہ اگر ان کے مطالبات کو فوری طور پر تسلیم نہ کیا گیا تو آئندہ مرحلے میں تحصیل اور ضلع کی سطح پر شٹر ڈاؤن ہڑتال کی کال دی جائے گی اور احتجاج کا دائرہ وسیع تر کیا جائے گا۔ دوسری جانب شہریوں کو ہڑتال کے باعث روزمرہ کی خریداری میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا جبکہ انتظامیہ کی جانب سے تاحال کوئی باضابطہ ردعمل سامنے نہیں آیا۔

میاں چنوں پی ایس ایل سیز 4 کے حوالے سے میٹنگ کا انعقاد

اس موقع پر ملک مسعود اعوان اور ملک نوید اعوان بھی شریک تھے

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) چیئرمین رانا بابر گروپ حاجی عابد حسین، چوہدری مظہر ستار اور چوہدری خاور سلیم نے پی ایس ایل چیئرمین و لیڈر ٹیپ بال میاں آصف ندیم کی رہائش گاہ پر خصوصی ملاقات کی اس موقع پر ملک مسعود اعوان اور ملک نوید اعوان بھی شریک تھے۔ ملاقات میں پاکستان کے سب سے بڑے اور تاریخی ملک گیر محمد اعوان میموریل ٹیپ بال کرکٹ ٹورنامنٹ کی تیاریوں پر تفصیلی گفتگو ہوئی اور اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ ایونٹ کو کامیابی کی نئی مثال بنانے کے لئے سب مل کر مشترکہ حکمت عملی کے تحت کام کریں گے۔ شرکاء نے کہا کہ یہ ٹورنامنٹ پاکستان کے نوجوان کھلاڑیوں کے لئے نہ صرف سنہری مواقع فراہم کرے گا بلکہ ہمارے شہر کو ملک بھر میں ایک مثبت اور نمایاں شناخت بھی دے گا، ان کا مزید کہنا تھا کہ اس ایونٹ کے ذریعے کھیلوں کے میدان میں نئی توانائی پیدا ہوگی، نوجوان نسل کو صحت مند سرگرمیوں کی طرف راغب کرنے میں مدد ملے گی اور کرکٹ کے شائقین کو اعلیٰ معیار کی تفریح میسر آئے گی، میاں آصف ندیم نے حاجی عابد حسین اور تمام معزز مہمانوں کی آمد پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یہ بیٹھک دراصل اتحاد، بھائی چارے اور کھیلوں کے فروغ کا پیغام ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہر کے باشعور اور کھیل دوست افراد کا ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا ہونا میاں چنوں کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔

ماڈل ٹاؤن فیروزن میں صفائی مہم تیزی سے جاری ہے۔ شمس عمران

سوسائٹی ممبران کی صحت وفلاح محمد خالد وسیم کی پہلی ترجیح ہے۔ عظیم بٹ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ماڈل ٹاؤن سوسائٹی فیروزن میں موسم برسات کے پیش نظر مچھروں کی افزائش اور ڈینگی وائرس کے ممکنہ پھیلاؤ کو روکنے کے لیے جامعہ مہم کا آغاز کر دیا گیا ہے اس مہم کی قیادت محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ کر رہے ہیں جنہوں نے سوسائٹی ممبران کی صحت اور فلاح کو اپنی اولین ترجیح قرار دیا ہے سوسائٹی میں جڑی بوٹیوں پانی کے گڑھوں اور مچھروں کی پناہ گاہوں کو ختم کیا جا رہا ہے تاکہ مچھر کی افزائش کو روکا جا سکے۔ اس مہم کے دوران فوک مشین کے ذریعے باقاعدگی سے سپرے کیا جائے گا جبکہ صفائی کا عملہ اپنی کاوشیں مسلسل جاری رکھے ہوئے ہے ماڈل ٹاؤن کی تمام گلیوں پارکوں اور خالی پلاٹوں سے جڑی بوٹیاں تلف کی جا رہی ہیں اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا کہ ماڈل ٹاؤن سوسائٹی کے ممبران ہمارے لیے فیملی کی مانند ہیں اور ان کی صحت و سلامتی کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ممبران کو حفظان صحت کے اصولوں کے مطابق صاف اور محفوظ ماحول فراہم کرنا ہماری ذمہ داری ہے اور اس مقصد کے لیے ہم دن رات کوشاں ہیں انہوں نے مزید کہا کہ سوسائٹی میں رہنے والے تمام ممبران کے لیے ہماری خدمات ہر وقت حاضر ہیں اور ڈینگی جیسی مہلک بیماریوں سے بچاؤ کے لیے احتیاطی تدابیر اور صفائی کے نظام کو مسلسل بہتر بنایا جا رہا ہے واضح رہے کہ ماڈل ٹاؤن سوسائٹی میں ماضی میں بھی صفائی اور انسداد ڈینگی مہمات کامیابی سے چلائی گئی ہیں

''انصاف کی فراہمی دہلیز تک'' کے تحت ڈی پی او اوکاڑہ کی کھلی کچہریاں

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن ''انصاف کی فراہمی دہلیز تک'' کے تحت ڈی پی او اوکاڑہ کی کھلی کچہریاں۔ ڈی پی او محمد راشد ہدایت کی جامعہ مسجد حضرت عمر فاروق خان کالونی اور پاک میرج ہال علاقہ تھانہ اے ڈویژن میں کھلی کچہریاں۔ شہریوں کی بڑی تعداد کی شرکت، عوام نے اپنے مسائل سے آگاہ کیا۔ مسائل کے حل کیلئے موقع پر متعلقہ افسران کو احکامات جاری، کھلی کچہریوں کا مقصد عوام کی دہلیز تک انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے، کھلی کچہریوں سے عوام اور پولیس کے درمیان اعتماد کی فضا قائم ہو رہی ہے۔

پارکس کی صورتحال کو بہتر بنائے رکھنے کے لئے میونسپل کمیٹی کی جانب اقدامات جاری

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پارکس کی صورتحال کو بہتر بنائے رکھنے کے لئے میونسپل کمیٹی کی جانب اقدامات جاری، اسی سلسلے میں ایڈمنسٹریٹر بلدیہ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل واثق عباس ہرل نے مختلف پارکس کا وزٹ کیا، پارکوں کی صورتحال کو بہتر بنانے کی ہدایات کی، آج مختلف پارکس کا وزٹ کیا ہے اور بہتر بنانے کی ہدایات کی ہیں، ایڈمنسٹریٹر بلدیہ واثق عباس ہرل نے کہا کہ پارکوں کی صورتحال پہلے سے مزید بہتر بنا رہے ہیں، تمام پارکس میں جھولے لگا رہے ہیں نئے بینچ لگا رہے ہیں تاکہ بہتر ماحول فراہم کر سکیں، شہری پارکس کی صورتحال بہتر بنائے رکھنے میں انتظامیہ کا ساتھ دیں،

محکمہ صحت حافظ آباد کی جانب سے سروائیکل کینسر سے بچاؤ کے لیے قومی ویکسی نیشن مہم 15 ستمبر سے شروع ہوگی

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) محکمہ صحت حافظ آباد کی جانب سے سروائیکل کینسر سے بچاؤ کے لیے قومی ویکسی نیشن مہم 15 ستمبر سے شروع ہو گی اس مہم کے دوران 9 سال سے 14 سال تک کی عمر کی بچیوں کو سروائیکل کینسر جیسی مہلک بیماری سے بچاؤ کے لیے مفت حفاظتی ویکسین لگائی جائیگی۔ سروائیکل کینسر سے بچاؤ کی قومی ویکسی نیشن مہم کے سلسلہ میں محکمہ صحت حافظ آباد کی جانب سے آگاہی سیمینار منعقد ہوا۔ سابق ایم پی اے ڈاکٹر مظفر علی شیخ، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر فائق علی تارڑ، ڈی ڈی ایچ او ڈاکٹر ظہیر احمد، مقامی علمائے کرام سید وسیم الحسن نقوی، غلام مصطفیٰ سلطانی، سی ای او ایجوکیشن محمد اکرم اشرف، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر صوفیہ جبیں، ڈپٹی ڈی ایچ او پنڈی بھٹیاں ڈاکٹر سارہ اشرف، ریسکیو آفیسر ہمایوں احمد سمیت دیگر مقررین نے خطاب کیا جبکہ اسسٹنٹ کمشنر میڈم نرجس خاتون جعفری، حاجی لیاقت زوار کھنو، محکمہ تعلیم، صحت، ریسکیو 1122، پاپولیشن ویلفیئر اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران، ملازمین، معززین سیمینار میں شریک تھے۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر مظفر علی شیخ کا کہنا تھا کہ سروائیکل کینسر ایک انتہائی خطرناک اور مہلک مرض ہے اس سے بچاؤ کے لیے کی جانے والی حکومتی کوششیں واقدامات خوش آئند ہیں۔

میونسپل کمیٹی کے ہیڈ کلرک باؤ منظور احمد طویل خدمات سرانجام دینے کے بعد گزشتہ روز ملازمت سے ریٹائر ہو گئے

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) میونسپل کمیٹی کے ہیڈ کلرک باؤ منظور احمد طویل خدمات سرانجام دینے کے بعد گزشتہ روز ملازمت سے ریٹائر ہو گئے۔ اس موقع پر انہیں سی ای اے کے مرکزی چیئرمین امین الحق کھوکھر، چوہدری خضر حیات ورک، نوید وسیم نے انہیں پھولوں کا گلدستہ پیش کیا۔

ریجنل ڈائریکٹر اینٹی کرپشن امجد شہزاد کا علامہ اقبال ہسپتال واقعہ کی انکوائری کا حکم

ایم ایس گورنمنٹ علامہ اقبال ہسپتال سے عملہ کی مبینہ غفلت بارے رپورٹس طلب

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سنیئر صحافی و اینکر پرسن خواجہ محمد عامر جاوید ریجنل ڈائریکٹر اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ کی کھلی کچہری کے دوران گورنمنٹ علامہ اقبال ٹیچنگ ہسپتال کے چلڈرن ایمرجنسی کے طبی عملے کی غفلت، مریض کمسن بچوں کے والدین کیساتھ تحکمانہ انداز میں پیش آنے سمیت تحقیر آمیز لہجے اور ان ٹرینڈ سٹاف نرسز بابت شہریوں کی آواز بن کر آگاہ کر رہے ہیں۔ آر او گوجرانوالہ نے فوری ایکشن لیتے ہوئے سرکل آفیسر اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ سیالکوٹ ملک ندیم منور کو انکوائریاں آفیسر مقرر کرتے ہوئے مکمل تحقیقات کا حکم صادر کیا۔ دریں اثناء سنیئر صحافی و اینکر پرسن عدیل خان نے ایم ایس علامہ اقبال ہسپتال کی پیشہ وارانہ ذمہ داریوں سے غفلت و تین ماہ قبل ہسپتال کے گٹر سے ملنے والی دوشیزہ کی تین دن پرانی مسخ شدہ لاش کی جانب بھی توجہ دلائی جس پر انکوائری کا حکم صادر کیا گیا۔

سیکرٹری پنجاب ایمرجنسی سروس جناب ڈاکٹر رضوان نصیر کی خصوصی ہدایت پر ریجنل ایمرجنسی آفیسر گجرات ڈویژن، سید کمال عابد نے ریسکیو اسٹیشن حافظ آباد کا دورہ کیا

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) سیکرٹری پنجاب ایمرجنسی سروس جناب ڈاکٹر رضوان نصیر کی خصوصی ہدایت پر ریجنل ایمرجنسی آفیسر گجرات ڈویژن، سید کمال عابد نے صورتحال سے نمٹنے کے کیے گئے حفاظتی اقدامات، تحصیل پنڈی بھٹیاں کے زیر آب آنے والے دیہات سے متاثرہ افراد کے بروقت انخلا اور انہیں

ریسکیو اسٹیشن حافظ آباد کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر انجینئر عدنان نواز نے پنجاب ایمرجنسی سروس حافظ آباد کی مجموعی کارکردگی پر تفصیلی بریفنگ دی۔ ریجنل ایمرجنسی آفیسر نے ضلعی دفاتر کے مختلف شعبہ جات، اسٹورز، کنٹرول روم، اکاؤنٹس آفس، گاڑیوں کی مرمت و دیکھ بھال کی ورکشاپ اور ایمرجنسی گاڑیوں میں نصب آلات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے ریسکیو اہلکاروں کی جسمانی فٹنس، پیشہ ورانہ صلاحیت اور خدمات کے معیار کو تسلی بخش قرار دیتے ہوئے ان کی کارکردگی کو سراہا۔ مزید برآں انہوں نے کمیونٹی سیفٹی ونگ میں جاری تربیتی سیشن کا معائنہ کیا اور تربیت حاصل کرنے والے طلباء و طالبات کی حوصلہ افزائی کی۔ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر نے ممکنہ سیلابی محفوظ مقامات پر منتقل کرنے کے عمل، نیز سات فلڈ ریلیف سیکٹرز کے قیام سے متعلق بھی جامع بریفنگ دی۔ دورے کے اختتام پر ریجنل ایمرجنسی آفیسر سید کمال عابد نے ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر حافظ آباد اور R&M ٹیم کی کاوشوں کو خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے اس بات پر اطمینان کا اظہار کیا کہ ریسکیو 1122 حافظ آباد نے مالی سال 2024–25 میں پنجاب بھر میں سب سے کم بجٹ استعمال کرتے ہوئے گاڑیوں کی بہترین مینٹیننس، ایمرجنسی نظام کو فعال رکھنے اور حکومت پنجاب کی کفایت شعاری پالیسی پر عملدرآمد کو یقینی بنایا۔ مجموعی طور پر انہوں نے ٹیم کی کارکردگی کو تسلی بخش قرار دیتے ہوئے بہترین خدمات پر خصوصی شاباش دی۔

مساجد کی تعمیر اور ان کی حفاظت اسلام میں بہت اہمیت رکھتی ہیں: حافظ مقبول احمد

مساجد اللہ تعالیٰ کا گھر ہیں اور مسلمانوں کیلئے عبادت اور اجتماع کی جگہ ہے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) مرکزی علما کونسل پاکستان کے سیکرٹری حافظ مقبول احمد نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ مساجد کی تعمیر اور ان کی حفاظت اسلام میں بہت اہمیت رکھتی ہیں۔ مساجد اللہ تعالیٰ کا گھر ہیں اور مسلمانوں کیلئے عبادت اور اجتماع کی جگہ ہے۔ ان کی بے حرمتی یا انہدام ایک سنگین گناہ ہے۔ مساجد اس معاشرے میں امن اور روحانیت کا پیغام پھیلاتی ہیں اور لوگوں کو ذہنی سکون فراہم کرتی ہیں۔ اسلام آباد مدنی مسجد کو منہدم کرنے کی مذمت کرتے ہیں۔ مساجد اور قرآن کی بے حرمتی بہت بڑا گناہ ہے۔ حکومت وعدے کے مطابق فوری طور پر مدنی مسجد کو از سر نو تعمیر کرے۔ پچاس مساجد کو جاری کیے گئے نوٹس فی الفور واپس لئے جائیں اور جن لوگوں نے مسجد اور قرآن کی توہین کی ہے ان کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ سیکرٹری پاکستان علما مولانا حافظ مقبول احمد نے مدنی مسجد اسلام آباد کو منہدم کرنے پر احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ مساجد کی بے حرمتی سے معاشرے میں بدامنی اور بے چینی پھیلتی ہے۔ مساجد مسلمانوں کی روحانی زندگی کا حصہ ہے۔ مساجد کی حفاظت کرنا اسلامی جمہوریہ پاکستان کی ریاست کی ذمہ داری ہے اور اس کی دیکھ بھال میں حصہ لینا ہر مسلمان کا فرض ہے۔ اللہ کی بارگاہ میں مسجد کے تقدس کو پامال کرنے والے توبہ کریں۔ حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے بہترین جگہیں مساجد ہیں۔ ان کی حیثیت روئے زمین پر ایسی ہے جیسے جسم میں روح کی۔ مساجد اسلامی معاشرے کی دینی، سیاسی، معاشرتی، اخلاقی، رفاہی قیادت کا مرکز ہیں۔ مساجد معاشرے میں اسلام کے زندہ ہونے کی علامت ہیں۔ اسلام میں مساجد کی تعمیر اور انتظام کی ذمہ داری ریاست، کمیونٹی اور مسلم معاشرہ کی ہے کہ وہ مسجد کی تعمیر کا انتظام کریں۔ حکومت نے مدنی مسجد کی تعمیر کا وعدہ 48 گھنٹے میں پورا نہیں کیا۔



چند روز میں درجنوں موٹر سائیکلیں چوری اہلیان نارنگ اب تک سو سے زائد موٹر سائیکلوں سے محروم ہو گئے

نامعلوم ملزمان رکشہ پر آئے اور ہنڈا 70 موٹر سائیکل چوری کر کے لے گئے

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) چند روز میں درجنوں موٹر سائیکلیں چوری اہلیان نارنگ اب تک سو سے زائد موٹر سائیکلوں سے محروم ہو گئے تفصیل کے مطابق بھاگو ڈیال کا رہائشی اعجاز خاں والد کے ہمراہ بھٹے وڈھ میں فصل دیکھنے کھیتوں میں گیا نامعلوم ملزمان رکشہ پر آئے اور ہنڈا 70 موٹر سائیکل چوری کر کے لے گئے نارنگ موڑ کا رہائشی فیضان دوائی لینے حیدری چوک کلینک پر گیا اسی دوران کلینک کے باہر کھڑی ہنڈا 70 موٹر سائیکل غائب ہو گئی چکرالی کا رہائشی ظہیر شاہ مونجی کی لاب لگانے دریا پار گیا کھیتوں کے پاس موٹر سائیکل کھڑی کی جو واپسی پر چور لے جا چکے تھے نارنگ منڈی پولیس نے مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے جبکہ موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں اضافہ اور ریکوری نہ ہونے سے اہل علاقہ میں گہری تشویش پائی جا رہی ہے۔

آر پی او راولپنڈی ریجن بابر سرفراز الپا کا تھانہ چوآسیدن شاہ ضلع چکوال میں کھلی کچہری کا انعقاد

شہریوں کو انصاف کی فراہمی ان کی دہلیز پر پہنچانا اولین ترجیحات میں شامل ہے

چکوال (ایم ایوب سلطانی) اس موقع پر ڈی پی او چکوال و دیگر افسران بھی موجود تھے، کھلی کچہری

میں شہریوں نے اپنی شکایات پیش کیں، جن پر آر پی او نے متعلقہ افسران کو درخواستوں پر کارروائی کر کے متعلقہ ٹائم فریم میں رپورٹ بجھوانے کے احکامات جاری کیے، شہریوں کو انصاف کی فراہمی ان کی دہلیز پر پہنچانا اولین ترجیحات میں شامل ہے تھانہ جات کی سطح پر کھلی کچہری اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے، کھلی کچہریوں کا سلسلہ اسی تسلسل سے جاری رہے گا، بابر سرفراز الپا آر پی او راولپنڈی ریجن بعد ازاں کھلی کچہری آر پی او نے تھانہ چوآسیدن شاہ کا دورہ بھی کیا، دورے کے دوران آر پی او نے تھانہ کی بلڈنگ، حوالات، فرنٹ ڈیسک اور دیگر متعلقہ امور کا جائزہ لیتے ہوئے مختلف ہدایات جاری کیں۔

سیالکوٹ کے معروف گاؤں کھروٹہ سیداں اڈہ والے قبرستان سے ٹیلی فون ٹاور کا ٹرانسفارمر اور میٹر اور چار جنگ پر محکمہ واپڈا نے اتار کر اپنے قبضے میں کر لیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سیالکوٹ کے معروف گاؤں کھروٹہ سیداں اڈہ والے قبرستان سے ٹیلی فون ٹاور کا ٹرانسفارمر اور میٹر اور چار جنگ پر محکمہ واپڈا نے اتار کر اپنے قبضے میں کر لیا جس کی وجہ سے ان لائن کاروبار کرنے والے اور گھریلو صارفین شدید مشکلات میں صارفین کا بیرون ملک ملک مقیم اپنے پیاروں سے رابطہ منقطع مختلف موبائل نیٹ ورکس زونگ ٹیلی نار یوفون نیٹ ورک بند صارفین کو شدید پریشان کی صارفین نے بتایا کہ Zong Jazz u Telenor کی انٹرنٹ سروس بند 48 گھنٹے سے زائد ٹائم گزر گیا مگر سروس بحال نہ ہو سکی صارفین انٹرنیٹ کی بحالی کے منتظر ہیں جبکہ متعلقہ ٹیلی فون کمپنیوں کی جانب سے تاحال کوئی وضاحت سامنے نہیں آئی صارفین نے جیز یو فون ٹیلی نار زونگ کمپنیوں کے مالکان سے فوری انٹرنیٹ کی بحالی کا مطالبہ کیا ہے۔

بدنام زمانہ لیڈی منشیات فروش کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے بھاری مقدار میں چرس برآمد کر لی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ پولیس نے چھاپہ مار کر بدنام زمانہ لیڈی منشیات فروش کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے بھاری مقدار میں چرس برآمد کر لی ہے۔ تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کے نواحی قصبہ باغ والی منڈی احمد آباد میں تھانہ منڈی احمد آباد کے ایس ایچ او عدنان رفیق نے اپنی ٹیم کے ہمراہ چھاپہ مار کر سلمیٰ بی بی سے 11 کلو چرس برآمد کر کے اس کے خلاف مقدمہ درج کر لیا ہے۔

اوکاڑہ کے نواح میں بیوی نے اپنے بھائی کے ہمراہ جائیداد کے لالچ میں شوہر کو قتل کر دیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ کے نواح میں بیوی نے اپنے بھائی کے ہمراہ جائیداد کے لالچ میں شوہر کو قتل کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کے نواحی قصبہ ریاض آباد گوگیرہ کے رہائشی اللہ یار کو جائیداد کے لالچ میں اس کی بیوی زاہد بی بی نے اپنے بھائی احمد علی کے ہمراہ قتل کر دیا اور خودکشی کا ڈرامہ رچا کر نعش کے گلے میں رسہ ڈال کر چھت کے ساتھ باندھ دیا پولیس تھانہ گوگیرہ نے مقدمہ درج کر کے ملزموں کو گرفتار کر لیا ہے۔

تھانہ ستراہ پٹرول پمپ پر نوجوان کو آگ لگانے والا مرکزی ملزم گرفتار

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) فوٹیج اپلوڈ ہونے پر ڈی پی او سیالکوٹ فیصل شہزاد نے واقعہ کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ملزمان کی گرفتاری کے احکامات جاری کیے جس کے بعد تھانہ ستراہ پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے مرکزی ملزم انتظار علی کو قلیل وقت میں گرفتار کر لیا جبکہ دوسرے ملزم تیمور کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔ پولیس کی کارروائی کے بعد مظاہرین نے اپنا احتجاج ختم کر دیا۔ ڈی پی او فیصل شہزاد کا کہنا ہے کہ قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت ہرگز نہیں دی جائے گی ملزمان کو عدالت سے قرار واقعی سزا دلوا کر انصاف کے تقاضے پورے کیے جائیں گے۔ سیالکوٹ پولیس قانون کی بالادستی اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے ہر دم کوشاں ہے۔

محلہ روہی والا لدھیوالا وڑائچ میں انسان کی شکل میں حیوان بے نقاب

بچوں کی رگوں میں زہر گھولنے والا خالد انصاری پنجاب فوڈ اتھارٹی کے ہتھے چڑھ گیا

گوجرانوالہ (ظہیر عباس مہر) محلہ روہی والا لدھیوالا وڑائچ میں عرصہ دراز سے معصوم بچوں اور اہل علاقہ کی زندگیوں سے کھیلنے والا درندہ صفت انسان خالد انصاری بالآخر پنجاب فوڈ اتھارٹی کے ہتھے چڑھ گیا۔ چھاپہ مار کارروائی کے دوران ملزم کے قبضے سے کیمیکل سے بھرے دس تھیلے برآمد ہوئے، جنہیں دودھ میں ملا کر وہ عوام کو زہر پلا رہا تھا۔ مقامی لوگوں کے مطابق یہ شخص کئی سالوں سے دودھ فروش کے نام پر انسانوں کو آہستہ آہستہ موت کے منہ میں دھکیل رہا تھا۔ بچے اور بڑے آئے روز معدے اور جگر کی بیماریوں میں مبتلا ہو رہے تھے مگر اصل وجہ عوام کے سامنے نہیں آ رہی تھی۔ محکمہ پنجاب فوڈ اتھارٹی نے خفیہ اطلاع پر کامیاب کارروائی کرتے ہوئے اس مافیا کے سربراہ کو بے نقاب کیا۔ اہل محلہ اور سماجی حلقوں نے سخت ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایسے درندہ صفت افراد کو سخت سے سخت قانونی سزا دی جائے تاکہ آئندہ کوئی معصوم زندگیوں کے ساتھ کھیلنے کی جرات نہ کر سکے۔ عوام نے حکومت پنجاب اور اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ دودھ مافیا کے خلاف بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن کیا جائے اور انسانی صحت کے ساتھ کھلواڑ کرنے والوں کو نشان عبرت بنایا جائے۔

مصطفیٰ آباد للیانی: منشیات فروشی میں موث 2 افراد گرفتار

ملزمان کے قبضہ سے 3 کلو سے زائد چرس برآمد، پولیس نے مقدمہ درج کر کے کارروائی کا آغاز کر دیا

مصطفیٰ آباد للیانی (نامہ نگار) پولیس نے منشیات فروشی کرنے والے 2 ملزموں کو رنگے ہاتھو ں گرفتار کر کے 3 کلو سے زائد چرس برآمد کر لی، خفیہ اطلاع موصول ہونے پر ایس ایچ او تھانہ مصطفیٰ آباد نے ایس آئی اشفاق احمد اور اے ایس آئی ظہیر احمد کی زیر نگرانی دو چھاپہ مار ٹیمیں تشکیل دے کر فوری مختلف مقامات پر روانہ کر دیں، نفری نے راجباہ کھمن سروس روڈ کے قریب منشیات فروخت کرنے میں مصروف ملزم ابرار حسین عرف بالی کو رنگے ہاتھوں پکڑ کر 1650 گرام چرس برآمد کر لی، علاوہ ازیں پولیس نے دفتوہ روڈ چٹی مسجد کے قریب منشیات کی ترسیل کرنے والے ابرار عرف چندو کو ناکہ بندی کر کے گرفتار کر لیا اور اس کے قبضے سے 1500 گرام چرس برآمد کر لی۔

بدفعلی میں ناکامی پر اوباشوں نے پٹرول چھڑک کر نوجوان کو آگ لگا دی

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) بدفعلی میں ناکامی پر اوباشوں نے پٹرول چھڑک کر نوجوان کو آگ لگا دی، اہل خانہ کا روڈ بلاک کر کے احتجاج، تین ملزمان کے خلاف مقدمہ درج۔ تھانہ ستراہ کے علاقہ کوٹ موکھل کے رہائشی محنت کش ظہور احمد کے بیٹے 16 سالہ قاسم علی کو لالہ نواز پٹرول پمپ پر ملازم علی نے کال کر کے بلوایا کہ ہمیں کھانا لا دو جب قاسم کھانا دے کر واپس گھر آنے لگا تو تیمور نواز، علی اور ایک نامعلوم نے کمرہ میں لے جا کر زبردستی بدفعلی کی کوشش کی قاسم نے بھاگنے کی کوشش کی تو علی نے قاسم پر پٹرول پھینکا اور تیمور نے آگ لگا دی جس سے قاسم بری طرح جھلس گیا اہل خانہ نے روڈ بلاک کر کے احتجاج کیا تو ڈی پی او سیالکوٹ فیصل شہزاد نے واقعہ کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ملزمان کی گرفتاری کے احکامات جاری کیے پولیس کی طرف سے ملزمان کی گرفتاری کی یقین دہانی پر اہل خانہ نے احتجاج ختم کر کے قاسم کو ہسپتال پہنچایا ستراہ پولیس نے باپ کی مدعیت میں تینوں ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے مرکزی ملزم انتظار علی کو قلیل وقت میں گرفتار کر لیا دوسرے ملزم تیمور کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں ڈی پی او فیصل شہزاد کا کہنا ہے کہ قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت ہرگز نہیں دی جائے گی ملزمان کو عدالت سے قرار واقعی سزا دلوا کر انصاف کے تقاضے پورے کیے جائیں گے

دو پولیس مقابلے، فائرنگ کے تبادلے میں دو ڈاکو ہلاک، ایک ڈاکو زخمی

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) دو پولیس مقابلے، فائرنگ کے تبادلے میں دو ڈاکو ہلاک، ایک ڈاکو زخمی، ایلیٹ فورس کا اہلکار بھی شدید زخمی ہو گیا تفصیلات کے مطابق میاں چنوں تھانہ سٹی کی حدود 128 پندرہ ایل میں پولیس کو ڈاکوؤں کی موجودگی کی اطلاع ملی، جس پر پولیس ٹیم موقع پر پہنچی، پولیس کے مطابق گھر میں موجود ملزمان نے اندھا دھند فائرنگ شروع کر دی، جو آدھے گھنٹے تک جاری رہی، ڈی ایس پی جمشید اکرم کے مطابق فائرنگ کے نتیجے میں دو مبینہ ڈاکو ثاقب اور آصف اپنے ہی ساتھیوں کی گولیوں سے مارے گئے، جبکہ ایلیٹ فورس کا اہلکار ندیم شدید زخمی ہوا جسے اسپتال منتقل کر دیا گیا، دوسرے واقعہ میں گاؤں 126 پندرہ ایل کے قریب سی سی ڈی، محکمہ پولیس اور ڈاکوؤں کے درمیان فائرنگ کے نتیجے میں ایک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا، پولیس نے ہلاک ملزمان کی نعشیں ٹی ایچ کیو اسپتال منتقل کر دیں اور زخمی اہلکار کو طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے، ڈی ایس پی کا کہنا ہے کہ واقعے کے بعد علاقے میں سیکیورٹی مزید سخت کر دی گئی ہے، شواہد اکٹھے کر کے تفتیش شروع کر دی گئی ہے جبکہ دیگر ملزمان کی گرفتاری کے لئے کارروائی جاری ہے۔

ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 12 ملزمان کو گرفتار کر لیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری چنیوٹ پولیس نے گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 12 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ مجرمان اشتہاریوں کیخلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 3 اشتہاریوں، 8 عدالتی مفروران کو گرفتار کر لیا گیا۔ منشیات برآمد ہونے پر 1 ملزم کو گرفتار کر لیا گیا۔ جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ ای پولیس پوسٹ کے ذریعے چیکنگ کے دوران 329 مشکوک افراد، 400 مشکوک گاڑیوں کی چیکنگ کی گئی۔ ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر 2 سو سے زائد گاڑیوں کے چالان کیے گئے، 2 لاکھ روپے سے زائد مالیت کے جرمانے کیے گئے۔ اس حوالے سے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد کا کہنا تھا کہ شہریوں کی جان و مال کی حفاظت یقینی بنانے کیلئے عملی اقدامات جاری ہیں۔ ہیومن ریسورس، جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے مختلف جرائم میں ملوث ملزمان کو گرفتار کیا جا رہا ہے۔ تمام وسائل بروئے کار لاتے ہوئے امن و امان کا قیام، شہریوں کی حفاظت کو یقینی بنایا جائے گا۔ آپ کے علاقہ میں جرائم پیشہ عناصر کی موجودگی کی صورت میں قریبی پولیس سٹیشن یا 15 پر اطلاع دیں۔

سابقہ ریکارڈ یافتہ منشیات فروش عمار سمیت 02 منشیات فروش پولیس کی حراست میں

ملزمان کے قبضہ سے 153 کلو 600 گرام چرس، 25 کلو 200 گرام افیون اور ناجائز اسلحہ برآمد

گوجرانوالہ (رب نواز انصاری قوت بیورو) سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے ضلع بھر میں منشیات فروشوں کے خلاف سخت کارروائیاں کرنے کے احکامات جاری کر رکھے ہیں۔ انہی احکامات کے پیش نظر ایس پی صدر ڈویژن شاہد نواز وڑائچ کی ہدایت پر ایس ڈی پی او نوشہرہ ورکاں عمران بیگ کی زیر نگرانی ایس ایچ او تھانہ نوشہرہ ورکاں انسپکٹر عمران نسیم بٹ، سب انسپکٹر شعیب و دیگران پر مشتمل پولیس ٹیموں نے دوران گشت و ناکہ بندی اور تلاش بدرویہ گان اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے سابقہ ریکارڈ یافتہ منشیات سمیت دو منشیات فروشوں کو گرفتار کر کے ملزمان کے قبضہ سے 153 کلو 600 گرام چرس، 25 کلو 200 گرام افیون اور ناجائز اسلحہ برآمد کر لیا۔ گرفتار ملزمان میں سابقہ ریکارڈ یافتہ منشیات فروش عمار اور سیف اللہ شامل ہیں۔ ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے۔ سماجی و سیاسی تنظیموں اور علاقے کے مکینوں کا پولیس کو خراج تحسین۔ اس موقع پر سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے کہا ہے کہ نوجوان نسل کے محفوظ مستقبل کیلئے منشیات فروشوں کے گرد گھیرا تنگ کرنا ناگزیر ہے۔ سی پی او نے اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر ایس ایچ او تھانہ نوشہرہ ورکاں انسپکٹر عمران نسیم بٹ، سب انسپکٹر شعیب اور انکی پولیس کی ٹیموں کو شاباش دی۔

سٹی پریس کلب اوکاڑہ کا تعزیتی اجلاس

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) سٹی پریس کلب اوکاڑہ کا تعزیتی اجلاس، صحافی شیخ عقیل مظفر کے چچا کے انتقال پر اظہار تعزیت، مرحوم کے درجات کی بلندی کے لیے دعائے مغفرت۔ تفصیلات کے مطابق سٹی پریس کلب اوکاڑہ کا تعزیتی اجلاس زیر صدارت عباس علی جٹ منعقد ہوا۔ اجلاس میں پریس کلب کے تمام عہدیداران و ممبران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ممبر سٹی پریس کلب اوکاڑہ شیخ عقیل مظفر کے چچا شیخ بابر کے انتقال پر شیخ عقیل مظفر اور ان کے اہل خانہ سے تعزیت کی گئی۔ اجلاس میں مرحوم شیخ بابر کے درجات کی بلندی کے لیے دعائے مغفرت کی۔ مرحوم شیخ بابر چند روز قبل کراچی میں انتقال کر گئے تھے۔

جہلم تھانہ سٹی پولیس نے ساؤنڈ سسٹم آرڈیننس کی خلاف ورزی پر مقدمہ درج کر لیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم تھانہ سٹی پولیس نے ساؤنڈ سسٹم آرڈیننس کی خلاف ورزی پر مقدمہ درج کر لیا تفصیلات کے مطابق تھانہ سٹی پولیس کے ایس ایچ او چوہدری اللہ دتہ نے سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ویڈیو جس میں تین خواجہ سراء ڈھول کی تھاپ پر ڈانس کر رہے ہیں اور بغیر اجازت ساؤنڈ سسٹم کا استعمال کر رہے ہیں پولیس نے عدنان اکبر عرف بوبی ڈار کے خلاف مقدمہ درج کر لیا شہریوں نے تھانہ سٹی پولیس کے اس اقدام کو سراہا

چوری ڈکیتی کی مختلف وارداتوں میں متعدد شہری لٹ گئے

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) چوری ڈکیتی کی مختلف وارداتوں میں متعدد شہری لٹ گئے۔ گڑھا کلاں کا محمد اجمل اہل خانہ کے ہمراہ چھت پر سویا ہوا تھا کہ نامعلوم چور گھر میں داخل ہو کر 5.9 تولہ طلائی زیورات اور نقدی 80 ہزار روپے چوری کر کے لے گئے محلہ اسلام آباد میں محمد نوید کی کریانہ کی دوکان سے نامعلوم چور نقدی 30 ہزار روپے، ایل سی ڈی اور سامان کریانہ چوری کر کے لے گئے ستو کے پل پر دو نامعلوم ملزمان نے اسلحہ کے زور پر عامر اقبال سے نقدی 75 ہزار روپے اور موبائل فون چھین لیا اہل خانہ کی عدم موجودگی میں جاملکے چیمہ کے محمد شکیل کے گھر سے نامعلوم چور گھر کے تالے توڑ کر نقدی ایک لاکھ 10 ہزار روپے، طلائی ٹاپس اور موبائل فون چوری کر کے لے گئے پل نہر جاملکے چیمہ لاہور خاں سے دو نامعلوم ملزمان نے اسلحہ کے زور پر موٹر سائیکل 125 موبائل فون اور نقدی چھین لی

سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد نے امتحان میٹرک کلاس نہم (اول) سالانہ 2025ء کے نتائج کا اعلان کر دیا

نتائج کی سادہ و پروقار تقریب کمشنر و چیئرپرسن تعلیمی بورڈ فیصل آباد مریم خان کی زیر صدارت منعقد ہوئی

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد نے امتحان میٹرک کلاس نہم (اول) سالانہ 2025ء کے نتائج کا اعلان کر دیا۔ نتائج کی سادہ و پروقار تقریب کمشنر و چیئرپرسن تعلیمی بورڈ فیصل آباد مریم خان کی زیر صدارت منعقد ہوئی جس میں سیکرٹری بورڈ ڈاکٹر حبیب الرحمن اور کنٹرولر امتحانات ڈاکٹر محمد جعفر علی کے علاوہ دیگر متعلقہ افسران شریک ہوئے۔ حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق 10 بجے دن چیئرپرسن بورڈ نے لیپ ٹاپ پر بٹن دبا کر رزلٹ آن لائن کیا جس کے ساتھ ہی رزلٹ بورڈ کی ویب سائٹ www.bisefsd.edu.pk پر بھی اپ لوڈ ہو گیا۔ اس موقع پر کنٹرولر امتحانات ڈاکٹر محمد جعفر علی نے بتایا کہ امتحان میٹرک کلاس نہم (اول) سالانہ 2025ء میں کل 205182 طلباء و طالبات شریک ہوئے جن میں سے 105769 پاس ہوئے اور یوں کامیابی کا تناسب 55.51 فیصد رہا۔ انہوں نے بتایا کہ فیصل آباد، جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ اور چنیوٹ اضلاع کے طلباء و طالبات کیلئے الگ الگ 559 امتحانی مراکز قائم کئے گئے تھے تاکہ طلباء و طالبات کو پیپر دینے کیلئے دور دراز علاقوں کے سنٹروں میں نہ جانا پڑے بلکہ ان کے اداروں یا گھروں کے قریب ہی واقع امتحانی مراکز میں انہیں یہ سہولت میسر رہے۔ اس موقع پر کمشنر و چیئرپرسن تعلیمی بورڈ فیصل آباد مریم خان نے کہا کہ حکومت پنجاب کے احکامات کی روشنی میں بچوں کے بہترین مستقبل کو مدنظر رکھتے ہوئے پی بی سی سی کے وضع کردہ سخت ایس او پیز کے مطابق سنڈیکیٹ مارکنگ کے تحت نتائج انتہائی احتیاط، محنت اور بھرپور توجہ کے ساتھ مکمل کئے گئے ہیں تاکہ کسی بھی بچے کے ساتھ کوئی ظلم و زیادتی نہ ہو اور اسے اس کی محنت کا بھرپور ثمر ملے کیونکہ یہی بچے پاکستان کا شاندار مستقبل ہیں جو انشاء اللہ تعالیٰ کل کو وطن عزیز کی باگ ڈور سنبھالیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بورڈ انتظامیہ کو یقین ہے کہ نتائج الحمدللہ شفاف اور ہر قسم کی غلطیوں سے مبراء ہیں تاہم طلباء و طالبات کو ری چیکنگ کی سہولت بھی حاصل ہے ایسے بچے جو اپنے حاصل کردہ نمبروں سے متعلق غیر یقینی صورتحال کا شکار ہوں وہ رزلٹ آنے کے بعد 15 دن کے اندر ری چیکنگ کی درخواست دے کر اپنی جوابی کاپی خود چیک کر کے تسلی کر سکتے ہیں۔

منڈی صادق گنج کے سرکاری ہسپتال میں ایمبولینس کی سہولت موجود نہ ہونے کے باعث عوام کو شدید پریشانی کا سامنا ہے

منڈی صادق گنج (نمائندہ خصوصی) منڈی صادق گنج کے سرکاری ہسپتال میں ایمبولینس کی سہولت موجود نہ ہونے کے باعث عوام کو شدید پریشانی کا سامنا ہے۔ منڈی صادق گنج کو 84 دیہات لگتے ہیں اور کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں زخمیوں اور مریضوں کو ٹیکسی یا پرائیویٹ وین میں بہاولنگر لے جایا جاتا ہے جس سے مریضوں کی جان کو مزید خطرہ لاحق ہو جاتا ہے۔ اہل علاقہ کا کہنا ہے کہ بعض اوقات زخمی اور شدید بیمار مریض مناسب سہولت نہ ملنے کے باعث راستے میں ہی دم توڑ دیتے ہیں۔ شہریوں نے بتایا کہ بارہا شکایات کے باوجود ہسپتال کو ایمبولینس فراہم نہیں کی گئی۔ عوامی وسماجی حلقوں نے ڈپٹی کمشنر بہاولنگر اور انچارج ریسکیو 1122 سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر منڈی صادق گنج کو ریسکیو 1122 کی ایمبولینس فراہم کی جائے تاکہ ایمرجنسی کی صورت میں قیمتی انسانی جانیں بچائی جا سکیں۔ علاقہ مکینوں نے خبردار کیا ہے کہ اگر اس سنگین مسئلے کو فوری طور پر حل نہ کیا گیا تو وہ احتجاج کرنے پر مجبور ہوں گے اور اس کی تمام تر ذمہ داری ضلعی انتظامیہ اور ریسکیو 1122 حکام پر عائد ہو گی۔

"قوت" کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

شعبہ اشتہارات 042-3636003

سیلاب آیا تو جہاں تک ممکن ہوسکا وہاں تک گیا تھا، 2022 کے سیلاب میں بھی دلخراش واقعات دیکھے تھے۔انہوں نے کہا کہ وفاق نے 2022 کے سیلاب میں امدادی رقوم کیعلاوہ 100 ارب روپے دیے تھے، وفاق آج پھر صوبوں کے ساتھ مل کر موسمیاتی آفت کا مقابلہ کررہا ہے۔وزیراعظم نے کہا کہ سیلاب زدہ علاقوں میں امداد اور بحالی کے کاموں میں کوئی تفریق نہیں کی جائے، موجودہ موسمی حالات میں مل کر کام کرنا ہم سب کی ذمہ داری ہے۔وزیراعظم نےکہا کہ غیرقانونی ہوٹل بنانا اور اس کی اجازت دینا ناقابل معافی جرم ہے، تجاوزات کے خلاف سخت پالیسی اپنانا ہوگی، دنیا کے کسی قانون میں تجاوزات کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ متعلقہ اداروں کے مطابق بارشوں کے مزید 2 اسپیل آنے ہیں، متوقع بارشوں کے پیش نظر ہمیں اپنی تیاری کرنا ہوگی، ہم انسانی ذمہ داری پوری نہیں کریں گے تو اپنا ہی نقصان کریں گے۔وزیراعظم نے کہا کہ پاک افواج اور سول انتظامیہ کے ریسکیو آپریشنز کو سراہتے ہیں، فیلڈ مارشل کی سربراہی میں پاک فوج دن رات سیلاب زدگان کی مدد کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان ایک گھر ہے اس کو ہم سب نے مل کر سنوارنا ہے، قرضوں سےنجات کیلیے ہمیں اپنا پیسہ ٹھیک جگہ پر استعمال کرنا ہے، تجاوزات پیسے کے ضیاع کے مترادف ہیں، تحریک چلائیں کہ ندی نالوں کے ساتھ تعمیرات نہ ہوں۔وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ وفاق کیتمام وسائل متاثرہ عوام کیلیے بروئےکار لائیں گے، پاکستان موسمیاتی تبدیلی سے انتہائی متاثرہ 10 ممالک میں شامل ہے۔قبل ازیں وزیراعظم شہباز شریف نے سوات، بونیر، شانگلہ اور صوابی کے سیلاب متاثرہ علاقوں کا فضائی جائزہ لیا، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور وفاقی وزرا عطاء اللہ تارڑ، امیر مقام اور احسن اقبال بھی ان کے ہمراہ تھے۔وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کو خیبر پختونخوا میں جاری ریسکیو اور ریلیف آپریشنز پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔وزیراعظم نے اپنے دورےمیں، بونیر میں سیلاب زدگان سے ملاقات کی اور ان میں امدادی چیک بھی تقسیم کیے۔

بقیہ 1 بقیہ جات

کنارے لگے سینسرز کا بھی استعمال کیا جاتا ہے۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو ٹریفک کنٹرول روم میں ڈیٹا جمع کرنے، ٹرانسپورٹ پلاننگ اور انفرااسٹرکچر کے بارے میں بھی آگاہ کیا گیا۔وزیراعلیٰ مریم نواز نے اپنی قطار میں رہنے، اوور سپیڈنگ اور سگنل کی خلاف ورزی روکنے کیلیے نگرانی کے جدید نظام کا بھی مشاہدہ کیا۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو حادثات اور ہنگامی حالت میں ایمبولینس کی فراہمی اور پولیس کارروائی کے بارے میں بھی آگاہ کیا گیا۔ٹریفک کنٹرول سسٹم کے ذریعے ٹوکیو میں موسمی تبدیلی سے عوام کو آگاہ کرنے کے نظام کے بارے میں بھی بریفنگ دی گئی۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جاپان کے تجربات اور ٹیکنالوجی کو پنجاب میں ٹریفک اور شہری نظام کی بہتری کے لئے بروئے کار لائیں گے۔لاہور کو جدید ٹریفک مینجمنٹ سسٹم کے ذریعے پہلی سمارٹ سٹی بنایا جائے گا، سالانہ ترقیاتی پروگرام میں اس منصوبے کے لیے فنڈز بھی دے دیے ہیں۔لاہور سمیت پنجاب کے تمام بڑے شہروں کے ٹریفک نظام کو اے آئی سے جوڑا جارہا ہے۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لئے پنجاب میں 12 ہزار کلومیٹر سے زائد سڑکوں کی تعمیر و مرمت مکمل

بقیہ 5 بقیہ جات

بندی، 2018 کے تجدید شدہ امن معاہدے کی پاسداری، اور تمام فریقین کے درمیان دوبارہ مذاکرات کی بحالی پر زور دیا ہے۔عاصم افتخار نے کہا کہ جنوبی سوڈان میں سیاسی وسلامتی کا ماحول اُس وقت

ہے۔واشنگٹن پوسٹ کی رپورٹ کے مطابق ٹرمپ کا دوبارہ امریکی صدر منتخب ہونا پاکستان کیلیے چیلنج سمجھا جارہا تھا تاہم بدلتے عالمی حالات میں پاکستانی حکام نے وائٹ ہاؤس کے ساتھ قریبی تعلقات کو فروغ دیا۔امریکی روزنامے نے کہا کہ امریکا نیانسداد دہشتگردی کیخلاف پاکستانی اقدامات کی تعریف کی، اور پاکستان کی کامیاب سفارت کاری کی بدولت کالعدم تنظیم بی ایل کو عالمی دہشت گرد تنظیم قرار دیا۔واشنگٹن پوسٹ کے مطابق پاکستان نے امریکا کو کرپٹو کے

جن میں سے 29 لاشیں مل چکی ہیں تاہم تحصیل ٹوپی کے میئر رحیم جادون نے کہا کہ لاپتا افراد کی درست تعداد ابھی معلوم نہیں، البتہ یہ تصدیق ہوچکی ہے کہ بادل پھٹنے کے نتیجے میں 12 گھر تباہ ہوئے۔ریسکیو کے مطابق جاں بحق ہونے والوں میں مشہور نیزہ باز سعودی پلٹ نوجوان انور زیب اور ان کے خاندان کے 13 افراد بھی شامل ہیں۔متوفی انور زیب کی کل جمعرات کی فلائٹ سے سعودی عرب واپسی تھی، کلاؤڈ برسٹ میں انور زیب کی بیوی اور دو بچے بھی جاں بحق

تھا۔پولیس کا کہنا تھا کہ ہیرے کے چور ایک سال سے ڈکیتی کی منصوبہ بندی کررہے

بقیہ 21 بقیہ جات

کہا ہے کہ طاقت اس سے نہیں زیادہ ہے کہ آپ کتنے لوگوں کو اڑا سکتے ہیں۔کئی عشروں سے آسٹریلیا نے خود کو اسرائیل کا قریبی دوست قرار دیا ہے لیکن گذشتہ ہفتے کینبرا کے فلسطینی ریاست کو تسلیم کرنے کے اعلان کے بعد سے یہ تعلقات تیزی سے کشیدہ ہو گئے ہیں۔نیتن یاہو کی طرف سے لفظی جنگ میں تیزی سے اضافہ ہوا

کہ قوم پرستی کی سیاست ملک و قوم کے لیے زہر قاتل ہے۔قوم پرستوں نے روس اور امریکہ کے افغانستان پر حملوں کے دوران پشتونوں کی بجائے عالمی طاقتوں کا ساتھ دیا۔

بقیہ 26 بقیہ جات

نے یوکرین کے صدر ولادیمیر زیلنسکی اور یورپی رہنماؤں کو وائٹ ہاؤس میں مدعو کیا، یہ ملاقات تین روز قبل ولادیمیر پوٹن سے ان کی تاریخی ملاقات کے بعد ہوئی۔ٹرمپ نے دعویٰ کیا کہ پوٹن نے زیلنسکی سے

گا۔

پنجاب حکومت صوبہ بھر میں عوام کی سہولت کی خاطر نئے سرکاری ہسپتالوں کا جال بچھا رہی ہے: رفیق سلیمان

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف چاہتی ہیں کہ عوام کو صحت کی سہولیات میں کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے

اجلاس کے دوران نواز شریف میڈیکل ڈسٹرکٹ کے پراجیکٹ کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، سیکرٹری صحت عظمت محمود خان نے پراجیکٹ پر تازہ پیش رفت کی تفصیلات سے آگاہ کیا

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق اور سیکرٹری صحت عظمت محمود خان کی زیر صدارت محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں نواز شریف میڈیکل ڈسٹرکٹ کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سپیشل سیکرٹری ڈویلپمنٹ ذیشان شبیر رانا، سپیشل سیکرٹری آپریشنز طارق محمود رحمانی، وائس چانسلر کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر محمود ایاز، وائس چانسلر یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز پروفیسر احسن وحید راٹھور، چیف پلاننگ آفیسر عبدالحق بھٹی، پرنسپل علامہ اقبال میڈیکل کالج پروفیسر طیبہ وسیم، ایڈیشنل سیکرٹری امیر محمد، پروفیسر عنبرین انور، ڈاکٹر مریز، آئی ڈیپ کے افسران و دیگر (بقیہ نمبر 38)

حکومت کے کرنے کے کام جماعت اسلامی کی الخدمت فاؤنڈیشن کر رہی ہے: اظہر بلال

سیلاب متاثرین کی مدد کیلئے پوری قوم بڑھ چڑھ کر الخدمت فاؤنڈیشن کا ساتھ دے، الخدمت فاؤنڈیشن نے پہلے روز سے ہی امدادی سامان سیلاب متاثرین پہنچانا شروع کر دیا ہے

سیلاب متاثرہ علاقوں میں ریسکیو اور ریلیف آپریشن جاری ہے، اظہر بلال کی سیلاب متاثرین کی مدد کیلئے پوری قوم اور تمام سیاسی پارٹیوں کو ایک پرل کر کام کی اپیل

لاہور (خبر نگار) قائمقام امیر جماعت اسلامی لاہور اظہر بلال نے کہا ہے کہ سیلاب متاثرین کی مدد کیلئے پوری قوم بڑھ چڑھ کر الخدمت فاؤنڈیشن کا ساتھ دے۔ حکومت کے کرنے کے کام جماعت اسلامی کی الخدمت فاؤنڈیشن کر رہی ہے۔ بونیر، اپر دیر، باجوڑ، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان سمیت کئی شدید متاثرہ علاقوں میں الخدمت کے رضا کار دن رات خدمتِ خلق کے جذبے کے ساتھ سرگرم ہیں۔ اظہر بلال نے مزید کہا کہ یہ وقت سیاست کا نہیں بلکہ خدمتِ خلق کا ہے۔ پوری قوم اور تمام سیاسی جماعتوں کو ایک ہو کر متاثرہ بھائی بہنوں کی مدد کے لیے آگے بڑھنا چاہیے۔ جماعت اسلامی (بقیہ نمبر 41)

لاہور: قائم مقام امیر جماعت اسلامی لاہور اظہر بلال ذمہ داران کے اجلاس میں اپنی امارت کا حلف اٹھاتے ہوئے

صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ کا بونیر کے متاثرہ علاقوں کا دورہ

پاک فوج اور دیگر ریسکیو ادارے دن رات ریلیف سرگرمیوں میں مصروف ہیں

پنجاب حکومت اپنے بھائیوں کے دکھ درد میں برابر کی شریک ہے، صوبائی وزیر

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر برائے اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ نے بونیر کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا اور متاثرہ خاندانوں کے دکھ درد میں شریک ہوئے۔ انہوں نے متاثرین سے ملاقات کی، ان کے مسائل اور شکایات سنیں اور پنجاب حکومت کی جانب سے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی ... (بقیہ نمبر 42)

وزیر اقلیتی امور پنجاب رمیش سنگھ اروڑہ، بونیر میں سیلاب سے متاثرہ خاندانوں سے اظہار یکجہتی کر رہے ہیں

گورنمنٹ بوائز انٹر کالج ملوٹ باغ آزاد کشمیر کا اعزاز

متاثرین منگلا ڈیم کو آزاد کشمیر اسمبلی میں علیحدہ نشست دی جائے، محمد طاہر کھوکھر کا حکومت سے مطالبہ

وزیر اعلیٰ کے احکامات کے باوجود کمرشل مارکیٹوں کی تجاوزات برقرار

شہر کی اہم مارکیٹوں میں تجاوزات، پیدل چلنے کی جگہ محدود ہو گئی، ٹریفک متاثر، شہری پریشان

لاہور: مزدور روزگار کمانے کے لئے اڈے پر بیٹھے گاہکوں کا انتظار کر رہے ہیں

بھارت کی جانب سے پانی چھوڑنے پر دریائے ستلج میں سیلابی صورتحال

ہیڈ سلیمانکی، ہیڈ اسلام پر پانی کی سطح بلند، بہاولپور میں بند ٹوٹ گیا، 60 بستیاں زیر آب

انتظامیہ نے متاثرہ علاقوں کے مکینوں کو فوری طور پر نقل مکانی کی ہدایت کر دی، رپورٹ

لاہور (زیڈ این این) بھارت کی جانب سے دریائے ستلج میں پانی چھوڑے جانے کے بعد پانی کی سطح میں اضافہ ہو گیا ہے جس کے باعث سیلابی صورتحال کا سامنا ہے۔ ہیڈ سلیمانکی اور ہیڈ اسلام پر بھی پانی کی سطح بلند ہو گئی ہے۔ بہاولپور میں ڈیرہ بکھا کے قریب زمیندارہ بند ٹوٹنے سے ہزاروں ایکڑ پر کھڑی تیار فصلیں زیر آب آ گئیں، جب کہ ایمپریس برج پر بھی دباؤ بڑھ گیا ہے۔ قصور کے گنڈا سنگھ والا سے ملحقہ دیہات میں پانی داخل ہونے سے فصلیں متاثر ہوئیں، جبکہ پاکپتن اور عارف والا میں احتیاطی اقدامات کیے گئے ہیں۔ دریائے سندھ میں تونسہ کے مقام پر اونچے درجے کا سیلاب ہے جس کے نتیجے میں تونسہ کی 60 سے زائد بستیاں زیر آب آ گئی ہیں۔ تونسہ، دراہمہ اور غازی گھاٹ کے کچے علاقوں میں بھی پانی داخل ہو گیا ہے۔ انتظامیہ نے متاثرہ علاقوں کے مکینوں کو فوری طور پر نقل مکانی کی ہدایت دی ہے۔ انتظامیہ نے متاثرہ علاقوں کے مکینوں کو فوری طور پر نقل مکانی کی ہدایت کر دی۔

وادی نیلم کی مرکزی شاہراہ کو اب موت کی سڑک پکارا جا رہا ہے، راجہ سجاد احمد خان ایڈووکیٹ

مظفرآباد (این این آئی) وادی نیلم ویلی کے علاقے شنڈاس میں سیاحوں کی گاڑی کو حادثہ 5 افراد جاں بحق جبکہ کمسن بچی شدید زخمی راجہ سجاد احمد خان ایڈووکیٹ کا گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار، راجہ سجاد احمد خان ایڈووکیٹ نے حکومت آزاد کشمیر سے بھرپور مطالبہ کیا ہے کہ وہ وادی نیلم ویلی کی سڑکات کی حالت بہتر کریں سڑکوں کے سائیڈوں پر حفاظتی دیواریں اور مضبوط جنگلے لگائیں جائیں تاکہ حادثات سے بچا سکے۔ انھوں نے مزید کہا کہ وادی نیلم کی مرکزی شاہراہ کو اب موت کی سڑک پکارا جا رہا ہے

وفاقی وزیر ریلوے کا ابصار عالم کی والدہ کے انتقال پر اظہارِ افسوس

لاہور (زیڈ این این) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے ابصار عالم کی والدہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیر ریلوے نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی رحمت کے سائے میں جگہ عطا فرمائے اور لواحقین کو یہ صدمہ صبر و حوصلے سے برداشت کرنے کی توفیق دے۔ محمد حنیف عباسی نے اہل خانہ کے ساتھ دلی ہمدردی اور یکجہتی کا بھی اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہم ابصار عالم صاحب اور ان کے اہل خانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ وزیر ریلوے نے مرحومہ کی مغفرت، درجات کی بلندی اور پسماندگان کے لیے صبر و سکون کی دعا بھی کی۔

لاہور پرنسل جنرل ہسپتال پروفیسر ڈاکٹر فاروق افضل مریضوں کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی بارے ڈاکٹرز کو ہدایات دے رہے ہیں

آل جموں و کشمیر مسلم کانفرنس کے زیر اہتمام یوم نیلہ بٹ کی تیاریاں عروج پر پہنچ گئیں

مظفر آباد و پلندری (این این آئی) آل جموں و کشمیر مسلم کانفرنس کے زیر اہتمام یوم نیلہ بٹ کی تیاریاں عروج پر۔ آزاد کشمیر کے تمام اضلاع میں تیاریوں کو حتمی شکل دی جا رہی ہے۔ گذشتہ روز ضلع سدھنوتی کا اجلاس، ڈویژنل سینئر نائب صدر سردار شبیر عباسی ایڈووکیٹ نے صدارت کی۔ اجلاس میں 23 اگست کو ''یوم نیلہ بٹ'' کے پروگرام میں بھرپور شرکت کا فیصلہ، حلقہ پلندری اور بلوچ سے قافلے ترتیب دے دیے گئے۔

پنجاب حکومت کی گندم خریداری کے قرض میں غیر معمولی اضافہ

مالی سال 2022-23 میں قرض 78 فیصد سے زائد بڑھ گیا، آڈٹ رپورٹ

لاہور (زیڈ این این) پنجاب حکومت کی جانب سے گندم خریداری کے لیے لیے گئے قرض میں غیر معمولی اضافہ مالی بدانتظامی اور ناقص پالیسیوں کا نتیجہ نکلا ہے۔ آڈٹ رپورٹ 2024-25 کے مطابق مالی سال 2022-23 میں محکمہ خوراک نے گزشتہ سال کے مقابلے میں 78.3 فیصد زیادہ قرض حاصل کیا۔ مالی سال 2021-22 میں گندم کی امدادی قیمت 2200 روپے فی من مقرر تھی، جبکہ 2022-23 میں اسے اچانک 3900 روپے فی من تک بڑھا دیا گیا، جس سے حکومتی خزانے پر ناقابل برداشت بوجھ پڑا۔ محکمہ خوراک نے 2021-22 میں 245 ارب روپے کا قرض لیا تھا جو اگلے سال 437 ارب روپے تک پہنچ گیا۔ آڈٹ رپورٹ کے مطابق یہ قرض کسی واضح اور پائیدار ادائیگی کے پلان کے بغیر لیا گیا، جس سے نہ صرف مالی دباؤ بڑھا

باغ، چوکی پولیس گجر کوہالہ باغ کی کارروائی، اشتہاری ملزم گرفتار

باغ (این این آئی) چوکی پولیس گجر کوہالہ باغ کی کارروائی، اشتہاری ملزم گرفتار ، ایس ایس پی باغ چوہدری محمد امین کی ہدایت پر باغ پولیس کا انٹری پوائنٹس اور تمام چیک پوسٹس پر سخت چیکنگ کا سلسلہ جاری، دورانِ چیکنگ انچارج انٹری پوائنٹ گجر کوہالہ محمد خلیق ASI نے ہمراہ نفری راولپنڈی سے رینٹ کی گاڑی لے کر آگے بیچنے کے مقدمے میں مطلوب اشتہاری ملزم حسنین شاہ کو گرفتار کر لیا۔

لیسکو کا اربوں روپے مالیت کے اے ایم آئی میٹر خریدنے کا فیصلہ

بجلی چوری اور اوور بلنگ کی روک تھام کیلئے تین لاکھ پینتالیس ہزار سمارٹ میٹرز خریدے جائیں گے

لاہور (زیڈ این این) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی (لیسکو) نے اربوں روپے کی لاگت سے اے ایم آئی سنگل فیز سمارٹ میٹرز خریدنے کا حتمی فیصلہ کر لیا ہے۔ اس سلسلے میں کمپنی نے تین لاکھ پینتالیس ہزار سنگل فیز سمارٹ میٹر خریدنے کا عمل شروع کر دیا ہے، جس پر لیسکو کو تین سے چار ارب روپے کے اخراجات برداشت کرنا ہوں گے۔ ذرائع کے مطابق اے ایم آئی سمارٹ میٹر کی قیمت عام سنگل فیز میٹر کے مقابلے میں دوگنا ہوگی جبکہ ان میٹرز کے استعمال کے بعد ڈیمانڈ نوٹس کی قیمت میں بھی اضافہ متوقع ہے۔

لاہور: ڈیفنس ٹاؤن میں گھریلو جھگڑے پر لڑکی نے خودکشی کر لی

لاہور (زیڈ این این) لاہور کے علاقے ڈیفنس ٹاؤن میں گھریلو جھگڑے کے بعد 22 سالہ لڑکی نے مبینہ طور پر زہریلی گولیاں کھا کر اپنی زندگی کا خاتمہ کر لیا۔ ترجمان پولیس کے مطابق لڑکی کو تشویشناک حالت میں فوری ہسپتال منتقل کیا گیا، تاہم وہ دوران علاج جانبر نہ ہو سکی اور دم توڑ گئی۔

نارووال ظفروال کے بانچی قبرستان میں کئی دن سے بارش کا پانی جمع ہے

لاہور میں پھل اور سبزیوں کی قیمتوں میں اضافہ، شہری پریشان

قیمتوں میں اتار چڑھاؤ کے حوالے سے مارکیٹ میں باقاعدہ نگرانی جاری ہے، حکام

لاہور (زیڈ این این) شہر میں پھل اور سبزیوں کے تازہ ریٹس جاری کر دیے گئے ہیں۔ تازہ ترین اعداد و شمار کے مطابق کھجور کی قیمت 190 سے 270 روپے، امرود 75 روپے، پپیتا 220 روپے اور انگور 155 روپے فی کلو ہے۔ اسی طرح چیکو 160 روپے، کیلا 110 روپے اور سیب کالا کلو پہاڑی 245 روپے میں دستیاب ہے۔ سبزیوں میں سب سے مہنگی شملہ مرچ 335 روپے میں فروخت ہو رہی ہے

پاکستان اور جاپان کا تجارت اور سرمایہ کاری میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور جاپان کے سینئر اسٹیٹ منسٹر کی ٹوکیو ملاقات میں اہم فیصلے

ٹوکیو، لاہور (زیڈ این این) پاکستان اور جاپان نے تجارت، سرمایہ کاری اور دیگر شعبوں میں باہمی تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا ہے۔ یہ فیصلہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور جاپان کی وزارت خارجہ کے سینئر اسٹیٹ منسٹر مایا جی ٹاکوما کے درمیان ٹوکیو میں جاپانی دفتر خارجہ میں ہونے والی ملاقات میں کیا گیا۔



سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری، دربار حضرت میاں شیر محمد شرقپوری کی ترقیاتی سکیم کا جائزہ لے رہے ہیں

کراچی، 550 فیڈر پر بجلی کی فراہمی معطل، شہری بلبلا اُٹھے

بارش رکے ہوئے کئی گھنٹے ہو گئے تاہم عملہ فالٹ دور کرنے نہیں پہنچا۔ شہر میں انٹرنیٹ اور موبائل فون سروس بھی متاثر

کراچی (این این آئی) کراچی کے 550 فیڈر پر بجلی کی فراہمی معطل، کئی علاقوں میں 16 گھنٹے سے بجلی بند ہونے کے سبب شہری گرمی اور حبس سے بلبلا اٹھے۔ ترجمان کے الیکٹرک کا کہنا ہے کہ موسلا دھار بارش کے باعث شہر میں شاہراہیں زیر آب ہیں۔ کے ای حکام کا کہنا ہے کہ شہر میں ایندھن کی سپلائی بند ہونے سے بھی کے الیکٹرک کی گاڑیوں کی آمدورفت متاثر ہو رہی ہے۔ دوسری جانب علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ بارش رکے ہوئے کئی گھنٹے ہو گئے تاہم عملہ فالٹ دور کرنے نہیں پہنچا۔ شہر میں انٹرنیٹ اور موبائل فون سروس بھی متاثر ہے۔ بارش رکے ہوئے کئی گھنٹے ہو گئے تاہم عملہ فالٹ دور کرنے نہیں پہنچا۔

لاہور: وزیر ہاؤسنگ پنجاب بلال یاسین کو ڈی جی پی ایچ اے اور ایم ڈی واسا ہڈیارہ ڈرین پر واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹس کی تنصیب اور اطراف میں شجرکاری بارے بریفنگ دے رہے ہیں

وزارت صحت کے فیصلے براہ راست انسانی زندگیوں پر اثر انداز ہوتے ہیں، وفاقی وزیر صحت

تمام جاری منصوبوں کو ترجیحی بنیادوں پر اور مقررہ وقت میں مکمل کیا جائے گا، سید مصطفیٰ کمال کا اظہار خیال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ وزارت صحت کے فیصلے براہ راست انسانی زندگیوں پر اثر انداز ہوتے ہیں لہٰذا تمام جاری منصوبوں کو ترجیحی بنیادوں پر اور مقررہ وقت میں مکمل کیا جائے گا، پاکستان جو دنیا کا پانچواں سب سے زیادہ آبادی والا ملک (بقیہ نمبر 37)

اورنگزیب کھچی کی چیئرپرسن قائمہ کمیٹی سیدہ نوشین افتخار سے ملاقات

ملاقات میں ثقافتی ورثے کے تحفظ اور فروغ کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ و ثقافت اورنگزیب خان کھچی نے چیئرپرسن قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے قومی ورثہ و ثقافت سیدہ نوشین افتخار سے ملاقات کی جس میں ثقافتی ورثے کے تحفظ اور فروغ کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر نے سیدہ نوشین (بقیہ نمبر 36)

کراچی، 14 گھنٹے بعد بھی ریڈ زون سے پانی نہ نکالا جا سکا

کراچی (این این آئی) بارش کے بعد رات گزر گئی لیکن 14 گھنٹے بعد بھی کراچی کے ریڈ زون میں پانی موجود ہے۔ کراچی میں ایوان صدر اور ضیاء الدین احمد روڈ سے پانی نہ نکالا جا سکا۔ ڈاکٹر ضیاء الدین احمد روڈ کا ایک ٹریک کل سے ٹریفک کے لیے بند ہے۔ ضیاء الدین احمد روڈ اور ایوان صدر سے پانی نکالنے کی کوشش بھی نہیں کی گئی، شاہین کمپلیکس سے آرٹس کونسل کے ایم آر کیانی روڈ پر بھی برساتی پانی موجود ہے۔ رپورٹس کے مطابق بارش کے بعد موٹر سائیکل سوار آج بھی اس پانی سے گزرنے پر مجبور ہیں۔

اسلام میں ریاست کا تحفظ جہاد فی سبیل اللہ کے مترادف ہے، مفتی عبدالرحیم

راولپنڈی (این این آئی) آئی ایس پی آر سمر انٹرن شپ 2025ء کے طلبہ نے چانسلر الغزالی یونیورسٹی مفتی عبد الرحیم کے ساتھ خصوصی نشست کی۔ اس موقع پر مفتی عبدالرحیم نے قرآن و سنت کی روشنی میں ریاست کے تحفظ کے پیغام کو اجاگر کیا اور کہا کہ اسلام میں ریاست کا تحفظ جہاد فی سبیل اللہ کے مترادف ہے۔ کہ بلوچستان میں انتشار پھیلانے والوں کے خلاف ہماری نوجوان نسل متحد ہے۔ بلوچستان کبھی پاکستان سے الگ نہیں ہو سکتا۔ پاک افواج عوام میں سے ہیں اور عوام پاک افواج سے ہیں۔

لاہور محنت کش ہتھ ریڑھی پر سامان رکھ کر لے جا رہا ہے

پی سی بی کا سکولز کیلئے ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام شروع کرنے کا اعلان

ملک بھر کے 400 سے زائد سکولز میں ٹرائلز کے ذریعے نوجوان کھلاڑی منتخب کیے جائیں گے

لاہور (زیڈ این این) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے اسکولز کے لیے نیا ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام شروع کرنے کا اعلان کیا ہے، جس کا مقصد ملک بھر سے ابھرتے ہوئے نوجوان کھلاڑیوں کو سامنے لانا ہے۔ پروگرام میں ملک بھر سے 400 سے زائد سکول حصہ لیں گے۔ پہلے مرحلے میں تمام سکولز میں ٹرائلز کے ذریعے ٹیمیں منتخب ہوں گی۔ پی سی بی کے 60 سے زائد کوچز تمام منتخب شدہ سکولز میں ٹرائلز لیں گے۔ ستمبر کے تیسرے ہفتے میں 400 سے زائد سکولز کا 40 اوورز کا ٹورنامنٹ شروع ہوگا، جس کی بہترین 100 ٹیمیں ویکنڈ سکولز لیگ میں شرکت کریں گی۔ ویکنڈ سکولز لیگ دو روزہ میچز پر مشتمل ہوگی



لاہور: ایک شخص نے دہلی دروازے کے سامنے راستہ بند کرنے کے لئے رکھے گئے بلاکس پر اپنی دوکان سجا رکھی ہے

اینٹی کرپشن عدالت میں فرد جرم عائد نہ ہو سکی، پرویز الٰہی بیماری کے باعث غیر حاضر رہے

لاہور (زیڈ این این) سابق وزیر اعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی اور دیگر کے خلاف پنجاب اسمبلی میں میرٹ سے ہٹ کر بھرتیوں کے مقدمے کی سماعت اینٹی کرپشن کورٹ لاہور میں ہوئی، جسے 10 ستمبر تک ملتوی کر دیا گیا۔ مقدمے کی سماعت اینٹی کرپشن کورٹ کے جج جاوید اقبال وڑائچ نے کی۔ دوران سماعت پرویز الٰہی کے پیش نہ ہونے کے باعث فرد جرم عائد نہ ہو سکی۔

کراچی، اورنگی ٹاؤن مومن آباد میں 3 منزلہ عمارت گر گئی، کئی افراد ملبے تلے دب گئے

جولائی کے مہینے میں لیاری میں بھی 5 منزلہ خستہ حال عمارت گر گئی تھی، 10 افراد جاں بحق ہوئے تھے

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے اورنگی ٹاؤن مومن آباد میں 3 منزلہ عمارت گر گئی، ابتدائی اطلاعات کے مطابق عمارت کے ملبے سے 4 افراد کو زخمی حالت میں نکال لیا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق کراچی کے علاقے اورنگی ٹاؤن مومن آباد میں افسوسناک واقعہ پیش آیا ہے

بیرسٹر دانیال چوہدری کی برطانوی ہائی کمشنر سے ملاقات

ملاقات میں جمہوری اداروں کے استحکام، سمندر پار پاکستانیوں کی سہولت پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزارتِ اطلاعات و نشریات کے پارلیمانی سیکرٹری بیرسٹر دانیال چوہدری نے پاکستان میں برطانیہ کی ہائی کمشنر مس جین میریٹ سے ملاقات کی، جس میں جمہوری اداروں کے استحکام، سمندر پار پاکستانیوں کی سہولت اور دو طرفہ تعاون کو فروغ دینے پر تفصیلی گفتگو ہوئی (بقیہ نمبر 34)

پنجاب کے تعلیمی بورڈز نے نویں جماعت کے امتحانی نتائج کا اعلان

لاہور (زیڈ این این) پنجاب کے تمام تعلیمی بورڈز نے نویں جماعت کے سالانہ امتحانات کے نتائج کا باضابطہ اعلان کر دیا ہے۔ جاری کردہ نتائج کے مطابق امتحانات میں کامیابی کا مجموعی تناسب 45 فیصد رہا۔ اعداد و شمار کے مطابق 3 لاکھ 80 ہزار امیدواروں نے امتحان میں شرکت کی، جن میں سے ایک لاکھ 38 ہزار امیدوار کامیاب جبکہ ایک لاکھ 69 ہزار امیدوار فیل ہوگئے۔ نتائج کا اعلان لاہور بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے سیکرٹری رضوان نذیر اور کنٹرولر امتحانات توصیف الرحمان نے کیا۔

لاہور: اسلامی جمعیت طلبہ کے زیر اہتمام پریس کلب کے سامنے مظاہرہ کیا جا رہا ہے

ربیع الاوّل کے چاند کی رویت کیلئے کمیٹی کا اجلاس 24 اگست کو ہوگا

اجلاس کی صدارت چیئرمین مولانا عبدالخبیر آزاد کریں گے، لائیو کوریج کے انتظامات مکمل

لاہور (زیڈ این این) ربیع الاوّل 1447 ہجری کے چاند کی رویت کے لیے مرکزی رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس 24 اگست بروز اتوار (29 صفر) شام 6 بج کر 30 منٹ پر وزارتِ مذہبی امور کے کوہسار بلاک کی چھت پر منعقد ہوگا۔ اجلاس کی صدارت کمیٹی کے چیئرمین مولانا سید محمد عبدالخبیر آزاد کریں گے۔ ذرائع کے مطابق مرکزی اجلاس کے ساتھ ساتھ زونل اور ضلعی رویت ہلال کمیٹیوں کے اجلاس بھی اپنے اپنے مقامات پر بیک وقت منعقد ہوں گے، جہاں سے موصول ہونے والی شہادتوں کی روشنی میں ماہ ربیع الاوّل کا اعلان کیا جائے گا۔ مزید بتایا گیا ہے کہ اجلاس کی کارروائی کی لائیو کوریج کے بھی خصوصی انتظامات کیے جا رہے ہیں تاکہ عوام تک بروقت معلومات پہنچائی جا سکیں۔

یوٹیوبر سعد الرحمن المعروف ڈکی بھائی کے جسمانی ریمانڈ میں چار دن کی توسیع

لاہور (زیڈ این این) سوشل میڈیا پر جوئے کی ترغیب دینے اور فحش مواد اپ لوڈ کرنے کے الزام میں گرفتار یوٹیوبر سعد الرحمن المعروف ڈکی بھائی کے جسمانی ریمانڈ میں چار دن کی توسیع کر دی گئی ہے۔ لاہور کی مقامی عدالت نے 19 اگست کو ڈکی بھائی کا سوشل میڈیا پر جوئے کی ایپلیکیشنز کے مبینہ فروغ کے مقدمے میں جسمانی ریمانڈ بڑھانے کا فیصلہ کیا۔ ملزم کو دو روزہ جسمانی ریمانڈ کی تکمیل کے بعد عدالت میں پیش کیا گیا تھا

آئین پر عملدرآمد نہیں ہو رہا، ہر ڈویژن کو صوبہ بنانا چاہیے: میاں عامر محمود

صوبے مل کر ملک بناتے ہیں اور لوکل گورنمنٹ ضروری ہے، چیئرمین پنجاب گروپ کا خطاب

لاہور (زیڈ این این) چیئرمین پنجاب گروپ میاں عامر محمود نے کہا ہے کہ آئین پر مکمل عملدرآمد نہیں ہو رہا اور ملک کے تمام صوبے مل کر پاکستان کی بنیاد بناتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہر ڈویژن کو صوبہ بنانے کا حق ہونا چاہئے تاکہ عوامی مسائل کا بہتر حل ممکن ہو۔ پاکستان کی نجی یونیورسٹیز کی نمائندہ تنظیم ''اپ سپ'' کے زیر اہتمام سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے میاں عامر محمود نے تمام حاضرین کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ ایجوکیشن فیلڈ میں شروع کی گئی موومنٹ میں چودھری عبدالرحمان کا کلیدی کردار رہا ہے۔ چیئرمین پنجاب گروپ نے مزید کہا کہ پاکستان ایک فیڈریشن ہے جس کے چار یونٹس ہیں اور صوبے مل کر فیڈریشن بناتے ہیں۔ دنیا میں کئی فیڈریشنز ہیں، امریکا بھی ایک فیڈریشن ہے، اور بھارت کے آزادی کے وقت صوبے اور ریاستیں موجود تھیں۔

وزیر اعلیٰ سندھ کا مون سون بارشوں کے دوران متعلقہ اداروں کو ہائی الرٹ رہنے کا حکم

اربن فلڈ سے بچاؤ کیلئے نالوں اور ڈرینج سسٹم کی سخت نگرانی، بارش کے پانی کے فوری اخراج کے لیے مشینری اور عملہ متحرک رکھا جائے

شدید بارشوں کے دوران عوام غیر ضروری سفر کرنے سے گریز کرے، ضلعی انتظامیہ، پولیس اور بلدیاتی ادارے کوآرڈینیشن میں رہیں

کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے مون سون بارشوں کے دوران متعلقہ اداروں کو ہائی الرٹ رہنے کا حکم دیا ہے، وزیر اعلیٰ سندھ نے شدید بارشوں کے پیش نظر ریسکیو اور انتظامیہ کو متحرک رہنے کی ہدایت کی ہے۔ مراد علی شاہ نے کہا کہ اربن فلڈ سے بچاؤ کے لیے نالوں اور ڈرینج سسٹم کی سخت نگرانی کی جائے، بارش کے پانی کے فوری اخراج کے لیے مشینری اور عملہ متحرک رکھا جائے۔ وزیر اعلیٰ سندھ نے ہدایت کی کہ شدید (بقیہ نمبر 39)

لاہور: ای چالانز کی ادائیگی اور تصحیح کیلئے نیا نظام متعارف

سیف سٹیز نے ای میل سسٹم ختم کر کے وٹس ایپ کے ذریعے سہولت فراہم کر دی، حکام

شہری ویب سائٹ اور وٹس ایپ لنک سے چالان ادا، ریویو کی درخواست بھی بھیج سکیں گے

لاہور (زیڈ این این) ای چالانز کی ادائیگی اور تصحیح کے لیے نظام میں نمایاں آسانی کر دی گئی ہے۔ شہری اب اپنے چالانز کی تعداد اور تصاویر براہ راست موبائل فون پر دیکھ سکیں گے۔ سیف سٹیز (بقیہ نمبر 35)

این اے 129 میں مسلم لیگ ن دھڑے بندی کا شکار

نواز شریف نے نوٹس لے کر راشد نصر اللہ کو تمام دھڑوں کو متحد کرنے کا ٹاسک دیا

لاہور (زیڈ این این) این اے 129 کے ضمنی الیکشن کے معاملے پر مسلم لیگ (ن) شدید دھڑے بندی کا شکار ہو گئی ہے جس کا نوٹس پارٹی سربراہ نواز شریف نے لے لیا ہے۔ پارٹی ذرائع کے مطابق نواز شریف نے دھڑے بندیوں پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے راشد نصر اللہ کو تمام سیاسی دھڑوں کو متحد کرنے کا ٹاسک دے دیا ہے۔ اہم پارٹی رہنما کے مطابق دھڑے بندی ضمنی الیکشن کے نتائج پر گہرا اثر ڈال سکتی ہے۔

لاہور: بانساں والا بازار میں محنت کش بانس کاٹ رہا ہے

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔

آفس نمبر 2 یاسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

الخدمت فاؤنڈیشن کے رضا کار سیلاب متاثرہ گھروں کا ملبہ ہٹا کر متاثرین کو نکال رہے ہیں